★★★پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام★★★

ABC CERTIFIED
DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلدنمبر 15 جمعۃ المبارک 20 رمضان المبارک 1446ھ، 21 مارچ 2025ء، 7 چیت 2081 بِ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) شمارہ نمبر 144

سوشل میڈیا پر منفی پروپیگنڈا مہم پی ٹی آئی کے ملوث ہونے کے ہوشربا انکشافات

پی ٹی آئی کے افراد سے دوران تفتیش جے آئی ٹی نے اشتعال انگیز مواد جمع کیا ہے، یہ مواد پی ٹی آئی قیادت کی ریاست مخالف سرگرمیوں اور پروپیگنڈے کا ثبوت ہے: جے آئی ٹی کا دعوی

ریاست مخالف سرگرمیوں میں پی ٹی آئی قیادت کے قریبی رشتے دار بھی ملوث پائے گئے ہیں، جے آئی ٹی فورم فعال طور پر مجرموں کے خلاف قانونی اور انتظامی کارروائیوں کی سفارش کررہی ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سوشل میڈیا پر منفی پروپیگنڈا مہم میں پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے ملوث ہونے کے ہوشربا انکشافات سامنے آگئے۔ جے آئی ٹی ذرائع نے کہا کہ سوشل میڈیا پر منفی پروپیگنڈا کے حوالے سے پی ٹی آئی کے ملوث ہونے کے شواہد سامنے آئے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی کے افراد سے دوران تفتیش جے آئی ٹی نے اشتعال انگیز مواد جمع کیا ہے، یہ مواد پی ٹی آئی قیادت کی ریاست مخالف سرگرمیوں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر1)

لاہور، وزیراطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری پریس کانفرنس کررہی ہیں

وزیراعظم کا پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے تاریخ میں پہلی بار ایک لاکھ 19 ہزار پوائنٹس کی حدعبور کرنے پر اظہاراطمینان

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے تاریخ میں پہلی بار ایک لاکھ 19 ہزار پوائنٹس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر7)

کے پی کے پولیس کے بہادر سپوتوں پر فخر ہے، وزیرداخلہ

خوارجی دہشتگردوں کی سرکوبی کے لئے خیبر پختونخوا پولیس کا کردار قابل ستائش ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی نے کنگر پل پولیس چوکی، بنوں پر خوارجی دہشتگردوں کا حملہ ناکام بنانے پر خیبر پختونخوا پولیس کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ اپنے بیان میں وزیرداخلہ نے کہا کہ کے پی کے پولیس نے دلیری کیساتھ خوارجی دہشتگردوں کا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8)

ملک میں کوئی نیا آپریشن ہونے نہیں جارہا، وزیرمملکت برائے داخلہ

علی امین نے کہا کہ اے این پی اور پیپلز پارٹی ان سے (طالبان) سے لڑتے لڑتے ختم ہوگئے، ہم ختم نہیں ہونا چاہتے، نئے آپریشن کا شوشہ چھوڑا گیا: طلال چوہدری

ملک میں دہشتگردی پھر زور پکڑ رہی ہے، نیشنل سیکورٹی کمیٹی میٹنگ میں ان پارٹیوں نے شرکت نہیں کی جو دہشتگردوں کے بارے میں نرم گوشہ رکھتی ہیں

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیرمملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے اپنے وزرا سے بات کرتے ہوا کہا کہ اے این پی اور پیپلز پارٹی ان سے (طالبان) سے لڑتے لڑتے ختم ہوگئے، ہم ختم نہیں ہونا چاہتے، واضح کیا کہ کوئی نیا آپریشن ہونے ہی نہیں جارہا، نئے آپریشن کا شوشہ چھوڑا گیا۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس سے خطاب (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

تحریک فساد کے ’’وائٹ پیپر‘‘ کی کوئی حیثیت نہیں، عظمیٰ بخاری

وزیراعلیٰ پنجاب کے کام نظر آتے ہیں، احمد خان بھچر کو وزیراعلیٰ پنجاب سے اتنا ہی مناظرے کا شوق ہے تو وہ پہلے مجھ سے مناظرہ کریں، وزیراطلاعات پنجاب

حالیہ سروے کے مطابق 70 فیصد لوگ مریم نواز کی کارکردگی سے مطمئن ہیں سندھ، خیبر پختونخواہ کے عوام کی خواہش ہے کہ انہیں بھی مریم نواز جیسی وزیراعلیٰ نصیب ہو

لاہور (سمیعہ فیاض) وزیراطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ تحریک فساد کے ’’وائٹ پیپر‘‘ کی کوئی حیثیت نہیں، جھوٹے الزامات لگا کر عوام کو گمراہ کرنے کی کوشش ہے۔ احمد خان بھچر کو وزیراعلیٰ پنجاب سے اتنا ہی مناظرے کا شوق ہے تو وہ پہلے مجھ سے مناظرہ کرے۔ وزیراعلیٰ پنجاب کے کام نظر آتے ہیں، حالیہ سروے کے مطابق 70 فیصد لوگ مریم نواز کی کارکردگی سے مطمئن (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)

دہشتگردی: افغان سرزمین کا استعمال تعلقات میں بڑی رکاوٹ، وزیر خارجہ

پاکستان بھارت سے تمام تصفیہ طلب مسائل کے حل کے لیے مذاکرات کر رہا ہے، بھارت پر زور دے رہے ہیں کہ وہ امن اور بات چیت آگے بڑھانے کے لیے سازگار ماحول پیدا کرے

ٹی ٹی پی کا افغان سرزمین کا استعمال ہمارے باہمی تعلقات میں بڑی رکاوٹ بن گیا ہے، دہشت گردی کے مسئلے کو حل کرنے کی ہماری تمام کوششوں کا اب تک افغانستان سے کوئی نتیجہ خیز جواب نہیں ملا، نائب وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ دہشت گرد گروپوں خصوصاً ٹی ٹی پی کا افغان سرزمین کا استعمال ہمارے باہمی تعلقات میں بڑی رکاوٹ بن گیا ہے۔ اسحاق ڈار نے قومی اسمبلی اجلاس میں تحریری جواب جمع کروا دیا جس میں کہا گیا کہ پاکستان بھارت سے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر3)

اسپیکر قومی اسمبلی سے امریکہ کی طلباء ایسوسی ایشن کے وفد کی ملاقات

افغانستان دہشت گردوں کی محفوظ آماجگاہ بنا ہوا ہے، سردار ایاز صادق

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے ہاورڈ یونیورسٹی امریکہ کی طلباء ایسوسی ایشن کے وفد نے ملاقات کی۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے پارلیمان میں ہونے والی قانون سازی، اہم قومی علاقائی اور عالمی امور پر طلباء کو پاکستان کے نقطہ نظر سے آگاہ کیا۔ سردار ایاز صادق (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر4)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز عمرہ ادائیگی کیلئے سعودی عرب پہنچ گئیں

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز عمرے کی سعادت حاصل کرنے کے لیے سعودی عرب پہنچ گئیں۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر5)

اسلام آباد: اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق کا ہارورڈ یونیورسٹی کے وفد کیساتھ ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

جدہ، وزیراعظم شہباز شریف سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان سے ملاقات کررہے ہیں

میڈیکل اور ڈینٹل کالجوں کے طلبہ کیلئے بائیومیٹرک حاضری لازمی قرار

یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کا طلبہ کے ساتھ ساتھ اساتذہ کی جانچ کا فیصلہ

سرکاری کی طرح نجی نرسنگ کالجز کو بھی مارچ کے آخر تک داخلے مکمل کرنے کی اجازت مل گئی

لاہور (خبر نگار) یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز (یو ایچ ایس) نے میڈیکل اور ڈینٹل کالجوں کے طلبہ کی حاضری خود مانیٹر کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ تمام کالجز ماہانہ بنیادوں پر اپنے طلبہ کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

شجرکاری مہم میں پہلی بار ہر پودے کی جیو ٹیگنگ ہوگی، مریم نواز

’’دلنگز آف لاہور‘‘، ’’رنگ آف لاہور‘‘ کے تحت شہر میں درخت اگاؤ مہم کا بھی آغاز کیا جارہا، شجرکاری مہم کا عنوان ’’ٹو پلانٹ اے ٹری‘‘ مقرر

لاہور (سمیعہ فیاض) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر جنگلات کے عالمی دن پر صوبے بھر میں شجرکاری مہم کا آج (جمعہ) 21 مارچ سے ہو رہا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق مساجد، درباروں اور بھٹوں کے گرد ’’گرین زون‘‘ بنانے کا فیصلہ کیا گیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر6)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے قومی فوڈ سیکورٹی رانا تنویر حسین اہم اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

حافظ حسین احمد کی ملک کیلئے خدمات ہمیشہ یادرکھی جائیں گی، صادق سنجرانی

اسلام آباد (این این آئی) سابق چیرمین سینیٹ صادق سنجرانی نے جمعیت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر11)

پی ٹی آئی کی مینار پاکستان جلسے کی درخواست پر ڈی سی لاہور سے جواب طلب

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے پی ٹی آئی کی 22 مارچ کو مینار (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر13)

اسلام آباد: یوم پاکستان پریڈ محدود پیمانے پر کرنے کا فیصلہ

پریڈ کو محدود پیمانے پر کرنے کا فیصلہ رمضان المبارک کے باعث کیا گیا ہے، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) 23 مارچ کو یوم پاکستان پریڈ محدود پیمانے پر روایتی جوش وجذبے کے ساتھ منعقد کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق یوم پاکستان پریڈ کو محدود پیمانے پر کرنے کا فیصلہ رمضان المبارک کے باعث کیا گیا ہے۔ ذرائع کا بتانا ہے کہ پریڈ میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر12)

دہشتگردی دفعات کے تحت درج مقدمے میں بشریٰ بی بی کی ضمانت میں توسیع

بشریٰ بی بی کی درخواست ضمانت پر سماعت انسداد دہشتگردی عدالت اسلام آباد نے کی

اسلام آباد (این این آئی) انسداد دہشتگردی عدالت اسلام آباد نے دہشتگردی دفعات کے تحت درج مقدمے میں بشریٰ بی بی کی عبوری ضمانت میں توسیع کردی۔ بشریٰ بی بی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر14)

امریکی پشت پناہی سے غزہ میں جاری اسرائیلی سفاکیت کے خلاف آج ملک گیر احتجاج ہوگا

انتظامی مشینری پر امن مارچ کا راستہ نہ روکے: حافظ نعیم الرحمٰن

میں امریکی سفارت خانہ اور چاروں صوبائی ہیڈکوارٹرز میں امریکی قونصل خانوں کی جانب مارچ بھی کیا جائیگا

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ امریکی پشت پناہی سے غزہ میں جاری اسرائیلی سفاکیت کے خلاف جمعہ (کل) کو ملک گیر احتجاج ہوگا۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)

MEDIA
PRESS
لاہور: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن منصورہ میں پریس کانفرنس کررہے ہیں، ڈاکٹر اسامہ رضی، قیصر شریف، محمد جاوید قصوری اور ضیاء الدین انصاری بھی موجود ہیں

اسلام آباد: وفاقی وزیر رانا ثناء اللہ سے برٹش ہائی کمشنر جین میریٹ ملاقات کررہی ہیں

ملٹری آپریشن کے خلاف ہیں، بارود سے امن نہیں آئے گا، سلمان اکرم راجہ

عید کے بعد پی ٹی آئی احتجاج کی بڑی تیاری کررہے ہیں، عمران خان کی رائے سننا ہوگی، ان کے بغیر استحکام ممکن نہیں: سیکرٹری جنرل

امید ہے عید کے بعد اپوزیشن کی اے پی سی میں مولانا کی جماعت ساتھ ہوگی، نواز شریف کو مدعو کرنے کا فیصلہ مشاورت کے بعد کرینگے

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ نے ملٹری آپریشن کی مخالفت کرتے ہوئے کہا ہے کہ گولا بارود مارنے سے ملک میں امن نہیں آسکتا، بات چیت سے مسائل حل ہوں گے لڑائی کرنے سے نہیں، عید کے بعد پی ٹی آئی احتجاج کی بڑی تیاری کررہی ہے، عمران خان ملک کی سب سے بڑی جماعت کے سربراہ ہیں، عمران خان کی رائے سننا ہوگی، ان کے بغیر ملک میں استحکام ممکن نہیں ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر16)

اسرائیل کی غزہ پر دوبارہ بمباری، ایک ہی خاندان کے 14 افراد جاں بحق

غزہ (این این آئی) غزہ میں شہری دفاع نے اطلاع دی ہے کہ غزہ کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر18)

حافظ حسین احمد کے انتقال کی خبر سن کر دلی صدمہ پہنچا، احسن اقبال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی اور خصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ جمعیت علمائے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر19)

حوثیوں کی فوجی صلاحیتوں کو تباہ کرنے کیلئے پرعزم ہیں، پینٹاگون

صنعا (این این آئی) یمن میں ایران کے اتحادی حوثیوں کے زیر کنٹرول علاقوں پر امریکی فضائی حملے کئی دنوں سے جاری ہیں۔ صدر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر21)

نہتے فلسطینیوں پر اسرائیلی بمباری کے خلاف مذمتی قرارداد پنجاب اسمبلی سیکرٹریٹ میں جمع

لاہور (این این آئی) سحری کے وقت نہتے فلسطینیوں پر اسرائیل کی بمباری کے خلاف مذمتی قرارداد پنجاب اسمبلی سیکرٹریٹ میں جمع کرا دی گئی۔ مسلم لیگ (ن) کی رکن (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر25)

بانی پی ٹی آئی سے متعلق سوال، امریکا کا ردعمل سے انکار

کسی دوسرے ملک کے اندرونی معاملات پر بات نہیں کی جائے گی، ترجمان محکمہ خارجہ

واشنگٹن (این این آئی) بانی پی ٹی آئی سے متعلق سوال پر امریکا نے ردعمل دینے سے انکار کردیا۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق ترجمان امریکی محکمہ خارجہ ٹیمی بروس نے کہا کہ کسی دوسرے ملک کے اندرونی معاملات پر بات نہیں کی جائے گی۔ صحافی کے سوال پر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر17)

اسلام آباد: وزیرمملکت برائے مذہبی امور کھیل داس کوہستانی سے مینارٹی کمیشن کا وفد ملاقات کررہا ہے

کابینہ کمیٹی اجلاس: میانوالی، ڈی جی خان اور اٹک میں رینجرز تعیناتی توسیع کی منظوری

خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت محکمہ داخلہ میں ایس سی سی ایل او کا 25 واں اجلاس منعقد ہوا

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن وامان خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت محکمہ داخلہ میں ایس سی سی ایل او کا 25 واں اجلاس منعقد ہوا۔ صوبائی وزیر زراعت سید عاشق حسین کرمانی کی اجلاس میں شرکت ہوئی۔ صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر خان نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔ سیکرٹری داخلہ پنجاب نورالامین مینگل نے صوبہ بھر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)

HOME DEPARTMENT
صوبائی وزیر صحت وچیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن وامان خواجہ سلمان رفیق محکمہ داخلہ میں ایس سی سی ایل او کے 25 ویں اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

نیشنل سیکیورٹی کمیٹی کا بائیکاٹ جمہوری رویوں کے منافی ہے، اسپیکر

اگر صوبائی حکومت سیکورٹی فورسز کو آپریشن سے روکتی ہے تو حالات کی ذمہ داری بھی قبول کرے، اسپیکر پنجاب اسمبلی

پاکستان کو اندرونی و بیرونی چیلنجز کا سامنا ہے، عمران خان کے ساتھ صرف افراتفری، انتشار اور گھیراؤ جلاؤ جیسی چند باتیں جڑی ہوئی ہیں

لاہور (این این آئی) اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کہا ہے کہ نیشنل سکیورٹی کمیٹی کا بائیکاٹ جمہوری رویوں کے منافی ہے، عمران خان نے بطور وزیراعظم بھی قومی سلامتی کمیٹی میں شرکت سے انکار کیا، عمران خان کے ساتھ صرف افراتفری، انتشار اور گھیراؤ جلاؤ جیسی چند باتیں جڑی ہوئی ہیں۔ پنجاب اسمبلی کے احاطے میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ملک محمد احمد خان نے کہا کہ پاکستان کی عوام نے دہشتگردی کے خلاف بڑی قربانیاں دی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر28)

سلامتی کمیٹی اجلاس میں پی ٹی آئی کی عدم شرکت بڑی غلطی ہے، فیصل واوڈا

پی ٹی آئی کنفیوژن کا شکار ہے کیونکہ اختلافات ختم نہیں ہو رہے، انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹر فیصل واوڈا نے قومی سلامتی کمیٹی کے اہم اجلاس میں پی ٹی آئی کی عدم شرکت کو بڑی غلطی قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ عجیب فیصلہ تھا۔ انہوں نے کہا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر30)

لاہور: ڈی جی فوڈ اتھارٹی شعیب خان جدون اہم اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

سابق وزیراعظم نواز شریف کی طبیعت ناساز، ڈاکٹرز نے مکمل آرام کرنے کا مشورہ دے دیا

لاہور (این این آئی) سابق وزیراعظم و پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر29)

رؤف حسن کو انسداد دہشت گردی عدالت نے گرفتاری سے روکدیا

اسلام آباد (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد نے 4 (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر31)

بازارِ حصص، انڈیکس 1 لاکھ 19 ہزار پوائنٹس عبور کرگیا

کراچی (این این آئی) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں آج کاروبار کا مثبت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر32)

شہباز شریف مستعفی ہوں، نئے الیکشن کروائے جائیں، اسد قیصر

حکومت کی سنجیدگی کا عالم دیکھیں کہ اجلاس شروع ہوا اور کوئی متعلقہ وزیر موجود نہیں تھا

اسلام آباد (این این آئی) سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے کہا ہے کہ شہباز شریف سے حکومت سنبھالی نہیں جاتی ہمارا مطالبہ ہے کہ وہ مستعفی ہوں اور نئے الیکشن کروائے جائیں۔ اسد (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر20)

غزہ میں جنگ بندی میں توسیع کا ایک عارضی منصوبہ ہے، امریکہ

ہمارے پاس ابھی بھی جنگ بندی میں توسیع کا منصوبہ موجود ہے، ترجمان محکمہ خارجہ

واشنگٹن (این این آئی) غزہ پر اسرائیلی فضائی حملوں کے دوسرے روز بھی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر22)

کوئٹہ، سابق کمشنر کی بیٹی کا ایئر ہوسٹس پر تشدد، گرفتاری کے بعد کمشنر چھڑا کرلے گیا

کوئٹہ (این این آئی) سابق کمشنر کوئٹہ افتخار جوگزئی کی بیٹی صائمہ کی فضائی سفر کرتے ہوئے ہنگامہ آرائی، فضائی میزبان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر23)

اسلام آباد: وفاقی وزیر جام کمال خان کو ڈینش سفیر پینٹنگ کا تحفہ دے رہے ہیں

بزدلی کا مظاہرہ کرنیوالے 4 لیویز اہلکار نوکری سے برطرف

چاغی لیویز کے 4 اہلکاروں سے شرپسندوں نے اسلحہ چھین لیا تھا، تادیبی قوانین 2015 کے تحت کارروائی

کوئٹہ (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل لیویز فورس بلوچستان عبدالغفار مگسی نے ضلع چاغی میں بزدلی کا مظاہرہ کرنے والے 4 لیویز اہلکاروں کو نوکری سے برطرف کردیا۔ ذرائع (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

عیدالفطر پر چلائی جانے والی اسپیشل ٹرینوں کا شیڈول جاری

ریلوے ہیڈکوارٹر نے تمام ڈی ایس افسران کو عید ٹرین انتظامات کے حوالے سے ہدایات جاری کردیں

لاہور (این این آئی) پاکستان ریلویز نے عید الفطر کے موقع پر 5 اسپیشل ٹرینوں کا شیڈول جاری کر دیا ہے۔ شیڈول کے مطابق پہلی اسپیشل ٹرین 26 مارچ کو کراچی سے لاہور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر27)

پختونخوا میں کسی صورت آپریشن کی اجازت نہیں دیں گے، علی امین

ساڑھے 9 سے ساڑھے 11 ہزار کے قریب جنگجو ہمارے علاقے میں آچکے، دوسری طرف ساڑھے 22 ہزار جنگجو موجود ہیں، بیان

قومی سلامتی کمیٹی کا اجلاس میٹنگ کم اور پریزینٹیشن زیادہ تھی، پریزینٹیشن سے دہشتگردی ختم ہونا ہوتی تو اب تک ہوچکی ہوتی

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے کہا ہے کہ صوبے میں کسی آپریشن کی اجازت نہیں دیں گے۔ ایک بیان میں وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے صوبے میں آپریشن کی مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ خیبر پختونخوا میں کسی صورت آپریشن کی اجازت نہیں دیں گے، جتنے دہشتگرد مارے جارہے ہیں، افغانستان سے اتنے مزید آرہے ہیں۔ علی امین گنڈاپور نے کہا کہ ایک اندازے کے مطابق ساڑھے 9 سے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر33)

لاہور: وزیر کھیل پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر نیشنل ہاکی اسٹیڈیم میں اہم اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض



سٹی نیوز

فتنہ الخوارج سے منسلک دو انتہائی خطرناک دہشت گردوں گرفتار

لاہور، (ائم رپورٹر) سی ٹی ڈی کے ترجمان نے بتایا کہ کا¶نٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) اور احساس اداروں نے مغل مارکیٹ، راولپنڈی کے قریب ایک بڑی کارروائی کرتے ہوئے انتہا پسند گروپ فتنہ الخوارج سے منسلک دو انتہائی خطرناک دہشت گردوں کو گرفتار کرلیا، جن کی شناخت حمزہ اور رومان کے نام سے ہوئی، سی ٹی ڈی کے ترجمان نے بتایا۔ ترجمان نے مزید کہا کہ انٹیلی جنس کی بنیاد پر آپریشن دہشت گردوں کو پکڑنے کے لیے کیا گیا، جنہوں نے منصوبہ بند حملوں کے لیے راولپنڈی اور اسلام آباد کے حساس مقامات پر پہلے ہی جاسوسی کی تھی۔ سی ٹی ڈی ذرائع کے مطابق، گرفتار عسکریت پسند افغانستان میں فتنہ الخوارج کے ایک اہم کمانڈر سے رابطے میں تھے۔

ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے ایس او ایس ویلیج کا دورہ کیا اور ادارے کے منتظمین سے ملاقات کی

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے ایس او ایس ویلیج کا دورہ کیا اور ادارے کے منتظمین سے ملاقات کی۔ ایس پی ماڈل ٹا¶ن اخلاق اللہ تارڑ، ڈی ایس پی محمد سرور اعوان و دیگر افسران بھی ہمراہ موجود تھے۔ فیصل کامران نے ایس او ایس ویلیج میں بچوں کے ساتھ افطاری کی۔ ایس او ایس ویلیج انتظامیہ نے ڈی آئی جی آپریشنز کو سنٹر کا دورہ کروایا اور ورکنگ سے آگاہ کیا۔ ڈی آئی جی آپریشنز بچوں میں گھل مل گئے۔

لاہور پولیس نے کرپشن اور اختیارات کے غلط استعمال کے خلاف ایک سخت پالیسی تیار کرلی ہے

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور پولیس نے کرپشن اور اختیارات کے غلط استعمال کے خلاف ایک سخت پالیسی تیار کرلی ہے جس کے تحت کرپشن کرنے والے پولیس اہلکاروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی، ڈی آئی جی آپریشنز نے رشوت مانگنے اور ناروا سلوک کرنے والے ایس ایچ او کو معطل کر کے اہلکاروں کے خلاف مقدمہ درج کروا دیا۔ تفصیلات کے مطابق نئی پالیسی کے تحت اگر تھانے میں کوئی اہلکار کرپشن کرتا ہے تو ایس ایچ او کو معطل کر دیا جائے گا۔ ڈی آئی جی فیصل کامران کا ہدایات جاری کرت ہوئے کہنا ہے کہ تھانے میں کرپشن کنٹرول کی ذمہ داری ایس ایچ او پر بھی عائد ہوتی ہے۔

سنیپ چیکنگ سرعام اسلحہ کی نمائش کرنے والے ملزم کو گرفتار کر کے مقدمہ درج

لاہور (کرائم رپورٹر) چوکی انچارج گلدشت ٹاون پولیس نے دوران سنیپ چیکنگ سرعام اسلحہ کی نمائش کرنے والے ملزم کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کرلیا ترجمان کے مطابق ایس پی کینٹ اویس شفیق کی ہدایت پر ناجائز اسلحہ کے خلاف کریک ڈاون کے دوران چوکی انچارج گلدشت ٹاون پولیس نے دوران سنیپ چیکنگ ملزم امن شمعون سے پستول میگزین اور گولیاں برامد کر کے مقدمہ درج کرلیا پولیس کا کہنا ہے کہ سرعام اسلحہ لیکر گھومنے اور نمائش کر کے خوف وہراس پھیلانے والوں سے آہنی ہاتھوں نمٹا جائیگا۔

باغبانپورہ کے علاقے میں لین دین کے جھگڑے پر چھریوں کے وار سے دوست نے 35 سالہ شخص قتل کردیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) باغبانپورہ کے علاقے میں لین دین کے جھگڑے پر چھریوں کے وار سے دوست نے 35 سالہ شخص قتل کردیا گیا، پولیس نے قتل کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کر کے ملزم کی تلاش شروع کر دی تفصیلات کے مطابق باغبانپورہ کے علاقے میں اعجاز نامی شخص نے لین دین کے تنازع پر 35 سالہ عادل کو چھریوں کے وار کر کے زخمی کر دیا اور فرار ہو گیا زخمی کو تشویشناک حالت میں ہسپتال منتقل کیا جہاں وہ جانبر نہ ہوسکا پولیس نے لاش پورسٹمارٹم کے لیے منتقل کر کے ملزم کے خلاف نامزد مقدمہ درج کر کے ملزم کی تلاش شروع کردی۔

موٹر سائیکل جلدی دھونے سے انکار کیوں کیا

قلعہ گجر سنگھ میں موٹر سائیکل سوار نے سروس اسٹیشن ملازم کو گولی مار کر زخمی کر دیا

لاہور (کرائم رپورٹر) موٹر سائیکل جلدی دھونے سے انکار کیوں کیا۔ قلعہ گجر سنگھ میں موٹر سائیکل سوار نے سروس اسٹیشن ملازم کو گولی مار کر زخمی کر دیا پولیس نے زخمی کو ہسپتال منتقل کر کے ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر لیا تفصیلات کے مطابق ملک علی حسنین ساتھی کے ہمراہ موٹر سائیکل واش کرانے قلعہ گجر سنگھ کے علاقے میں واقع سروس اسٹیشن گیا جہاں سروس اسٹیشن ملازم یونس نے کچھ دیر انتظار کرنے کا کہا۔ اسی دوران ملزم نے طیش میں آکر پستول نکالا اور ملازم کو گولی مار کر زخمی کر دیا اور فرار ہو گیا پولیس نے زخمی ہونے والے یونس کو ہسپتال منتقل کر کے ملزمان کے خلاف اقدام قتل کا مقدمہ درج کر کے ان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارنے شروع کر دیے۔

24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1262 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ نے گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1262 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا جن میں 695 افراد شدید زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور پر نزدیکی ضلعی و تحصیل کے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ 725 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیموں کے جائے حادثہ پر بروقت طبی امداد فراہم کرنے کی وجہ سے ہسپتالوں پر بوجھ بھی کم ہوا۔ ان حادثات میں زیادہ تر تعداد (76 فیصد) موٹر سائیکلز حادثات کی ہے اس لیے وقت کی ضرورت ہے کہ روڈ ٹریفک حادثات کی بڑھتی ہوئی شرح کو کم کرنے کے لیے ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل کرتے ہوئے لائن اور لین کے نظم و ضبط کا خیال رکھیں۔ ایمرجنسی اعداد و شمار کے مطابق ریسکیو 1122 کے صوبائی مانیٹرنگ سیل کو موصول ہونے والی ایمرجنسی کالز کے مطابق ان ٹریفک حادثات میں 852 ڈرائیوز، 65 کم عمر ڈرائیور، 528 مسافر اور 158 پیدل چلنے والے افراد متاثر ہوئے۔

کمشنر لاہور زید بن مقصود نگہبان رمضان پیکج کے تحت پے آرڈر تقسیم اور پلانٹ فار پاکستان شجرکاری پلان جائزہ کے حوالے سے بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

حکومت پنجاب کیجانب سے نگہبان رمضان کے تحت رجسٹرڈ شہریوں کو انکی دہلیز پر پے آرڈرز فراہم کیے جارہے ہیں: کمشنر لاہور

تمام ڈی سیز پلانٹ فار پاکستان کے تحت بھرپور شجرکاری کریں۔ جیوٹیگڈ ڈیٹا اپلوڈ کیا جائے۔ کمشنر لاہور کی ہدایت

لاہور ڈویژن میں کل 3 لاکھ 99 ہزار 205 کم آمدن خاندان نگہبان رمضان پیکیج کے تحت پے آرڈرز اپنی دہلیز پر وصول کر رہے ہیں۔ کمشنر لاہور زید بن مقصود

لاہور (خبر نگار) کمشنر لاہور ڈویژن زید بن مقصود کی زیر صدارت پلانٹ فار پاکستان کے تحت شجرکاری پلان اور نگہبان رمضان پیکج کے تحت پے آرڈرز تقسیم کے جائزہ کے حوالے سے ڈویژنل سطح کا اجلاس منعقد ہوا۔ چاروں اضلاع کے ڈی سیز نے نگہبان رمضان پیکج کے تحت پے آرڈرز تقسیم بارے بریفنگ دیتے ہوئے کہا ہے کہ تمام اضلاع اپنے اہداف کے مطابق بڑی حد تک پے آرڈرز رجسٹرڈ مستحقین کی دہلیز پر پہنچا چکے ہیں، لاہور میں حکومت پنجاب کیجانب سے 87 فیصد پے آرڈرز مستحقین تک پہنچائے جا چکے ہیں جبکہ 95 فیصد پے آرڈرز ٹائٹل ہولڈرز کیش بھی کرا چکے ہیں، ضلعی انتظامیہ کی ٹیمیں پے آرڈرز کیش کرنے والی فرنچائزز کی مانیٹرنگ کررہی ہیں، خلاف ورزی پر سخت کاروائیاں بھی کی گئی ہیں۔ کمشنر لاہور نے تمام ڈی سیز کو ہدایت دیتے ہوئے کہا ہے کہ وزیر اعلی پنجاب کیجانب سے امداد حقداروں تک پہنچانے کیلئے پوری محنت کریں، پلانٹ فار پاکستان کے تحت بھرپور شجرکاری کریں اور جیوٹیگڈ ڈیٹا اپلوڈ کیا جائے، تمام سہولت بازاروں میں پلانٹ فار پاکستان کاونٹرز بنائیں، شہریوں کو مفت پودے تقسیم ہونگے۔ کمشنر لاہور نے کہا ہے کہ حکومت پنجاب کیجانب سے نگہبان رمضان کے تحت رجسٹرڈ شہریوں کو انکی دہلیز پر پے آرڈرز فراہم کیے جارہے ہیں، لاہور ڈویژن میں کل 3 لاکھ 99 ہزار 205 مستحق کم آمدنی والے خاندان پے آرڈرز اپنی دہلیز پر وصول کر رہے ہیں، جبکہ لاہور میں 1 لاکھ 99 ہزار 287، شیخوپورہ میں 81 ہزار 796، ننکانہ صاحب میں 42 ہزار 793 اور قصور کے 75 ہزار 329 مستحق گھرانوں کو امدادی رقم پہنچائی جارہی ہے۔ کمشنر لاہور نے تمام اضلاع میں سیل پوائنٹس و رمضان بازار میں چینی فراہمی و دستیابی کا بھی جائزہ لیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل کمشنر عبدالسلام عارف، ڈی سی لاہور سید موسی رضا نے شرکت کی جبکہ ڈی سی ننکانہ محمد تسلیم راو، ڈی سی قصور عمران علی اور ڈی سی شیخوپورہ شاہد عمران مارتھ نے بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس میں شرکت کی۔

ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران کی ایس او ایس ویلیج میں بچوں کے ساتھ افطاری

ایس او ایس ویلیج کا انتظام قابل تعریف و قابل تقلید ہے۔ ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران

لاہور (خبر نگار) ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے ایس او ایس ویلیج کا دورہ کیا اور ادارے کے منتظمین سے ملاقات کی۔ ایس پی ماڈل ٹاؤن اخلاق اللہ تارڑ، ڈی ایس پی محمد سرور اعوان و دیگر افسران بھی ہمراہ موجود تھے۔ فیصل کامران نے ایس او ایس ویلیج میں بچوں کے ساتھ افطاری کی۔ ایس او ایس ویلیج انتظامیہ نے ڈی آئی جی آپریشنز کو سنٹر کا دورہ کروایا اور ورکنگ سے آگاہ کیا۔ ڈی آئی جی آپریشنز بچوں میں گھل مل گئے۔ ننھے منے بچوں کی پولیس آفیسر بننے کی خواہش پر فیصل کامران نے بچوں کے سر پر پولیس کیپ سجائی۔ ڈی آئی جی آپریشنز کا اس موقع پر کہنا تھا کہ ایس او ایس ویلیج کا انتظام قابل تعریف و قابل تقلید ہے۔ بچوں کی ذہانت، اعتماد اور خوش دلی قابل تعریف ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ دعا ہے سب بچے کامیاب ہوکر معاشرے کا قیمتی اثاثہ بنیں۔

آئی جی پنجاب کی ہدایت پر یوم شہادت حضرت علی کے موقع پر سکیورٹی انتہائی سخت ہوگی

لاہور (کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر یوم شہادت حضرت علی کے موقع پر سکیورٹی انتہائی سخت ہوگی جس کے تسلسل میں صوبائی دارالحکومت لاہور میں عزاداری جلوسوں ومجالس کی سکیورٹی پر 08 ہزار سے زائد افسران واہلکار مامور ہونگے اور یوم شہادت حضرت علی پر سکیورٹی انتہائی سخت ہوگی۔ لاہور سمیت صوبہ بھر میں 26 ہزار سے زائد پولیس افسران واہلکار عزاداری جلوسوں اور مجالس کی سکیورٹی پر تعینات ہوں گے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ 192 عزاداری جلوسوں کی سکیورٹی پر 17 ہزار جبکہ 955 مجالس پر 09 ہزار سے زائد افسران و اہلکار فرائض انجام دیں گے۔ مجالس و عزاداری جلوسوں کے شرکا کی چیکنگ کے لئے 1971 میٹل ڈٹیکٹرز اور 457 واک تھرو گیٹس استعمال کئے جائیں گے۔ سیف سٹیز اتھارٹی، ضلعی انتظامیہ کے کیمروں کی مدد سے عزاداری جلوسوں اور مجالس کی مسلسل مانیٹرنگ کی جائے گی۔ لاہور سمیت پنجاب بھر میں کیٹیگری اے کے 27 عزاداری جلوس برآمد ہونگے اور 62 مجالس منعقد ہونگی۔ سنٹرل پولیس آفس میں قائم مرکزی کنٹرول اینڈ مانیٹرنگ روم سے تمام تر سرگرمیوں کی نگرانی کی جائے گی۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ پولیس انتہائی الرٹ رہے گی، عزاداری جلوسوں اور مجالس کے شرکا کی مکمل چیکنگ یقینی بنائیں۔ خواتین عزاداروں کی سکیورٹی چیکنگ کیلئے لیڈی پولیس اہلکار تعینات کی جائیں۔ عزاداری جلوسوں میں سادہ لباس میں کمانڈوز اور روٹس کی چھتوں پر سنائپرز تعینات ہوں گے۔ صوبہ بھر میں متبادل راستوں سے ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کیلئے خصوصی انتظامات کئے جائیں۔ ڈولفن سکواڈ، پیرو، سپیشل برانچ اور سی ٹی ڈی سمیت تمام فیلڈ فارمیشنز یوم شہادت حضرت علی کے سکیورٹی انتظامات میں مشترکہ لائحہ عمل اپنائیں۔ آئی جی پنجاب نے مزید کہا کہ آر پی اوز، سی پی اوز اور ڈی پی اوز حساس اضلاع میں جلوسوں اور مجالس کے سکیورٹی انتظامات کی چیکنگ کیلئے فیلڈ میں موجود رہیں۔

وزیر اعلی پنجاب کی قیادت میں حکومت پنجاب نے فرانزک سائنس کے میدان میں ایک اور سنگ میل عبور کرلیا

محکمہ داخلہ پنجاب کی سفارش پر پنجاب فرانزک سائنس اتھارٹی کے تحت شمالی، وسطی اور جنوبی پنجاب میں نئی لیبز قائم کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا ہے

لاہور (خصوصی خبر نگار) وزیر اعلی پنجاب کی قیادت میں حکومت پنجاب نے فرانزک سائنس کے میدان میں ایک اور سنگ میل عبور کرلیا۔ محکمہ داخلہ پنجاب کی سفارش پر پنجاب فرانزک سائنس اتھارٹی کے تحت شمالی، وسطی اور جنوبی پنجاب میں نئی لیبز قائم کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا ہے۔ پنجاب اسمبلی سے منظور شدہ پنجاب فرانزک سائنس اتھارٹی ایکٹ کے تحت دہشت گردی اور سنگین جرائم کے واقعات میں فرانزک سائنس ٹیمیں اب فرسٹ ریسپانڈر کے طور پر جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کریں گی۔ اس حوالے سے عملی اقدامات کیلئے وزیر اعلی پنجاب نے فرانزک سائنس اتھارٹی کو جدید خطوط پر استوار کرنے کیلئے 8 ارب روپے کے فنڈز دے دیئے ہیں۔ وزیر اعلی پنجاب کے تاریخ ساز انیشیٹو کے تحت پنجاب فرانزک سائنس اتھارٹی جدید خطوط پر استوار ہوگی۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق فرانزک سائنس ایجنسی کو اتھارٹی کا درجہ دے کر ادارے میں غیر معمولی اصلاحات لائی جارہی ہیں۔ نئے قانون میں فرانزک سائنس اتھارٹی کو کرائم سین کے تحفظ اور فرانزک مواد کی نقل و حمل کا مینڈیٹ دیا گیا ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ اس عمل سے نا صرف کام کے معیار میں بہتری آئے گی بلکہ عدالت میں موثر استغاثہ کو یقینی بنایا جاسکے گا۔ منصوبے کے مطابق پنجاب بھر میں اتھارٹی کے ایڈیشنل دفاتر اور لیبز کے قیام سے ان علاقوں کے کیسز کو وہیں ڈیل کیا جاسکے گا۔ انہوں نے بتایا کہ صوبے کے تمام حصوں میں اتھارٹی دفاتر کی موجودگی اور قابل ہیومن ریسورس کی بدولت بروقت رپورٹس حاصل ہونگی۔ یاد رہے کہ نئے منظور شدہ قانون کے مطابق وزیر اعلی پنجاب فرانزک سائنس اتھارٹی بورڈ کی سربراہ ہوں گی جبکہ اتھارٹی کیلئے ایک وائس چیئرپرسن کی تعیناتی کریں گی۔ حکومت کی مکمل اور فوری سپورٹ یقینی بنانے کیلئے تمام متعلقہ محکموں کو اتھارٹی بورڈ میں شامل کیا گیا۔ فوری فیصلہ سازی اور عملدرآمد کیلئے سیکرٹری محکمہ داخلہ، سیکرٹری فنانس، چیئرمین پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ، سیکرٹری قانون، سیکرٹری پراسیکیوشن اور آئی جی پنجاب اتھارٹی بورڈ کے ممبران بنائے گئے ہیں۔ اسی طرح فرانزک سائنس کی فیلڈ سے 5 ماہرین کو بھی اتھارٹی بورڈ کا حصہ بنایا گیا ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ وزیر اعلی پنجاب نے اتھارٹی کیلئے جدید ترین آلات، انفراسٹرکچر اور عمارتوں کی تعمیر واپ گریڈیشن کیلئے 8 ارب کے فنڈز منظور کیے ہیں۔

سیکرٹری اوقاف کا داتا دربار کا دورہ، اعتکاف انتظامات کا جائزہ لیا

معتکفین کیلئے سحر و افطار، سیکیورٹی، صفائی، ہیلتھ سمیت دیگر سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا۔ سیکرٹری اوقاف

لاہور (صابر غوری) سیکرٹری/ چیف ایڈ منسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر طاہر رضا بخاری کا داتا دربار کا دورہ، اعتکاف انتظامات کا جائزہ لیا۔ داتا دربار اور بادشاہی مسجد سمیت صوبہ بھر میں

"اعتکاف" کے لیے تیاریاں مکمل کرلیں گئیں۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ روزہ تزکیہ نفس کا سب سے بڑا ذریعہ ہے، ہمارا دین، محض انسان کو مادی ضروریات اور تقاضوں تک ہی محدود نہیں رکھتا بلکہ روحانی اور باطنی پاکیزگی کا بھی اہتمام کرتا ہے۔ جس کے لیے روزہ، تراویح اور پھر آخری عشرے میں "اعتکاف" بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ انہوں نے داتا دربار میں معتکفین کے لیے تیار کردہ اعتکاف ہال اور کیبنز کا تفصیلی دورہ کیا۔ نیز معتکفین کے لیے سحر و افطار کے لیے خورد و نوش کے امور کا جائزہ لیا۔ دورہ کے موقع پر زونل ایڈ منسٹریٹر اوقاف داتا دربار شیخ محمد جمیل نے معتکفین کے لیے صفائی، سیکیورٹی اور میڈیکل سہولیات سمیت دیگر امور کی بابت بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ داتا دربار میں دو ہزار سے زائد خوش نصیب اعتکاف بیٹھنے کی سعادت حاصل کریں گے، جس کے لیے مجوزہ فارم پر زائرین کی درخواستوں پر، سکروٹنی کا عمل جاری ہے۔ سیکرٹری اوقاف نے مزید کہا کہ ماہِ رمضان المبارک "شہر المواسات" یعنی غمخواری اور غمگساری کا مہینہ ہے، اس میں ایک دوسرے کے ساتھ محبت رواداری اور انسان دوستی کا معاملہ کرتے ہوئے فلاحی معاشرے کی تشکیل کو یقینی بنائیں۔ نیز اس ماہِ مبارک کی برکات کو سمیٹنے کے لیے عبادات اور تراویح کو مدِ نظر رکھ کر اپنے دن کی مصروفیات ترتیب دیں۔

ڈائریکٹوریٹ بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین ستارہ امتیاز (ملٹری) کی واسا ہیڈ آفس آمد

ایم ڈی واسا غفران احمد کی جانب سے لاہور ڈیویلپمنٹ پروگرام کے تحت جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں اور واسا کے ماسٹر پلان پر تفصیلی بریفنگ

لاہور (صابر غوری) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایات پر چیئرپرسن وزیراعلیٰ پنجاب انسپکشن، سرویلنس و مانیٹرنگ ڈائریکٹوریٹ بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین ستارہ

WASA
LAHORE

امتیاز (ملٹری) کی واسا ہیڈ آفس آمد ہوئی۔ دورے کے دوران انہوں نے ایک اہم اجلاس کی صدارت کی، جس میں ایم ڈی واسا غفران احمد نے لاہور ڈیویلپمنٹ پروگرام کے تحت جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں اور واسا کے ماسٹر پلان پر تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس میں واسا لاہور کی ریونیو کولیکشن، کمپلینٹ مینجمنٹ سسٹم اور سولرائزیشن کے حوالے سے بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ واسا لاہور کے آئی ٹی اور توانائی کے منصوبے کے منصوبوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی اجلاس میں واسا لاہور کے جدید آئی ٹی اصلاحات، بشمول رین ڈیش بورڈ، ریونیو ڈیش بورڈ، وہیکل مانیٹرنگ، جنریٹرز مانیٹرنگ اور کال سینٹر 1334 ڈیش بورڈ پر بریفنگ دی گئی۔ مزید برآں، یہ بھی بتایا گیا کہ واسا لاہور 2 میگاواٹ سولر سسٹم نصب کر چکا ہے، جبکہ رواں برس مزید 3.5 میگاواٹ سولر سسٹم لگانے کا منصوبہ ہے۔ ایم ڈی واسا نے بتایا کہ عوام کو مزید بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لیے واسا لاہور رواں برس 200 نئی مشینری خریدے گا۔ لاہور ڈیویلپمنٹ پروگرام کے تحت ترقیاتی کام دو مراحل میں جاری ہے، پہلے مرحلے میں 443 کلومیٹر سیوریج لائن اور 548 کلومیٹر واٹر سپلائی لائن بچھائی جا رہی ہے، جبکہ دوسرے مرحلے کا آغاز بھی رواں برس ہوگا۔ چیئرپرسن بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین نے واسا حکام کو ہدایت دی کہ ترقیاتی منصوبوں کو جدید تقاضوں کے مطابق اور مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے۔ انہوں نے منصوبوں کی مانیٹرنگ سخت کرنے، شفافیت کو یقینی بنانے اور شہریوں کو معیاری خدمات فراہم کرنے پر زور دیا۔ اجلاس میں بارشی پانی کو محفوظ بنانے والے زیر زمین واٹر ٹینکس کے منصوبے پر بھی بریفنگ دی گئی، جس پر چیئرپرسن نے اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ پانی کی بچت کے لیے بروقت اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے اور پانی کے ضیاع کو روکنے کے لیے ہمیں مل کر کام کرنا ہوگا۔ اس کے علاوہ چیئرپرسن نے واسا لاہور کے کنٹرول روم کا معائنہ کیا اور وہاں موجود عملے سے ملاقات کی۔ اس موقع پر اسٹاف آفیسر عبدالجبار بھٹی، میجر (ر) نوید اسلم، واسا لاہور سے ڈی ایم ڈی واسا عبداللطیف، اور تمام ٹاؤن ڈائریکٹرز بھی موجود تھے۔

چیف منسٹر پلانٹ فار پاکستان مہم کے تحت پی ایچ اے کی جانب سے لاہور کے 20 سے زائد مقامات پر شہریوں میں مفت پودے تقسیم

شہر کے مختلف مقامات پر سائیکل کارٹس اور کمپیس لگا کر شہریوں میں پودے تقسیم کیے جائیں گے

لاہور (تخلیق صدیقی سے) چیف منسٹر پلانٹ فار پاکستان مہم کے تحت پی ایچ اے کی جانب سے لاہور کے 20 سے زائد مقامات لبرٹی

LAKE CITY
BUSINESS BAY
PHA
PLANT FOR PAKISTAN
درخت لگائیں پاکستان کے لئے
Plant for Pakistan

گول چکر، استنبول چوک، پنجاب اسمبلی، مین بلیوارڈ اقبال ٹاؤن، ویلنشیا گول چکر، ایم ایم عالم روڈ، جی ون مارکیٹ جوہر ٹاؤن، گلشن اقبال پارک، گریٹر اقبال پارک، جلو بوٹینیکل گارڈن، چوبرجی گول چکر، شاہدرہ فلائی اوور، قریشی پارک، ہمدرد چوک، ایمانا مال، ایمپوریم مال، پیکیجز مال پر شہریوں میں مفت پودے تقسیم کیے گئے۔ پی ایچ اے کی جانب سے آج اور کل بین الاقوامی یومِ جنگلات کے موقع پر بھی شہر کے مختلف مقامات پر سائیکل کارٹس اور کمپیس لگا کر شہریوں میں پودے تقسیم کیے جائیں گے۔ چیف منسٹر پلانٹ فار پاکستان مہم کے تحت شہریوں میں شجرکاری کی اہمیت کو اجاگر کرنے کیلئے پودے تقسیم کیے جارہے ہیں۔ اس حوالے سے چیئرمین پی ایچ اے غزالی سلیم بٹ کا کہنا تھا کہ پی ایچ اے وزیر اعلی پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے مشن سرسبز اور خوبصورت لاہور کی تکمیل کے لیے کوشاں ہے۔ چیف منسٹر پلانٹ فار پاکستان مہم میں ہر شہری کو شامل کرنا چاہتے ہیں۔ تیزی سے بدلتی موسمی تبدیلیوں کے باعث شجرکاری وقت کی اہم ضرورت بن چکی ہے۔ ڈی جی پی ایچ اے محمد طاہر وٹو نے کہا کہ حکومت پنجاب کے تعاون سے شہر لاہور کو سرسبز بنانے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائیں گے۔ موسمیاتی تبدیلیوں سے رونما ہونے والے ٹمپریچر کو کنٹرول کرنے کیلئے شہر کے گرین کور کو مزید بڑھائیں گے۔ ہر شہری چیف منسٹر پلانٹ فار پاکستان کو کامیاب بنانے کیلئے اپنے حصہ کا درخت ضرور لگائے۔ شہر لاہور کو حقیقی معنوں میں باغوں اور پھولوں کو شہر بنانے کیلئے پرعزم ہیں۔

FOR PAKISTAN
MARYAM NAWAZ

وزیر اعظم کے خصوصی معاون وزارت صنعت و پیداوار ہارون اختر خان سے ازبک سفیر علیشر تکھتائے کی صنعتی تعاون اور دوطرفہ تجارت پر بات چیت کے لئے ملاقات

جس میں پاکستان اور ازبکستان کے درمیان صنعتی تعاون اور دوطرفہ تجارت بڑھانے کے حوالے سے بات چیت کی گئی

لاہور/ اسلام آباد (صابر غوری) وزیر اعظم کے خصوصی معاون ہارون اختر خان نے حال ہی میں ازبکستان کے سفیر علیشر تکھتائے کے ساتھ ایک مفید ملاقات کی، جس میں پاکستان اور ازبکستان کے

درمیان صنعتی تعاون اور دوطرفہ تجارت بڑھانے کے حوالے سے بات چیت کی گئی۔ ملاقات کے دوران ہارون اختر خان نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان اور ازبکستان کے تعلقات مذہب، تاریخ اور ثقافت پر مبنی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صدیوں سے دونوں ممالک کے عوام ایک دوسرے کی فکری اور ثقافتی ترقی میں معاون رہے ہیں۔" پاکستان ازبکستان کی آزادی تسلیم کرنے والے اولین ممالک میں شامل تھا"، ہارون اختر خان نے کہا، اس طرح دونوں ممالک کے تاریخی تعلقات کو اجاگر کیا۔ ملاقات میں مختلف شعبوں میں تعاون کے امکانات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا، اور دونوں فریقوں نے مشترکہ منصوبوں کو آگے بڑھانے پر اتفاق کیا۔ ان شعبوں میں آٹو موبائلز، صنعت، سرجیکل آلات، کان کنی اور عوامی سطح پر روابط شامل ہیں۔ ہارون اختر خان نے کہا کہ "پاکستان اور ازبکستان تجارتی اور سرمایہ کاری تعاون کو مزید بڑھانے اور اپنے عوام کے درمیان مضبوط تعلقات استوار کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔ "ہم آٹو موبائل انڈسٹری، کان کنی، سرجری اور عوامی تعلقات میں نئے تعاون کے طریقوں کو دریافت کرنے کے لیے پرعزم ہیں"، ہارون اختر خان نے کہا۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف نے ہمیں پروسیسنگ آپریشنز، کان کنی اور ریلوے کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کے راستے تلاش کرنے کا کام دیا ہے۔ معاون خصوصی نے پاکستان کی ازبکستان کے ساتھ دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کی پختہ عزم کا اعادہ کیا۔ ازبک سفیر نے اپنے بیانات میں پاکستان کے آئی ٹی کے شعبے کی تیز ترقی کی تعریف کی اور ٹیکنالوجی کے میدان میں حاصل کی گئی پیشرفت پر ستائش کا اظہار کیا۔ انہوں نے ثقافتی تبادلوں کو فروغ دینے کے لئے مشترکہ ڈراموں اور فلموں کی تیاری کی تجویز بھی پیش کی، جس سے دونوں ممالک کے ثقافتی تعلقات مزید مستحکم ہوں گے۔ ہارون اختر خان نے زور دیا کہ دونوں ممالک دوطرفہ تجارت بڑھانے پر توجہ مرکوز کر رہے ہیں، اور وزیر اعظم کے مطابق تجارت کا حجم 2 ارب ڈالر تک بڑھانے کا ہدف ہے۔

چوہدری شافع حسین کی جانب سے صحافیوں کے اعزاز میں افطار ڈنر کا اہتمام

سینئر صحافیوں، پاکستان مسلم لیگ کے بیٹ رپورٹرز اور کامرس رپورٹرز کی شرکت، صوبائی وزیر نے معاشی سرگرمیوں کے فروغ کے اقدامات بارے آگاہ کیا

لاہور (کامرس رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ پنجاب کے جنرل سیکرٹری وصوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین کی جانب سے صحافیوں کے اعزاز میں مقامی ہوٹل میں افطار ڈنر کا اہتمام کیا گیا۔ جس میں سینئر صحافیوں، پاکستان مسلم لیگ کے بیٹ رپورٹرز اور کامرس رپورٹرز نے شرکت کی۔ پاکستان مسلم لیگ کے ایڈیشنل جنرل سیکرٹری عمر بشیر، سیکرٹری اطلاعات پنجاب علی عمران، لاہور کے جنرل سیکرٹری ندیم پہلوان، پاکستان کبڈی فیڈریشن کے جنرل سیکرٹری رانا سرور اور دیگر بھی شریک ہوئے۔ صوبائی وزیر نے گزشتہ ایک سال میں معاشی سرگرمیوں کے فروغ کیلئے اٹھائے گئے اقدامات بارے آگاہ کیا۔ صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ انڈسٹریل اسٹیٹس سے رئیل اسٹیٹ مافیا کا خاتمہ کیا، صنعتی مراکز میں انفراسٹرکچر کو بہتر بنایا، کاروباری سرگرمیوں کے لئے سازگار ماحول یقینی بنایا، صنعتکاروں کے جائز مسائل تیزی سے حل کئے، انڈسٹریل اسٹیٹس میں حاصل کئے گئے پلاٹوں پر صنعتی یونٹس نہ لگانے والوں کے پلاٹ کینسل کئے گئے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ پائیدار معاشی ترقی کیلئے نئی سرمایہ کاری ناگزیر ہے۔ حکومتی اقدامات کے باعث پنجاب میں نئے کارخانے لگ رہے ہیں۔ اگلے ڈیڑھ ماہ میں قائد اعظم بزنس پارک شیخوپورہ میں 15 نئی فیکٹریاں لگنے جارہی ہیں اور یہ فیکٹریاں 2 سال میں پروڈکشن شروع کردیں گی۔ فارماسیوٹیکل کے کارخانے بھرپور پروڈکشن میں ہیں، فارماسیوٹیکل کی نئی انڈسٹری بھی لگ رہی ہے۔ صوبائی وزیر صنعت و تجارت نے کہا کہ پنجاب میں اربوں ڈالر کی نئی سرمایہ کاری آرہی ہے۔ نئے کارخانے لگنے سے مقامی لوگوں کو روزگار ملے گا۔ چوہدری شافع حسین نے کہا کہ ٹیکنیکل ایجوکیشن کے معیار کو بہتر کیا گیا۔ مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق ہنر مند افرادی قوت کی تیاری پر فوکس کیا گیا۔ چوہدری شافع حسین نے کہا کہ گزشتہ ایک سال میں 100 سے زائد غیر ملکی سرمایہ کار کمپنیوں سے مل چکا ہوں۔ متعدد کمپنیوں نے پنجاب میں سرمایہ کاری پر رضامندی ظاہر کی ہے جبکہ پہلے سے موجود کمپنیاں پنجاب میں اپنی سرمایہ کاری بڑھا رہی ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر پنجاب سمال انڈسٹریز کارپوریشن نے اربوں روپے کی بلاسود قرضوں کی سکیمیں شروع کی ہیں۔

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	5:15
فجر	6:00
ظہر	1:30
عصر	4:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	7:30

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

جلد پنجاب بھر سے پیپلز پارٹی کا گڑھ بنے گا: پروفیسر ڈاکٹر فیصل چوہدری

بلاول بھٹو زرداری نے پیپلز پارٹی کو پنجاب میں دوبارہ سب سے بڑی سیاسی قوت بنانے کا پختہ عزم کر رکھا ہے جسے عملی جامعہ پہنانے کیلئے پارٹی قیادت برسرپیکار ہے

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) پروفیسر ڈاکٹر فیصل چوہدری ٹکٹ ہولڈر پی پی 63 اور ڈاکٹر ریاض احمد رانا جنرل سیکرٹری پی پی 63 نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ بلاول بھٹو زرداری نے پیپلز پارٹی کو پنجاب میں دوبارہ سب سے بڑی سیاسی قوت بنانے کا پختہ عزم کر رکھا ہے جسے عملی جامعہ پہنانے کیلئے پارٹی قیادت برسرپیکار ہے۔ جلد پنجاب بھر سے پیپلز پارٹی کا گڑھ بنے گا۔ پارٹی رہنما، جیالے صوبہ بھر میں پارٹی سرگرمیوں کو فروغ دے رہے ہیں اور پارٹی قیادت کا پیغام گھر گھر پہنچایا جارہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گذشتہ روز گورنر ہاؤس میں ایک افطار ڈنر کے بعد بشیر بھاگٹ و دیگر کارکنوں سے ملاقات کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع 'عمران اسحاق نائب صدر یوسی 61' رانا محمد افضل نائب صدر یوسی 61 بھی موجود تھے۔ پنجاب بھٹو شہید کے چاہنے والوں کا صوبہ ہے جس میں پیپلز پارٹی نے اپنے ادوار اقتدار میں بھرپور عوامی خدمت کی اور جمہوری عمل کو تقویت دینے کیلئے لازوال قربانیاں دیں۔ شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے اپنے دونوں ادوار حکومت میں عین منشور کے مطابق خواتین کو بااختیار بنانے کیلئے وومن بینک، وومن منسٹری اور وومن پولیس اسٹیشن کا قیام کیا، اور آسان اقساط پر قرض کی فراہمی کو یقینی بنایا تاکہ وہ اپنے کاروبار کا آغاز کرسکیں۔ ڈاکٹر ریاض احمد رانا نے مزید کہا کہ قائداعظم سے لے کر بی بی شہید تک ایک ہی مشن رہا ہے کہ عوام کی طاقت عوام کو دینی ہے، اسلام ہمارا دین، مساوات ہماری معیشت، طاقت کا سرچشمہ عوام اور شہادت ہماری منزل ہے، بھٹوازم پاکستان کو بچا سکتا ہے، ذوالفقار علی بھٹو نے چین کو پاکستان کا گہرا دوست بنایا، امریکہ اور چین کی دوستی کروائی، پوری مسلم امہ کو اکٹھا کیا ہمیں آج بھی بھٹوازم سے سبق سیکھنا ہوگا اور دنیا میں اپنا امیج بہتر کرنا ہو گا، آپس کے اختلافات چھوڑ کر پاکستان کو مسلم امہ کا لیڈر بنانا ہوگا۔۔

ڈی پی او سیالکوٹ کی کھلی کچہریوں میں مسائل سن کر احکامات جاری

شہریوں کی شکایات/مسائل سن کر ازالہ کیلئے فوری ایکشن کی عوام میں پزیرائی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو خواجہ عامر جاوید) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ فیصل شہزاد کی ضلع بھر کے تھانہ جات کی حدود میں شہریوں کی شکایات ومسائل کے لئے کھلی کچہریوں کا انعقاد جاری۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ نے لیڈیز پارک سونی سکوائر تھانہ حاجی پورہ، تھانہ کوتوالی قلعہ کے پارک، تھانہ ہیڈ مرالہ گراؤنڈ، تھانہ سمبڑیال وصدر پسرور سمیت ضلع کے دیگر دور افتادہ علاقہ جات کے تھانوں کی حدود میں کھلی کچہریوں کے انعقاد کا جو سلسلہ شروع کیا ہے اس سے جہاں شہریوں کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کرکے فوری ازالہ کیلئے متعلقہ پولیس آفیسران کو موقع پر احکامات جاری کئے جارہے ہیں وہیں کھلی شہریوں میں آئے عوام الناس کا کہنا ہے کہ ضلع سیالکوٹ کی تاریخ کے پہلے ڈی پی او ہیں جو کھلی کچہریوں کا انعقاد تھانہ کے اندر کرنے کی بجائے عوامی جگہوں پر شہریوں کو سنتے ہیں اور اس دوران شہریوں کو بلا خوف متعلقہ تفتیشی کیخلاف بھی کھل کر بولنے کی اجازت ہوتی ہے جس کی عمائدین شہر اقبال سیالکوٹ میں زبردست پزیرائی حاصل ہوئی ہے۔

صدر آصف علی زرداری نے کوئٹہ میں سیکیورٹی اجلاس کی صدارت کی: خواجہ اویس مشتاق

چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی شرکت اہم تھی: نائب صدر پی پی پنجاب



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) پاکستان پیپلز پارٹی سینٹرل پنجاب کے نائب صدر خواجہ اویس مشتاق ایڈووکیٹ سپریم کورٹ نے صدر پاکستان آصف علی زرداری نے پارٹی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے ہمراہ شرکت کی۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی، آئی جی بلوچستان، چیف سیکرٹری بلوچستان وسیکرٹری داخلہ وصوبہ کی سیکیورٹی سے متعلقہ تمام اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی۔ کوئٹہ میں امن و امان کے حوالے سے اہم سیکیورٹی اجلاس زیر صدارت صدر پاکستان آصف علی زرداری میں وزیر اعلیٰ پنجاب سرفراز بگٹی نے شرکاء کو بریفنگ دی۔ صدر پاکستان نے کہا کہ بلوچستان میں ہر قسم کی دہشتگردی و فورسز پر حملے برداشت نہیں۔ دہشتگردی کا خاتمہ کرینگے اور پولیس کو جدید ہتھیار فراہم کرینگے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بچوں کو تعلیم دلوانا ہمارا مشن ہے۔

گوجرانوالہ: درزیوں نے دکانوں پر ہاؤس فل کے بورڈ آویزاں کر دیئے

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال) عید قریب، شہر کے مختلف علاقوں ماڈل ٹاؤن 'سیٹلائٹ ٹاؤن' پیپلز کالونی 'واپڈا ٹاؤن 'نوشہرہ روڈ 'جناح روڈ 'دھلے (صدیق اکبر ٹاؤن) راحکوٹ 'گرجاکھ 'باغبانپورہ 'گھنٹہ گھر چوک 'کالج روڈ 'عالم چوک' حافظ آباد روڈ 'چمن شاہ 'کھیالی 'گوندلانوالہ 'نیو سول لائن 'سوئی گیس روڈ 'ڈی سی روڈ 'فتومنڈ 'سیالکوٹ روڈ وغیرہ کے علاقوں میں کام کرنے والے ٹیلرز نے دکانوں پر 'ہاؤس فل' کے بورڈ آویزاں کر دیئے ہیں اور کپڑوں کے آرڈر لینا بند کر دیئے ہیں۔ اس حوالے سے کے ایک ٹیلر ماسٹر محمد افضل سے بات کی گئی تو انہوں نے بتایا کہ عید الفطر کی آمد قریب ہے اور آرڈرز کی بھرمار ہے۔

غیر ضروری ویسٹ پوائنٹس مچھروں کی بہتات اہل علاقہ کیلئے مشکلات بڑھ گئیں

سرکاری اور نجی اداروں کے سامنے عارضی ویسٹ پوائنٹس بنانا کونسی عقل مندی ہے

نارنگ منڈی (نامہ نگار) نارنگ شہر میں جگہ جگہ غیر ضروری ویسٹ پوائنٹس مچھروں کی بہتات اہل علاقہ کیلئے مشکلات بڑھ گئیں اندھیرا ہوتے ہی مچھروں کی فوج حملہ کر دیتی ہے شہریوں کا کہنا ہے کہ جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر لگے ہوئے ہیں جس سے مچھروں کی افزائش تیزی سے ہورہی ہے جبکہ انتظامیہ کا کہنا ہے کہ سینٹری ورکرز روزانہ کی بنیاد پر صفائی کررہے ہیں جن پوائنٹس کی نشاندہی کی گئی ہے وہ عارضی ویسٹ پوائنٹس بنائے گئے ہیں شہر کا کوڑا کرکٹ وہاں جمع کرکے روزانہ کی بنیاد پر اٹھا کر شہر سے دور منتقل کر دیا جاتا ہے جس پر شہریوں کا کہنا ہے کہ سرکاری اور نجی اداروں کے سامنے عارضی ویسٹ پوائنٹس بنانا کونسی عقل مندی ہے سرکاری تعلیمی اداروں اور دیگر اداروں کے سامنے سے کوڑے کرکٹ کے ڈھیر ختم کئے جائیں اور شہر میں ویسٹ ڈرمز کی تعداد بڑھائی جائے تاکہ شہری کوڑا کرکٹ ان ڈرمز میں آسانی سے ڈال سکیں جس سے شہر کی خوبصورتی میں اضافے کے ساتھ ساتھ مچھروں کی افزائش کو روکا جاسکے۔

اسسٹنٹ کمشنر انعم علی خان نے رمضان سہولت بازار میں عوامی ریلیف کے پیش نظر اشیائے خورونوش کی کوالٹی اور قیمتوں کا جائزہ لیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر انعم علی خان نے رمضان سہولت بازار میں عوامی ریلیف کے پیش نظر اشیائے خورونوش کی کوالٹی اور قیمتوں کا جائزہ لیا اور رمضان سہولت بازار میں مختلف سٹالز پر اشیائے ضروریہ کی چیکنگ کی، اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نے کہا کہ رمضان سہولت بازار میں بہترین کوالٹی کی اشیاء مارکیٹ ریٹس سے کم نرخوں پر فراہمی کا سلسلہ جاری رکھا جائے اور تمام سٹالز پر اشیائے خورونوش کی ہرگز شارٹیج نہیں ہونی چاہیے، رمضان سہولت بازار میں صفائی ستھرائی اور سیکیورٹی کے امور کا بھی خصوصی خیال رکھا جائے۔

قوم کی تعمیر وترقی کیلئے علم کی شمع جلانا ضروری ہے

اسی جذبے کے ساتھ دیگر شہروں قصبوں دیہات میں مخیر حضرات میدان عمل میں آئیں

نارنگ منڈی (نامہ نگار) تعلیمی ادارے قوم کی ملکیت ہیں تمام سرکردہ افراد ان اداروں کی تعمیر وترقی میں معاون ثابت ہوں قوم کی تعمیر وترقی کیلئے علم کی شمع جلانا ضروری ہے جس کیلئے بہترین تعلیمی اداروں کا قیام ضروری ہے ان خیالات کا اظہار چیف ایگزیکٹو آفیسر ایجوکیشن شیخوپورہ نعیم عباس رانا نے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرز فضل الٰہی اور بختیار احمد کے ہمراہ گورنمنٹ ہائی سکول نظام پورہ میں طلباء میں جوتے تقسیم کرتے ہوئے کیا سکول طلباء کے لئے نئے جوتے مخیر حضرات اور سربراہ ادارہ اقبال کھرل کے ہمراہ ماہر تعلیم غلام اللہ کی کاوشوں سے مہیا کیے گئے طلبا اور اساتذہ نے اس کاوش کو مثال قرار دیتے ہوئے سرکاری سکول معیاری سکول کی مہم کو کامیاب بنانے کا عزم کرتے ہوئے کہا کہ طلباء میں فری کتابوں یونیفارم اور جوتوں وغیرہ کی تقسیم سے ان کی تعلیم کے حصول کے لئے درپیش مشکلات میں کافی حد کمی آئے گی اسی جذبے کے ساتھ دیگر شہروں قصبوں دیہات میں مخیر حضرات میدان عمل میں آئیں طلباء کے مالی مسائل کے لئے ہر ممکن مدد کریں تاکہ وہ اپنی تعلیمی سرگرمیاں جاری رکھ سکیں۔

ضلع بھر میں پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ٹیموں کی طرف سے

کاروائی کا سلسلہ جاری بھاری جرمانے اور مقدمات درج

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ضلع بھر میں پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ٹیموں کی طرف سے کاروائی کا سلسلہ جاری بھاری جرمانے اور مقدمات درج تفصیلات کے مطابق پنجاب فوڈ اتھارٹی چنیوٹ کی فوڈ سیفٹی ٹیموں کی طرف سے سحر و افطار پوائنٹس کی انسپکشنز کا عمل جاری ہے۔ ڈپٹی ڈائریکٹر اپریشنز ڈاکٹر قاسم رضا کی زیر نگرانی معیاری خوراک کی فراہمی کے مشن کے تحت 104 فوڈ بزنسز کو چیک کیا گیا اور متعدد کو مزید بہتری کے لئے اصلاحاتی نوٹسز جاری کئے گئے جبکہ 11 دوکانداروں کو مختلف خلاف ورزیوں پر 71500 روپے کے جرمانے عائد کئے گئے۔ مزید برآں 18 کلو غیر معیاری کیچپ، 72 لیٹر ایکسپائرڈ کولڈ ڈرنکس اور 4 کلو مختلف ایکسپائرڈ مصنوعات کو ضائع کرایا گیا

یوم علیؓ سکیورٹی کے فول پروف انتظامات کیے جائینگے: ڈپٹی کمشنر حافظ آباد

ضلعی انتظامیہ، پولیس، ریسکیو 1122، سول ڈیفنس اور دیگر متعلقہ محکموں کی جانب سے امن وامان کے قیام اور جلوسوں کے موقع پر حفاظتی و دیگر انتظامات کے لیے ڈیوٹیاں لگا دی گئی ہیں

DEPUTY COMMISSIONER
HAFIZABAD

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق کا کہنا ہے کہ یوم شہادت حضرت علیؓ کے موقع پر جلوسوں کی سکیورٹی کے فول پروف انتظامات کیے جائینگے۔ ضلعی انتظامیہ، پولیس، ریسکیو 1122، سول ڈیفنس اور دیگر متعلقہ محکموں کی جانب سے امن وامان کے قیام اور جلوسوں کے موقع پر حفاظتی و دیگر انتظامات کے لیے ڈیوٹیاں لگا دی گئی ہیں۔ جلوسوں کی گزرگاہوں پر سی سی ٹی وی کیمرے لگائے جائینگے جبکہ ضلع اور تحصیل کی سطح پر کنٹرول روم بھی قائم کیے جائینگے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار یوم علیؓ کے سلسلہ میں حفاظتی و ضروری انتظامات کے لیے منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو تنویر یاسین، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حمد اللہ، اسسٹنٹ کمشنر پنڈی بھٹیاں اشفاق احمد، ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر ریسکیو 1122 محمد عدنان نواز سمیت دیگر تمام متعلقہ محکموں کے افسران اجلاس میں شریک تھے۔ ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق نے تمام متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایت کی کہ یوم علیؓ کے موقع پر اپنے اپنے محکموں سے متعلقہ حفاظتی و ضروری انتظامات کو یقینی بنایا جائے۔ ریسکیو 1122 اور محکمہ صحت کے ڈاکٹرز، پیرا میڈیکل سٹاف اور دیگر اہلکاروں پر مشتمل ٹیمیں جلوسوں کے اختتام پر انکے ساتھ اپنی ڈیوٹی سرانجام دیں گی جبکہ محکمہ سول ڈیفنس اور بم ڈسپوزل سکواڈ بھی جلوسوں کی گزرگاہوں کی مکمل سویپنگ کرینگے۔ ڈپٹی کمشنر نے ایم سی افسران کو ہدایت کی کہ جلوسوں کی گزرگاہوں پر صفائی ستھرائی، لائٹنگ اور دیگر ضروری انتظامات کو ہر لحاظ سے مکمل کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے تمام محکموں کے افسران کو ہدایت کی کہ یوم علیؓ کے موقع پر امن وامان کے قیام اور دیگر حفاظتی وضروری انتظامات میں کسی قسم کی کوئی لاپرواہی اور کوتاہی نہیں ہونی چاہیے۔ ڈپٹی کمشنر نے امن کمیٹی کے اراکین، مقامی علمائے کرام، انجمن تاجران، میڈیا کے نمائندوں اور سول سوسائٹی کے دیگر سرکردہ افراد سے بھی اپیل کی کہ وہ یوم علیؓ کے موقع پر امن وامان کے قیام کے لیے اپنی قومی ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے ضلعی انتظامیہ اور پولیس سے مکمل تعاون کریں۔ اجلاس میں بریفنگ دیتے ہوئے ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر عدنان نواز نے بتایا کہ ریسکیو 1122 کی موٹر بائیک ایمرجنسی سروس کے ساتھ ساتھ ایمبولینس اور رفائر بریگیڈ کی بھی سہولت ہو گی جبکہ جلوسوں کے اہم مقامات پر ریسکیو 1122 اور محکمہ صحت کی جانب سے خصوصی کیمپ بھی لگائے جائینگے اور تمام متعلقہ محکموں کے افسران و دیگر سٹاف جلوسوں کے اختتام پر اپنی ڈیوٹی سر انجام دیں گے۔

ماہ صیام ہمیں صبر، ایثار اور استقامت کا درس دیتا ہے: مرزا اطہر سلطان مغل

ہمارا دین رنگ ونسل سے بالاتر احترام آدمیت کا درس دیتا ہے: جنرل سیکرٹری گلوبل یونین آف جرنلسٹس

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) سینئر صحافی وگلوبل یونین آف جرنلسٹس گوجرانوالہ کے جنرل سیکرٹری مرزا اطہر سلطان مغل نے کہا ہے کہ رمضان کا مہینہ رحمتوں 'برکتوں اور نزول قرآن کا مہینہ ہے۔ ہمارا دین رنگ ونسل، قومی ولسانی اور علاقائی تعصب کو مٹا کر مساوات سمیت صبر، استقامت اور بھائی چارے کا درس دیتا ہے نیز یہ کہ ماہ صیام میں ہمیں زیادہ سے زیادہ نیکیاں سمیٹنی چاہیں۔ انہوں نے کہا کہ رمضان المبارک کے مقدس ایام میں اللہ تعالیٰ اپنی رحمت کے دروازے کھول لیتا ہے ہمیں چاہیے کہ ہم اس کی خوشنودی حاصل کرنے کیلئے اپنا زیادہ وقت اس کی عبادت میں گزاریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ رمضان المبارک کا مبارک مہینہ تمام مسلمانوں کیلئے خوشی کا مہینہ ہے جس میں ہر مسلمان کو مالک کائنات اصلاح نفس کے مواقع دیتا ہے۔ ہمیں چاہیے اس بابرکت مہینے میں اپنی غلطیوں کی معافی مانگیں اور کوشش کریں کہ اس مہینے زیادہ سے زیادہ توبہ استغفار کریں۔ علاوہ ازیں انہوں نے مزید کہا کہ صاحب استطاعت افراد مستحق اور نادار افراد کی زیادہ سے زیادہ مالی واخلاقی مدد کریں تاکہ ان کی سحری و افطاری کا سہل بندوبست ہو سکے اور انہیں بروقت زکوٰۃ وفطرانہ بھی ادا کریں تاکہ مستحق افراد عید کی بروقت خریداری کرسکیں۔ کیونکہ روزہ ہمیں مستحق افراد کے ساتھ ایثار اور بھائی چارے کا درس دیتا ہے۔ ماہ صیام ہمیں صبر، ایثار اور استقامت کا درس دیتا ہے: مرزا اطہر سلطان مغل۔

فیصل آباد: چک نمبر 121 کے رہائشی کا پولیس کے مبینہ ظلم کے خلاف احتجاج، خودسوزی کی دھمکی

قیمتی اشیاء ضبط کرلیتی ہے اور خواتین وبچوں کے ساتھ بدسلوکی کی جاتی ہے، جس کی وجہ سے ان کی زندگی اجیرن ہو چکی ہے

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) چک نمبر 121 ج ب گوکھووال کے رہائشی عبدالرحمان ولد دلشاد احمد نے فیصل آباد پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ پولیس کی جانب سے ان کے اور ان کے بھائیوں کے خلاف جھوٹے مقدمات درج کرکے انہیں مسلسل ہراساں کیا جارہا ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ پولیس بے بنیاد الزامات کی آڑ میں آئے روز ان کے گھر پر چھاپے مارتی ہے، قیمتی اشیاء ضبط کرلیتی ہے اور خواتین وبچوں کے ساتھ بدسلوکی کی جاتی ہے، جس کی وجہ سے ان کی زندگی اجیرن ہو چکی ہے۔ عبدالرحمان نے کہا کہ وہ اور ان کے بھائی زمینداری، مال مویشی پالنے، بازارداری اور پراپرٹی کے کاروبار سے وابستہ ہیں، مگر ایک پرانے مقدمے کے باعث ان کے نام پولیس کے ریکارڈ میں شامل کر دیے گئے ہیں۔ اس بنیاد پر مختلف تھانوں کی پولیس ان کا تعاقب کر رہی ہے اور انہیں جھوٹے مقدمات میں پھنسانے کی دھمکیاں دی جارہی ہیں۔ پریس کانفرنس کے دوران عبدالرحمان نے وزیر اعلیٰ پنجاب، آئی جی پنجاب اور دیگر اعلیٰ حکام سے اپیل کی کہ ان کے ساتھ ہونے والی زیادتیوں کا فوری نوٹس لیا جائے اور ایک غیر جانبدار کمیٹی تشکیل دے کر اس معاملے کی مکمل تحقیقات کرائی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر پولیس نے انہیں اور ان کے خاندان کو بے جا تنگ کرنا بند نہ کیا تو وہ سی پی او آفس کے سامنے خودسوزی کرنے پر مجبور ہو جائیں گے۔

بیٹیوں کو بھی اعلیٰ تعلیم دلوائیں۔ فرزند سیالکوٹ: اظہر حمید بھٹی

طلباء پر اساتذہ کی قدر ومنزلت لازم ہے۔ بیرسٹر ابوبکر بھٹی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو خواجہ عامر جاوید) کامیابی کی منازل طے کرنیوالے سٹوڈنٹس باوقار مقام رکھتے ہیں والدین کی جدوجہد اور محنت کی بدولت طالب علم معزز معاشرے کا حصہ بن جاتے ہیں ہم ان اساتذہ کو سیلوٹ پیش کرتے ہیں جن کی جدوجہد اور کاوشوں کی بدولت ستارے روشن ہورہے ہیں بیٹیوں کے لیے تعلیم کا حصول ممکن بنانے سے ہی مستقبل روشن ہوسکتا ہے۔ ان باتوں کا اظہار معروف سیاسی وسماجی شخصیت اظہر حمید بھٹی اور بیرسٹر ابوبکر بھٹی آف سازلے پرائیویٹ انٹرنیشنل نے نجی سکول میں بطور مہمان خصوصی شرکت کے موقع پر کیا۔ تقریب تقسیم انعامات کے دوران انہوں نے اعلیٰ پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ و طالبات میں انعامات تقسیم کیے۔

ٹریفک بلاک کی صورت موٹر سائیکل اسکواڈ فوری رسپانڈ کریگا: مدثر صدیق

رمضان المبارک میں متعدی سے ڈیوٹی کریں۔ ڈی ایس پی عدنان قاسم

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو خواجہ عامر جاوید) ڈی ایس پی ٹریفک ہیڈکوارٹر مدثر صدیق و ڈی ایس پی صدر عدنان قاسم نے ٹریفک آفس میں ٹریفک سٹاف کیساتھ میٹنگ کی اور رمضان المبارک کے آخری عشرے میں ڈیوٹی کے حوالے سے ہدایات دیں اور موٹر سائیکل کا سپیشل سکواڈ بھی بنایا جو ٹریفک جام ہونے کی صورت میں فوری طور رسپانس کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ رمضان المبارک کے دوران ٹریفک پولیس اہلکار مستعدی و فرض شناسی سے فرائض منصبی انجام دیں۔ جہاں بھی ٹریفک بلاکیج ہو کال چلنے پر فوری طور پر رسپانس دیتے ہوئے سیالکوٹ پولیس کا اسپیشل موٹر سائیکل اسکواڈ وہاں ٹریفک کا بہاؤ یقینی بنانے کیلئے پہنچے گا۔ شہریوں کیساتھ تحمل و بردباری کیساتھ پیش آئیں اور ٹریفک ریگولیشن پر بھرپور توجہ دیں۔

مصطفیٰ آباد للیانی میں گداگروں نے ڈیرے لگا لیے، شہری شدید اذیت کا شکار

مصطفیٰ آباد/للیانی (نمائندہ قوت) مصطفیٰ آباد للیانی میں گداگروں نے ڈیرے لگا لیے، جگہ جگہ لوگوں کا راستہ روک کر زبردستی بھتہ وصولی کے طریقے سے بھیک لینے لگے، شہری شدید اذیت کا شکار، اعلیٰ حکام سے کاروائی کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق مصطفیٰ آباد للیانی میں گداگروں نے ڈیرے لگا لیے ہیں۔ ٹول پلازہ، مین بازار، لاری اڈا کے ساتھ ساتھ گلی محلوں میں بھی فقیر ٹولیوں کی صورت میں بھیک مانگتے نظر آتے ہیں۔ ان کا بھیک مانگنے کا سٹائل بھتہ لینے جیسا ہوتا ہے اور زبردستی لوگوں سے بھیک وصول کرتے نظر آتے ہیں۔ بھیک نہ دینے پر لڑائی جھگڑا کرنے اور گالم گلوچ پر اتر آتے ہیں۔ بھیک مانگنے والوں میں کم عمر بچے، بچیاں، عورتیں اور غنڈہ نما نوجوان بھی شامل ہیں۔ کئی گداگروں نے سڑک پر اور سرکاری جگہوں پر مستقل ڈیرے لگا کر قبضہ بھی کیا ہوا ہے۔ ان گداگروں میں نوجوان لڑکیاں جسم فروشی جیسے گھناؤنے دھندے میں ملوث ہیں جو نوجوانوں کو دعوت گناہ دیتی دکھائی دیتی ہیں۔ مصطفیٰ آباد کے شہریوں نے اعلیٰ حکام سے اپیل کی ہے کہ ان کے خلاف کاروائی کی جائے اور شہریوں کو اس اذیت سے نجات دلائی جائے۔

پنجاب فوڈ اتھارٹی کا جعل ساز مافیا کے گرد گھیرا تنگ

ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز عطا عارف کی سربراہی میں 31/2L میں جوس پلانٹ پر کارروائی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) پنجاب فوڈ اتھارٹی کا جعل ساز مافیا کے گرد گھیرا تنگ، ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز عطا عارف کی سربراہی میں 31/2L میں جوس پلانٹ پر کارروائی، 300 جعلی بوتلیں، 250 کلو پیکنگ میٹریل اور مینگو پلپ ضبط، جوس پلانٹ مالک کیخلاف ایف آئی آر درج، 20 لٹر مضر صحت مشروبات تلف۔ پنجاب فوڈ اتھارٹی نے جعل ساز مافیا کیخلاف کمر کس لی ہے تفصیلات کے مطابق ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز عطاء عارف کی سربراہی میں فوڈ سیفٹی ٹیم نے گھر میں قائم خودساختہ جعلی جوس کی فیکٹری پر چھاپہ مارا۔ بغیر لیبلنگ اور برانڈنگ کے ناقص جوس تیار کرکے بوتلوں اور ریپرز میں پیک کیا جارہا تھا۔ پیکنگ کے اوپر تاریخ معیاد اور ایڈریس وغیرہ کچھ نہیں کیا گیا تھا۔ جوس کی تیاری میں فلٹر کے بغیر غیر معیاری پانی کا استعمال کیا جارہا تھا۔ فوڈ سیفٹی ٹیم نے تمام میٹریل قبضے میں لے کر مالک کیخلاف مقدمہ درج کروادیا۔ اس موقع پر ڈی جی فوڈ اتھارٹی محمد عاصم جاوید کا کہنا تھا کہ جعل سازی اور دھوکہ دہی کے خاتمے کیلئے پنجاب بھر میں کریک ڈاؤن جاری ہے۔

جہلم ضلع بھر کے سرکاری ہسپتالوں کی آوٹ سورسنگ کے خلاف احتجاج

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ضلع بھر کے سرکاری ہسپتالوں کی آوٹ سورسنگ کے خلاف احتجاج، ضلع بھر میں واقع رورل ہیلتھ سنٹر بنیادی مرکز صحت کی آوٹ سورسنگ سے ضلع بھر کے سینکڑوں ملازمین سراپا احتجاج ملازمین کا کہنا ہے کہ حکومت، ملازمین کو بے روزگار کرنے کے منصوبے ترک کرے اور پرانے سسٹم کو ٹھیک کرے۔ مظاہرین نے کہا کہ ہسپتالوں کی آوٹ سورسنگ سے پرائیویٹ کرکے ہسپتال ان ٹرینڈ ملازمین کے حوالے کیے جارہا ہے جس سے غریب عوام کو سخت نقصان ہوگا چالیس چالیس سالوں تعینات ملازمین کو دربدر کرنا ملازمین کے ساتھ زیادتی کے مترادف ہے حکومت اپنی پالیسوں پر نظرثانی کرے تاکہ غریب ملازمین اپنے بچوں کی بہتر انداز میں پرورش کرسکیں

وطن عزیز اس وقت تاریخ کے نازک ترین دور سے گذر رہا ہے

تمام چیلنجز سے مل کر نمرد آزما ہوا جاسکتا ہے: ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ محمد ذوالقرنین لنگڑیال

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو خواجہ عامر جاوید) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ محمد ذوالقرنین لنگڑیال نے کہا ہے کہ وطن عزیز اس وقت تاریخ کے نازک ترین دور سے گذر رہا ہے اور کئی ایک چیلنجز درپیش ہیں جن کا مقابلہ کرنے کیلئے قوم کو اتحاد بین المذاہب، اخوت، بھائی چارے اور اتفاق کا مظاہرہ کرنے ہوگا اور امن کے سفاک دشمن پر کڑی نظر رکھنی ہوگی تاکہ کوئی شرپسند ہماری امن کی خوشگوار فضا کو مکدر نہ کرسکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں آج یوم علی کرم اللہ وجہہ کی شہادت، یوم القدس اور جمعتہ الوداع کے اجتماعات کے سلسلہ میں ضلعی امن کمیٹی سیالکوٹ کے ممبران کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ایوب بخاری، ڈی ایس پی لیگل شعیب مختار، انچارج سکیورٹی برانچ حافظ سعید، حافظ اصغر علی چیمہ، مفتی کفایت اللہ شاکر، طیب عقیل، پیر حافظ غلام حسین سلطانی، عمران شیرازی، حافظ بابر اقبال، پیر ظہور واصف، حافظ محمد عارف، پرویز اختر، حافظ عبدالغفار، قاری محمد کبیر چشتی، حافظ فیصل افضل، علامہ مصدق قاسمی، شکیل احمد عطاری، قاری فیض علی قادری، علامہ محمد اقبال قادری، قاری عمر وقاص، مولوی محمد راشد کھٹانہ، حافظ محمد آصف شیخ، حافظ نیاز احمد الازہری ظفر عباس، حافظ محمد سلمان اعظم، حافظ رانا خلیق پسروری، قاری غلام حسین ڈسٹرکٹ خطیب محکمہ اوقاف، قاری محمد مصطفی، ڈی او آر ضلع کونسل نعیم منظور، ایم او آر ایم سی پسرور سید اسد حسین، ایم او آئی سمبڑیال عزیر ارشد، نمائندہ 1122 شوکت علی ساجد، سید علی نجم الحسن گیلانی، عبدالحفیظ مظہر اور ملک ذاکر حسین اعوان ایڈووکیٹ بھی موجود تھے۔

سٹی ٹریفک پولیس گوجرانوالہ کا عیدالفطر کے حوالہ سے ٹریفک پلان جاری

سیٹلائیٹ ٹاؤن مارکیٹ میں ڈائیورشنز لگاتے ہوئے ٹریفک کا بہاؤ قائم رکھا جائے گا، نیز چاندرات تک ٹریفک کو ون وے چلایا جائے گا

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) سی ٹی او گوجرانوالہ عائشہ بٹ کی ہدایت پر سٹی ٹریفک پولیس گوجرانوالہ نے عیدالفطر کی آمد کے پیش نظر ٹریفک پلان جاری کر دیا۔ آخری عشرہ میں مارکیٹس حائے میں رش بڑھ جاتا ہے، تمام اہم مارکیٹس حائے میں ٹریفک کی اضافی نفری تعینات ہوگی۔ اہم مارکیٹس بالخصوص سیٹلائیٹ ٹاؤن مارکیٹ کے حوالے سے بھی ٹریفک پلان ترتیب دیا گیا ہے۔ ٹریفک پلان کے مطابق چاند رات تک ٹریفک کو ون وے چلایا جائے گا۔ اس ٹریفک پلان کے تحت ٹریفک کی اضافی نفری کو مارکیٹ میں تعینات کیا گیا ہے۔ خریداروں اور تاجروں کی سہولت کے لیے ٹریفک کو دو مقامات سے مارکیٹ میں داخلے کی اجازت ہو گی تاکہ ٹریفک کی روانی کو بہتر بنایا جا سکے۔ مارکیٹ آنے والی تمام ٹریفک گورنمنٹ گرلز کالج برائے خواتین سے واپڈا آفس چوک اور ریکس سمینا روڈ مارکیٹ میں داخل ہو سکے گی۔ ٹریفک اسٹاف کو ون وے پلان پر عمل درآمد کرنے کے لیے سختی سے ہدایات جاری کی گئی ہیں۔ سی ٹی او کا کہنا تھا کہ رانگ پارکنگ ٹریفک کے بہاؤ میں رکاوٹ کی ایک بڑی وجہ ہے۔ اس بارے لفٹر سٹاف کو ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ رانگ پارک گاڑیوں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔ اس موقع پر سی ٹی او گوجرانوالہ عائشہ بٹ نے تاجروں اور شہریوں سے اپیل کی ہے، کہ وہ ٹریفک پولیس کے ساتھ تعاون کریں تاکہ مارکیٹ میں آنے والے شہری باآسانی خریداری کرسکیں۔

کھلے عام فروخت! پنجاب فوڈ اتھارٹی بے بسی کی تصویر بن کر رہ گئی!

شہریوں کا ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی سے نوٹس لینے کا مطالبہ

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال) گوجرانوالہ شہر اور گردونواح میں ملاوٹ شدہ مصالحہ جات کی کھلے عام فروخت' پنجاب فوڈ اتھارٹی بے بسی کی تصویر بن کر رہ گئی' شہریوں کا ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی سے نوٹس لینے کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق سرخ مرچ 'مصالحہ 'ہلدی' گوشت' دودھ' دہی' دالیں' سوجی' بیسن سمیت دیگر مصالحہ جات کو خطرناک کیمیکل رنگوں اور چاول کے بھوسے کی ملاوٹ کرکے بازاروں میں کھلے عام فروخت کیا جارہا ہے۔ مافیاز نے جعلی مصالحہ جات تیار کرنے کیلئے گھروں میں منی فیکٹریاں قائم کر رکھی ہیں۔ ان غیر معیاری مصالحہ جات کو ہوٹلز' میرج ہالز' میرج گارڈن' مارکیٹس سمیت شہر کے بازاروں میں دیدہ دلیری کیساتھ فروخت کیا جارہا ہے جسے سادہ لوح صارفین خرید کر کھانوں میں استعمال کرتے ہیں جس سے شہری بڑی تعداد میں معدے کی خطرناک بیماریوں میں مبتلا ہو رہے ہیں۔ شہریوں نے ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی سے مطالبہ کیا ہے کہ ناقص وغیر معیاری مصالحہ جات تیار کرکے فروخت کرنیوالے دکانداروں کیخلاف آپریشن کروایا جائے تاکہ شہری موذی امراض سے محفوظ رہ سکیں۔

ڈی آئی جی اسد سرفراز خان حسن اخلاق اور فرض شناسی کی بہترین مثال ہیں: ملک احسن تاج اعوان

ملاقات میں ملک احسن تاج اعوان نے اسد سرفراز خان کو ڈی آئی جی کے عہدے پر ترقی ملنے پر مبارکباد پیش کی

بہاولپور (بیورو رپورٹ) ڈی آئی جی اسد سرفراز خان حسن اخلاق اور فرض شناسی کی بہترین مثال ہیں ملک احسن تاج اعوان تفصیل کے مطابق ڈی پی او بہاولپور اسد سرفراز خان کو ڈی آئی جی کے عہدے پر ترقی ملنے پر ترجمان پاکستان مسلم لیگ ن بہاولپور ڈویژن ملک احسن تاج اعوان کی اسد سرفراز خان سے ملاقات ہوئی اس موقع پر شعبہ تعلقات عامہ بہاولپور پولیس پی ار او ڈی پی او بہاولپور راؤ کاشف بھی موجود تھے ملاقات میں ملک احسن تاج اعوان نے اسد سرفراز خان کو ڈی آئی جی کے عہدے پر ترقی ملنے پر مبارکباد پیش کی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا اس موقع پر ملک احسن تاج اعوان کا مزید کہنا تھا کہ اسد سرفراز خان نے بطور ڈی پی او بہاولپور جو خدمات سر انجام دی تاریخ اس کو سنہری حروف سے لکھے گی اسد سرفراز خان نے اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور قابل محنتی ٹیم سے بہاولپور سے جرائم کا خاتمہ کرنے میں بہت حد تک کامیاب ہوئے ہیں اور کمزور غریب طبقہ کو انصاف فراہم کے لیے مساجد اور تھانہ جات میں کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا اور موقع پر میرٹ پر انصاف کی فراہمی کو یقینی بنایا اور جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلا امتیاز کاروائی کی جس سے شہر بہاولپور اور گردونواح میں امن وامان اور سکون کی فضا قائم ہوئی امان وامان قائم رکھنے کے لیے کاروائیوں کا سلسلہ ابھی بھی کامیابی سے جاری ہے۔ ملک احسن تاج اعوان کا مزید کہنا تھا ڈی آئی جی اسد سرفراز خان جیسے آفیسر ملک وقوم کا قیمتی اثاثہ ہیں اسد سرفراز خان نے محکمہ سے کرپشن جیسے ناسور کے خاتمے کے لئے بہت سے پولیس اہلکاروں اور افسران کے خلاف محکمانہ کارروائیاں کے ذریعے سزائیں دی ملک احسن تاج اعوان نے کہا کہ اسد سرفراز خان جیسے آفیسر اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور قابلیتوں سے ملک وقوم کی ترقی کے لیے بہترین معاون ثابت ہو سکتے ہیں اللہ تعالیٰ اسد سرفراز خان کو دن دگنی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے آمین اس موقع پر پی آر او ڈی پی او بہاولپور راؤ کاشف بھی موجود تھے۔

محکمہ لیبر کی عدم دلچسپی، سینکڑوں کاروباری اداروں نجی اسپتالوں پرائیویٹ سکولوں کے اساتذہ کا استحصال

حکومت پنجاب کی مقرر کردہ تنخواہ کی بجائے چند ہزار پر گزارہ کرنے پر مجبور

جہلم (بیورو رپورٹ) محکمہ لیبر کی عدم دلچسپی، سینکڑوں کاروباری اداروں نجی اسپتالوں پرائیویٹ سکولوں کے اساتذہ کا استحصال، حکومت پنجاب کی مقرر کردہ تنخواہ کی بجائے چند ہزار پر گزارہ کرنے پر مجبور، ضلع جہلم کی چاروں تحصیلوں میں جنگل کا قانون نافذ وزیر اعلیٰ پنجاب کے احکامات ہوا میں اڑادیے گئے، عوامی سماجی رفاحی تنظیموں کے عمائدین کا وزیر اعلیٰ پنجاب سے نوٹس لینے کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق محکمہ لیبر کے ضلعی افسران کی عدم دلچسپی کیوجہ سے ضلع بھر کے بیشتر پرائیویٹ اداروں کاروباری مراکز۔ نجی اسپتالوں اور نجی تعلیمی اداروں کے مالکان نے وزیر اعلیٰ پنجاب کے احکامات پر عملدرآمد کروانے کی بجائے ڈنگ ٹپاؤ پالیسی پر عملدرآمد شروع کر رکھا ہے۔ نجی اداروں کے محنت کشوں کے وزیر اعلیٰ پنجاب سے مطالبہ کیا ہے کہ حکومت پنجاب اداروں کاروباری مراکز کے مالکان کو ملازمین کے بنکوں میں اکاؤنٹ کھلوانے کا پابند بنایا جائے تاکہ اصل حقائق منظر عام پر آسکیں محنت کشوں کا کہنا کہ حکومت نے 8 گھنٹے روزانہ کام اور 26 دن کام کرنے کے احکامات جاری کر رکھے ہیں جبکہ مالکان 12/13 گھنٹے مشقت کرواتے ہیں اور اگر کوئی محنت کش چھٹی کرے تو اس کی تنخواہ سے کٹوتی کرلی جاتی ہے محکمہ لیبر ضلع جہلم کے ذمہ داران کی اس حوالے سے کارکردگی صفر ہے شہری سماجی رفاحی فلاحی تنظیمیوں کے عمائدین نے وزیر اعلیٰ پنجاب چیف سیکرٹری پنجاب ایڈوائزر صوبائی محتسب پنجاب سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے

ٹریفک قوانین پر عملدرآمد یقینی بنائیں۔ سید شفقت رسول

حادثات میں قیمتی جانوں کا ضیاع افسوسناک ہے۔ انچارج ٹریفک ایجوکیشن ون

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو خواجہ عامر جاوید) پسرور کے علاقہ توڑیاں والا سٹاپ کے قریب روڈ ایکسیڈنٹ میں گاؤں لوپرے کا رہائشی نوجوان موٹر سائیکل سوار موقع پر جاں بحق ہوگیا۔ حادثہ تیز رفتاری کے باعث پیش آیا۔ باوثوق زرائع کے مطابق تین دنوں میں پسرور کے مضافاتی سڑکوں پر تیز رفتاری کے باعث حادثات میں 2 موٹر سائیکل سوار جاں بحق جبکہ پانچ زخمی ہو چکے ہیں جو لمحہ فکریا ہے۔ دوسری جانب سیالکوٹ ٹریفک پولیس کے انچارج ایجوکیشن ونگ سید شفقت رسول نے میڈیا کیساتھ گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ افسوسناک واقعات میں قیمتی جانوں کے ضیاع سے بچنے کیلئے بائیکرز و وہیکل ڈرائیورز سیالکوٹ ٹریفک پولیس کی مفت ایجوکیشن کلاسز سے استفادہ اٹھائیں۔ ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کریں اور بلا لائسنس گاڑیاں چلانے سے اجتناب کریں۔

ڈپٹی کمشنر ماریہ طارق کا تحصیل عارفوالا کا تفصیلی دورہ

ترقیاتی منصوبوں، صفائی مہم، تعلیمی اداروں، تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال، مراکز صحت، رمضان سہولت بازار کا معائنہ ڈپٹی کمشنر ماریہ طارق نے آج تحصیل عارفوالہ میں مصروف دن گزارا

عارف والا (امیر احمد خان سے) ڈپٹی کمشنر ماریہ طارق کا تحصیل عارفوالا کا تفصیلی دورہ، ترقیاتی منصوبوں، صفائی مہم، تعلیمی اداروں، تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال، مراکز صحت، رمضان سہولت بازار کا معائنہ ڈپٹی کمشنر ماریہ طارق نے آج تحصیل عارفوالہ میں مصروف دن گزارا، جہاں انہوں نے مختلف ترقیاتی منصوبوں، صفائی مہم، تعلیمی اداروں، تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال، بنیادی صحت مراکز اور رمضان سہولت بازار میں عوام کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا ڈپٹی کمشنر ماریہ طارق کے ساتھ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر عارف والا میر رومان خلیل، سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر سہیل اصغر، ڈی ڈی ڈویلپمنٹ بلال شوکت، سی او ایم سی چوہدری افضل زاہد، ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ ظہیر احمد کھوکھر اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران بھی ان کے ہمراہ تھے ڈپٹی کمشنر ماریہ طارق نے یونین کونسل پیر صدر دین اور یونین کونسل جیون شاہ میں محکمہ لوکل گورنمنٹ کی جانب سے جاری ''ستھرا پنجاب پروگرام'' کے تحت صفائی مہم کا جائزہ لیا ڈپٹی کمشنر ماریہ طارق نے صفائی کے انتظامات، کوڑا کرکٹ کی بروقت تلفی اور عملے کی کارکردگی کا معائنہ کرتے ہوئے ہدایت دی کہ صفائی کے نظام کو مزید موثر بنایا جائے ڈپٹی کمشنر ماریہ طارق نے عوام سے بھی اپیل کی کہ وہ صفائی کے حوالے سے اپنی سماجی ذمہ داریوں کو پورا کریں۔

اے ڈی سی جی سیالکوٹ کا غیر قانونی پیٹرول پمپس کیخلاف کریک ڈاؤن

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو خواجہ عامر جاوید) ضلع سیالکوٹ میں غیر قانونی ایل پی جی گیس کی ڈی کنٹنگ اور منی پیٹرول پمپس کے خلاف بڑی کارروائی کی گئی ہے۔ اس کارروائی کے دوران 10 دکانداروں کو حوالات میں بند کیا گیا، 6 کے خلاف مقدمات درج کیے گئے، جبکہ 10 دکانوں کو سر بمہر کر دیا گیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ایوب بخاری کی زیر نگرانی سول ڈیفنس ڈیپارٹمنٹ نے غیر قانونی اور ممنوعہ طریقے سے ایل پی جی گیس فروخت کرنے والے دکانداروں، تقسیم کار ایجنسیوں اور منی پیٹرول پمپس کے خلاف بڑی کارروائی کا آغاز کیا ہے۔ پہلے ہی روز درجنوں دکانداروں کو غیر قانونی ایل پی جی گیس اور پیٹرول فروخت کرنے پر گرفتار کیا گیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ایوب بخاری نے کہا کہ غیر قانونی طریقے سے ایل پی جی گیس کی بھرائی ایک خطرناک اور قابل گرفت جرم ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ایسے عناصر کے خلاف بلا امتیاز قانونی کارروائی کی جائے گی اور انتظامیہ کسی سے رعایت نہیں برتے گی۔ انہوں نے خبردار کیا کہ جو افراد ایسے گھناؤنے کاروبار سے وابستہ ہیں، وہ فوری طور پر یہ خطرناک کام چھوڑ دیں، ورنہ ان کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔



ایڈیٹوریل DAILY QUWAT

quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

لاپتہ افراد کا معاملہ دہشت گردی سے منسلک نہ کیا جائے!

بلوچستان میں جعفر ایکسپریس سانحہ کے بعد تشدد اور بے چینی کے حوالے سے قومی منظر نامہ پر مباحث کا سلسلہ بدستور جاری ہے۔ کچھ عناصر فوج کی بروقت کارروائی اور اعلیٰ پروفیشنل کارکردگی پر رطب اللسان ہیں تو کچھ آوازیں اس مسئلہ کو وسیع تر تناظر میں دیکھنے اور یہ سمجھنے کی کوشش کر رہی ہیں کہ بلوچستان میں شورش پر کیسے قابو پایا جاسکتا ہے۔ وزیر اعظم اور دیگر زعمانے اس حوالے سے قومی یک جہتی کی ضرورت پر زور ضرور دیا ہے لیکن عملی طور سے ایسے کوئی اقدام دیکھنے میں نہیں آئے کہ دہشت گردی یا کسی ایک صوبے میں پائے جانے والے علیحدگی پسندانہ رجحانات کے بارے میں اتفاق رائے سے کوئی حکمت عملی تیار کی جاسکے۔ اب حکومت نے منگل کو پارلیمنٹ کی قومی سلامتی کمیٹی کا اجلاس طلب کیا ہے۔ اس خفیہ اجلاس میں عسکری قیادت بلوچستان اور خیبر پختون خان میں سکیورٹی کی صورت حال پر بریفنگ دے گی جس کے بعد سیاسی لیڈر باہم تبادلہ خیال کرسکیں گے۔ خبروں کے مطابق تحریک انصاف نے اس اجلاس میں شرکت کا فیصلہ کیا ہے۔ تاہم حکومت اور تحریک انصاف کے درمیان جاری مناقشے اور کسی ٹھوس سیاسی منصوبہ کی عدم موجودگی کی وجہ سے اس بات کا امکان نہیں ہے کہ اجلاس کے شرکا کسی نتیجہ تک پہنچ سکیں گے۔ ماضی میں بھی بعض سنگین وقوعات کے بعد ایسی ہی بریفنگ اور اجلاسوں کا اہتمام کیا جاتا رہا ہے تاہم ان سے کبھی کوئی قابل عمل نتیجہ برآمد نہیں ہوسکا۔ اس وقت خاص طور سے ملک میں عمومی سیاسی بحران اور عدم اعتماد کی صورت حال میں کسی نتیجہ تک پہنچنا مشکل دکھائی دیتا ہے۔ تحریک انصاف انتخابی دھاندلی کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے صرف انتخابی نظام یا حکومت کے ساتھ ہی پنجہ آزما نہیں ہے بلکہ وہ عسکری قیادت پر براہ راست الزامات بھی عائد کرتی ہے۔ اس کا ماننا ہے کہ اسٹیبلشمنٹ ناجائز طور سے موجودہ سیاسی قیادت کو اقتدار میں لے کر آئی ہے۔ اس لیے موجودہ خرابیوں کی ساری ذمہ داری بھی فوجی قیادت پر ہی عائد ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جعفر ایکسپریس پر حملے اور سینکڑوں مسافروں کو یرغمال بنانے کے واقعہ سے اگر پوری قوم شدید پریشانی کی حالت میں تھی تو بھی تحریک انصاف نظام کی کمزوریوں کی نشاندہی کر کے اس کا الزام عسکری قیادت کی طرف موڑنے کی کوشش کرتی رہی ہے۔ یہ حقیقت بھی نوٹ کی جاسکتی ہے کہ عمران خان کی طرف سے اس سانحہ پر قوم کے ساتھ ہمدردی کے اظہار یا دہشت گردوں کی مذمت کرنے کا کوئی پیغام بھی منظر عام پر نہیں آیا۔

اس کے برعکس پارٹی کے سوشل میڈیا نے اس حوالے سے شدید اور قابل اعتراض پروپیگنڈا کا سلسلہ شروع کیا تھا۔ ایف آئی اے نے اس سلسلہ میں کچھ گرفتاریاں بھی کی ہیں اور اس رجحان کی تحقیقات کی جارہی ہیں۔ اس صورت حال میں اگرچہ عملی طور سے حالات اطمینان بخش نہیں ہیں لیکن یہ پہلو بہر حال تسلی کا سبب ہے کہ سب سیاسی لیڈر اپنے اپنے طور پر یہ مانتے ہیں کہ دہشتگردی کے خلاف اتفاق رائے پیدا ہونا چاہیے اور یہ کہ بلوچستان کے مسئلہ کا حل طاقت کی بجائے سیاسی طور سے تلاش کرنے کی ضرورت ہے۔ اس کے باوجود جب سیاسی لیڈر کسی حتمی نتیجہ تک پہنچنے میں ناکام رہتے ہیں اور حکومت و اپوزیشن کسی ایسے معاہدہ پر متفق نہیں ہو پاتے کہ مستقبل میں دہشت گردی کے معاملات سے کیسے نمٹا جائے تو اسے سیاسی پارٹیوں اور حکومت کی ناکامی کے سوا کوئی نام نہیں دیا جاسکتا۔ ملک کے بیشتر مسائل پر عام طور سے عسکری قیادت کی موجودہ غلطیوں یا ماضی میں کردار کا حوالہ دیتے ہوئے فوج کو ذمہ دار قرار دینے کا رویہ عام ہے۔ یہ الزام میڈیا، سیاسی بیانات اور دیگر تبصروں کی صورت میں سامنے آتا رہتا ہے۔ البتہ اس کے ساتھ ہی یہ بھی دیکھنے میں آیا ہے

میرے پاس فی الحال تم ہو



ہمارے ہاں رمضان ٹرانسمشن ایک طرح سے ریاکاری، نمائش اور منافقت کا ذریعہ بنی ہوئی ہے، جس میں بظاہر نیک بن کر وعظ و نصیحت کرنے کی باقاعدہ اداکاری کی جاتی ہے، شوبز سے جڑی شخصیات کو مذہبی پہناوا کے ساتھ اینکر بنا دیا جاتا ہے تاکہ وہ اپنے گناہوں کا کفارہ ادا کر لیں۔

حال ہی میں رمضان ٹرانسمشن کے ایک پروگرام میں معروف اداکار دانش تیمور جس میں انہی کی اہلیہ عائزہ خان مہمان تھیں میں دانش نے ایک زبردست انکشاف کرتے ہوئے کہا

"مجھے چار شادیوں کی اجازت ہے، یہ اجازت انہیں قادر مطلق نے دے رکھی ہے جسے اس سے کوئی نہیں چھین سکتا، لیکن وہ محبت اور عزت کی بنیاد پر فی الحال عائزہ کے ساتھ رہنا چاہتا ہے"

کیا فی الحال والا ابھی کوئی سمبندھ ہوتا ہے؟

اب اسے دوسری شادی کا خبط کہیں یا احساس برتری کے کھوکھلے کمپلیکس کا گھٹیا ترین اظہار، اپنے اختیار کا اس قدر ڈھٹائی سے اظہار کرنا کہ جس خاتون کے ساتھ آپ کے دن رات بیت رہے ہوں اس کے متعلق اس قدر تذلیل پر مبنی رویہ اختیار کرنا محض اس لیے کہ وہ خاتون ہے کھلا تضاد نہیں؟

بھلے آپ کو قدرت نے یہ اختیار دے رکھا ہے لیکن اس کا مطلب ہرگز یہ نہیں کہ آپ آن ائر وہ بھی اپنی شریک حیات کی موجودگی میں وارننگ والے انداز میں احسان کرتے ہوئے کہیں کہ مجھے چار شادیوں کا حق تو ضرور ہے لیکن فی الحال میں ان کے ساتھ رہنے پر اکتفا کروں گا۔

کیا یہ اظہار کا مہذب طریقہ ہے؟

مطلب اگر آپ سلیبرٹی ہیں تو اس کا یہ مطلب تھوڑے ہے کہ جو جی میں آئے کہتے پھریں؟

یہ "فی الحال" طرز کی کیسی محبت ہے جسے آپ آن ائر رسوا کر رہے ہیں اور دھمکی والے انداز میں خدائی پیغام بھی سنا رہے ہیں۔

یہ پدرسری سماج کے گھٹیا اور منافقانہ پیمانے ہیں، مرد ہونے کی آڑ میں اپنی جنسی خواہشات کی تکمیل تو مکمل آزادی کے ساتھ انجوائے کرنا چاہتے ہیں لیکن بات جب خواتین کی آتی ہے تو ایک دم سے ان کی غیرت جاگ جاتی ہے۔

خود کے ساتھ چار خواتین کا حصار چاہتے ہیں اور خاتون ڈرتے ہوئے اپنی خواہش کا ذرا سا اشارہ بھی کردے تو وہ گھٹیا اور چالو کیوں؟

منافق سماج کے کیسے گھٹیا پیمانے ہیں کہ مردانہ ہوس یا خواہش تو جائز ہے لیکن اگر وہی آزادی خاتون کو چاہیے تو اسے گھٹیا، چالو یا بازاری ایسے القاب جڑ دیے جاتے ہیں کیوں؟

اگر مرد کو عضو تناسل کی وجہ سے اپنی مردانگی پر فخر ہے، جس کا تذکرہ وہ دوسری یا تیسری شادی کی صورت میں ایک مردانہ اسٹیٹس کے طور پر فخریہ انداز میں کرتا ہے تو پھر ایک خاتون کو یہ حق حاصل کیوں نہیں؟

حالانکہ وہ بھی تو ایک سرچشمہ حیات وجانا کی مالک ہے، جذبات رکھتی ہے اور مکمل جنسی تسکین چاہتی ہے، وہ بھی اگر یہی سب آن ائر کہہ دے کہ مجھے اپنے شوہر سے جنسی تسکین نہیں مل پا رہی ہے لیکن فی الحال وہ انہی کے ساتھ رہنا چاہتی ہے لیکن یاد رہے کہ قدرت نے اسے بھی خلع کا اختیار دے رکھا ہے تو ذرا بتایئے کسی بھی مرد کو یہ سب کیسا لگے گا؟

بھائی یہ تو خواتین کا حوصلہ ہے، اگر وہ زبان کھول دے تو نجانے کتنوں کی مردانگی ننگی ہو جائے، جیسے ایک مرد کے ذہن میں سوال ہوتے ہیں یا جنسی تسکین کے تصورات پائے جاتے ہیں بالکل اسی طرح سے ایک خاتون کے ذہن میں بھی نجانے کتنے سوال، فینٹسی یا جنسی تسکین کے متعلق رنگ برنگی خواہشات پائی جاتی ہیں لیکن وہ سماجی جبر کی وجہ سے اظہار نہیں کر پاتی۔

بدقسمتی سے ہمارے ہاں کے مرد کو نہ تو خاتون کے ساتھ ڈھنگ سے سونا آیا ہے اور نہ ہی عالم بیداری میں انسانوں ایسا برتاؤ؟ کرنا۔

لائیو شو میں ہزاروں لوگوں کی موجودگی میں اپنے جیون ساتھی کو یوں رسوا کرنا کوئی مردانگی نہیں بلکہ بزدلی ہے، جو بات گھر میں رہنی چاہیے وہ اگر ایسے باہر نکلتی ہے تو آپ احساس کمتری کے مارے ہوئے انسان ہیں۔

حالات حاضرہ پر مبنی ایک دلچسپ کہانی

فکرونظر
عصمت اسامہ
readandwrite657@gmail.com

حاجی منور صاحب عشاء کی نماز پڑھ کے گھر آ؟ تو دیکھا کہ کسی نے صحن کا نلکا کھلا چھوڑ رکھا تھا، وہ بند کر کے بچوں کو آواز لگانے لگے جو انھیں دیکھ کر چھپ گئے تھے۔ حاجی صاحب صحن میں بچھے ہو؟ تخت پوش پر بیٹھ گئے۔

"او ببلو، منھی، پپو، کدھر ہو سارے؟"

"جی دادا جی!" ایک ایک کر کے تینوں بچے باہر نکل آ؟۔

"شکلیں اتنی معصوم ہیں پر عقلیں کہاں ہیں؟ سارا دن پانی کھلا چھوڑے رکھتے ہو، کتنی بار سمجھایا ہے کہ پانی ضائع کرنا 'اسراف' ہے، گناہ ہے!" دادا جی نے خفگی کا اظہار کیا۔

"آ گئے آپ؟ وہ کام ہو گیا؟" دادی جان بھی دوپٹہ ٹھیک کرتے ہو؟ آ گئیں۔

"نہیں اور؟ میری شکل میں جن آیا بیٹھا ہے کوئی؟" دادا جان نے بے ساختہ کہا تو بچے بھی بے ساختہ ہنسنے لگے۔

"بھاگو یہاں سے، سارا دن شور کرتے رہتے ہو" دادی جان کی جھڑکی سن کے بچے فوراً بھاگ گئے۔

"ابا جی، کھانا لگا دوں؟" کچن سے بہو بھی ہاتھ پونچھتی ہوئی آ گئی۔

"میں لگا دوں گی ان کا کھانا، تم اور بچے کھا لو" ساس نے نرمی سے کہا تو اس لہجے پر بہو کچھ حیران حیران سی واپس مڑ گئی۔

حاجی صاحب نے قمیض کی جیب سے والٹ نکالا، پھر ایک چیک اپنی بیوی کو پکڑا دیا۔

"یہ لو، تین لاکھ روپے کا چیک، تمہارے بڑے بھائی جی مجھے دے گئے تھے کہ ان کی طرف سے غریبوں، مسکینوں اور ضرورت مندوں میں تقسیم کر دوں"۔

بازغہ خاتون نے جلدی سے چیک پکڑا اور اندر چلی گئیں۔

"بازغہ، بات تو سنو!" دادا جان نے پکارا مگر وہ جا چکی تھیں۔

حاجی صاحب سوچنے لگے کہ اردگرد کون کون غریب رشتے دار، مسکین اور مستحق لوگ رہتے ہیں جن کی ان پیسوں سے امداد کی جا سکتی ہے۔ بہت سے بیمار، بے روزگار، ضعیف اور ضرورت مند لوگوں کے چہرے تصور میں دکھائی دینے لگے۔ وہ اٹھ کے اندر چلے آ؟ تاکہ بیوی سے اس بارے میں بات کر لیں۔

"وہ میرے ماموں کی بیٹی نصرت پچھلے سال بیوہ ہو گئی تھی اس کے دو بچے بھی ہیں، کچھ پیسے اسے دے دیں گے، کیا خیال ہے؟" حاجی صاحب نے بات شروع کی۔

"آپ کے ماموں تو میرے بیٹے کی شادی میں نہیں آ؟ تھے، پتہ ہے کہ ہم کتنے چاؤ سے شادی کارڈ دینے گئے تھے لیکن پتہ نہیں کیا ساڑا پڑ گیا انھیں ہمارے پتر سے ---۔ نہ بھئی وہ شادی پر نہیں آ؟ تو اب ہمارے لئے ان کا ہونا، نہ ہونا ایک برابر ہے!" بازغہ خاتون نے جواب دیا۔

"میری چھوٹی پھپھو اپنے اکلوتے بیٹے کو کالج میں داخلہ دلوانا چاہتی ہے۔ پھپھا جی بے روزگار ہیں، بلکہ گلزار محنتی لڑکا ہے، ڈاکٹر بن جا؟ گا تو کتنے انسانوں کا بھلا ہو گا، اسے کالج میں داخلے کے لئے کچھ رقم دے دیتے ہیں"۔ حاجی صاحب نے کہا۔

"پھپھو کی تو بات نہ کریں آپ، اس کے چار بھائی زندہ ہیں ماشاءاللہ، ان کا ذمہ بنتا ہے کہ بھانجے کا داخلہ کروائیں ---۔ ہمارا تو ذمہ نہیں بنتا!" بازغہ خاتون نے یہاں بھی حامی نہ بھری۔

"اچھا پھر ایسے کرتے ہیں کہ ہماری بہو کے ابا جی بہت بیمار ہیں، ان کی بیماری کی درست تشخیص نہیں ہو پا رہی، انھیں کسی اچھے ہاسپٹل لے جاتے ہیں اور علاج کروا دیتے ہیں، ان کا تو کوئی بیٹا بھی نہیں ہے۔ ہماری بہو بھی خوش ہو جا؟ گی، مزید خدمت کرے گی!" حاجی صاحب نے ایک اور مستحق کا نام پیش کیا۔

"بہو خوش ہو یا نہ ہو، میں اس سے کام لینا جانتی ہوں، میرے سامنے اس کی کیا مجال کہ چوں بھی کر سکے اور اس کے ابا تو حکیم سے علاج کروا رہے ہیں، زندگی موت اللہ کے ہاتھ میں ہے، ہمارے ہاتھ میں تھوڑی ہے" بازغہ خاتون نے غصے سے کورا جواب دے کر سر جھٹکا تو چٹیا ناگن کی طرح بل کھانے لگی پھر وہ کمرے سے باہر چلی گئیں کہ کہیں حاجی صاحب کو کسی اور ضرورت مند کا خیال نہ آ جا؟۔

حاجی صاحب سر پکڑ کے بیٹھ گئے۔ پچھلے جمعے کو جامع مسجد کے امام صاحب نے کتنی تفصیل سے بتایا تھا کہ مال میں پہلا حق قریبی رشتے داروں کا، پھر ہمسایوں کا ہوتا ہے۔ انھوں نے زور دے کے کہا تھا کہ غریب رشتے دار کو دینے سے دوگنا ثواب ملتا ہے اور یہی صلہ رحمی ہے جس کا بندے سے حساب لیا جا؟ گا۔

دوسرے کمرے میں بازغہ خاتون ڈریسنگ ٹیبل کے سامنے کھڑی تھیں، وہ تصور ہی تصور میں اپنے گلے میں ایک چمکتا دمکتا گولڈ سیٹ دیکھ رہی تھیں۔ جب وہ سونا میرے پاس ہو گا تو میرے چہرے پر بھی میرے نام جیسی چمک آ جائیگی۔

سموگ کے تدارک کے لیے رورل کمیونٹی ڈویلپمنٹ سوسائٹی کی قابل تحسین کاوشیں

تحریر: پروفیسر ناصر بشیر

سموگ کو زمینی اوزون بھی کہا جاتا ہے۔ یہ ایک ایسی بھاری اور سرمئی دھند کی تہ کی مانند ہوتی ہے جو ہوا میں جم جاتی ہے۔ سموگ میں موجود دھویں اور دھند کے اس مرکب یا آمیزے میں کاربن مونو آکسائیڈ، نائٹروجن آکسائیڈ اور میتھین جیسے مختلف زہریلے کیمیائی مادے بھی شامل ہوتے ہیں۔ فضائی آلودگی سموگ کا بڑا سبب ہے جوں ہی درجہ حرارت میں کمی ہوتی ہے تو گرم ہوا اوپر جانے کی بجائے فضا میں معلق ہو جاتی ہے اور اس میں بھوسے اور کوڑا کرکٹ جلنے سے پیدا ہونے والے ذرات اور گاڑیوں اور فیکٹریوں سے نکلنے والے دھویں سے پیدا ہونے والی گیسز اور ذرات فضا میں ٹھہر جاتے ہیں جس سے فضا نیچے سے اوپر تک آلود ہو جاتی ہے۔ صبح سویرے تو حدِ نگاہ تک فضا آلودہ دکھائی دینے لگتی ہے۔ پاکستان میں سموگ ایک نئی آفت ناگہانی ہے جو ہم نے پہلے کبھی نہیں دیکھی تھی۔ اس کی جو وجوہ ابھی تک سامنے آئی ہیں ان میں فصلوں کی باقیات کو نذرِ آتش کرنا، جنگلات کا کٹاؤ؟ اور دھواں خارج کرنے والی گاڑیاں اہم ہیں۔ ہمارے ہاں آج بھی فصلوں کی کاشت پرانے اور روایتی طریقوں سے ہوتی ہے۔ ایک فصل کی کٹائی کے بعد کھیتوں میں بہت سی باقیات رہ جاتی ہیں جب تک ان باقیات کو تلف نہ کیا جائے تب تک اگلی فصل کاشت نہیں ہو سکتی۔ ترقی یافتہ ممالک فصلوں کی کٹائی کے لیے جدید طریقے استعمال کرتے ہیں اس لیے وہاں باقیات کو آگ لگانے کی ضرورت پیش نہیں آتی۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ ہمارے ہاں شجرکاری کے شعور کے باوجود جنگلات کو تیزی سے کاٹا جا رہا ہے۔ نتیجہ یہ نکلا ہے کہ یہاں بارشیں روٹھ گئی ہیں۔ گرمی کی شدت میں اضافہ ہو رہا ہے۔ اکتوبر، نومبر اور مارچ اپریل میں گرمی کی شدت میں اضافہ ہو جاتا ہے اور ہر طرف سموگ کا راج ہوتا ہے۔ ہماری سڑکوں پر ایندھن سے چلنے والی گاڑیوں کی تعداد میں بھی روز بروز اضافہ ہو رہا ہے۔ حکومت دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کے لیے اپنی سی کارروائی تو کرتی ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ سموگ پر تا حال قابو نہیں پایا جا سکا۔ سموگ سے نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ ہمارے ہاں کھانسی اور الرجی کے مریضوں کی تعداد میں مسلسلہ اضافہ ہو رہا ہے۔ دمہ پھیل رہا ہے۔ آنکھوں کے امراض بھی شدید ہوتے چلے جا رہے ہیں۔ ہمارے ہاں سموگ سے بچاؤ؟ کے لیے عوام کو کئی حفاظتی تدابیر بتائی جاتی ہیں جن میں سے ایک یہ ہے کہ ماسک لگا کر گھر سے باہر نکلیں۔ پانی زیادہ پیا جائے۔ باہر سے آتے ہی تازہ پانی سے چہرے اور آنکھوں کو دھو لیا جائے۔ کھیتوں کی باقیات کو آگ نہ لگائی جائے، کوڑا کرکٹ جلایا نہ جائے، گاڑیوں کی مرمت بروقت کرائی جائے۔ یہ سب کچھ کرنے کے باوجود ہمارے ہاں سموگ پر مکمل قابو نہیں پایا جا سکا۔ ماحولیات کا محکمہ سرگرم ہوتا ہے لیکن جب تک خود عوام اس سلسلے میں آگے نہیں آئیں گے تب تک اس مسئلے پر قابو پانا مشکل دکھائی دیتا ہے۔ ان حالات میں رورل کمیونٹی ڈویلپمنٹ سوسائٹی نے آگے بڑھ کر سموگ کے خلاف برسرِ عمل ہونے کا فیصلہ کیا ہے۔ رورل کمیونٹی ڈویلپمنٹ سوسائٹی (آر۔ سی۔ ڈی۔ ایس) کے بانی محمد مرتضٰی کھوکھر ہیں اور اس کے مینیجنگ ڈائریکٹر قیصر اقبال ہیں۔ قیصر اقبال ایک پڑھے لکھے آدمی ہیں۔ انگریزی، سیاسیات اور سوشل ورک میں ایم اے کر چکے ہیں۔ اپنی سوسائٹی کے بانی محمد مرتضٰی کھوکھر کے وژن کے مطابق سوسائٹی کو لے کر چلتے ہیں اور جو ٹارگٹ طے کیے جاتے ہیں ان تک پہنچنے کے لیے پرخلوص کوشش اور کاوش کرتے ہیں۔ دیہاتی علاقوں میں اس سوسائٹی کی خدمات اور کاوشیں دیکھی جا سکتی ہیں۔ غریب مردوں اور خواتین کو اپنے پاؤ؟ں پر کھڑا کرنے میں انھوں نے بہت اہم کردار ادا کیا ہے۔ اب یہ سوسائٹی سموگ کا مقابلہ کرنے کے لیے میدانِ عمل میں نکلی ہے۔ اس ضمن میں انھیں ایک نہایت شان دار، فعال اور پُرعزم ٹیم میسر ہے، جس میں مختار علی کیہری، مس ردا، مس مہ وش، مس وحید، مس شازیہ نمایاں ہیں۔ قیصر اقبال نے آر۔ سی۔ ڈی۔ ایس میں نچلی سطح یعنی سوشل موبلائزر انچارج سے کام کا آغاز کیا۔ پھر پروگرام مینیجر، ڈسٹرکٹ مینیجر اور ریجنل مینیجر بنے اور آج اس کے ایم۔ ڈی ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ ان کی یہ ترقی سوسائٹی کے بانی محمد مرتضٰی کھوکھر کی راہ نمائی کا نتیجہ ہے۔ چند ہفتے قبل مجھے قیصر اقبال صاحب کا فون آیا اور کہنے لگے کہ میں نے آپ کی سموگ کے حوالے سے ایک نظم پڑھی ہے، جس کے دو اشعار بھی انھوں نے سنائے: دھویں اور دھند کے گٹھ جوڑ سے سموگ بنتی ہے تبھی تو زندگی لاہور میں اک روگ بنتی ہے ملوں کی چمنیاں آب وہوا کو چاٹ جاتی ہیں نسیمِ صبح کو بادِ صبا کو چاٹ جاتی ہیں انھوں نے مجھے ملاقات کرنے کو کہا۔ چنانچہ میں کافی کا ایک کپ ان کے ساتھ نوش کرنے کے لیے رحمٰن گارڈن میں واقع ان کے دفتر جا پہنچا۔ باتوں باتوں میں انھوں نے بتایا کہ جرمنی کا ایک ادارہ ویلٹ ہنگر ہلفے Welthungerhilfey سموگ کے تدارک کے لیے دنیا کے آٹھ ملکوں میں مسلسل سرگرم عمل ہے۔ یہ ادارہ 2016 سے کام کر رہا ہے۔ ہماری سوسائٹی اس جرمن ادارے کے ساتھ مل کر پنجاب بالخصوص لاہور ڈویژن کے اضلاع اور نواحی علاقوں میں سموگ کو جڑ سے اکھاڑنے کے لیے کام کر رہی ہے۔ ہم نے اس مشترکہ منصوبے کو TOGETHER کا نام دیا ہے۔ یہ نام GREATERTOWARDS ANDEFFECTIVENESS IN TIMELINESS HUMANITARIAN EMERGENCY RESPONCE کا مخفف ہے۔ واقعی TOGETHER ایک بہت معنی خیز نام ہے۔ ایسی آفت جو ایک بڑی آبادی کو نقصان پہنچا کر متاثر کر رہی ہو، اسے بہت سے لوگوں کے ساتھ مل کر ہی ختم کیا جا سکتا ہے۔ جرمن ادارہ HOIFA یعنی HUMANITARIAN OPERATIONS INNOVATION FACITLITY ایسی آفات کے خاتمے کے سلسلے میں مختلف ملکوں کے اداروں اور سوسائٹیوں کو معاونت فراہم کرتا ہے جو پہلے کبھی نہ ہوا ہو۔ یہ ادارہ بجا طور پر سمجھتا ہے کہ سموگ بھی ایک ایسی آفت ہے جو اسی زمانے میں دیکھی گئی ہے۔ قدرتی آفات ماضی میں بہت آتی رہی ہیں لیکن سموگ ایک آفتِ ناگہانی ہے جس نے ہر آدمی کو متاثر کیا ہے۔ قیصر اقبال نے بتایا کہ اس ادارے کے ساتھ مل کر وہ لاہور اور اس کے مضافات میں سموگ کے خاتمے کے لیے کام کر رہے ہیں۔ اس ضمن میں بہت سے اقدامات کیے گئے ہیں۔ ان علاقوں میں فارمرز سموگ کمیٹیاں تشکیل دی گئی ہیں۔ جیسا کہ نام ہی سے ظاہر ہے کہ ان میں کسانوں کو شامل کیا گیا ہے۔ یہ کمیٹیاں بنانا بہت ضروری تھا کیونکہ سموگ کی ایک بڑی وجہ وہ کسان بھی ہیں جو پرانے اور روایتی انداز میں فصلیں کاشت کرتے ہیں۔ وہ نئی فصل کاشت کرنے سے پہلے فصلوں کی باقیات جلانے کے عادی ہیں۔ انھیں ہم چھوٹے انجن والے منی ٹریکٹر خرید کر دے رہے ہیں جو فصلوں کی باقیات کو جڑ سے اکھاڑ سکتے ہیں۔ اینٹیں بنانے والے بھٹوں کے مالکان سے ملاقاتیں کر رہے ہیں۔ انھیں ہم سموگ کے

افواج پاکستان، قوم کی ڈھال

سلمان احمد قریشی
فکرِ نو
/salman.qureshi
salmanqureshiokara@gmail.com

ریاست کی بنیاد اس کی حاکمیت اور قانون کی بالادستی پر ہوتی ہے۔ جب کوئی گروہ یا فرد ریاست کی رٹ کو چیلنج کرتا ہے، تو ریاست کے پاس ایک ہی آپشن بچتا ہے۔ طاقت کا موثر استعمال، دنیا کی تاریخ گواہ ہے کہ کسی بھی ملک نے دہشت گردوں اور مسلح گروہوں سے نرمی برت کر امن قائم نہیں کیا۔ امریکہ سے لے کر روس، چین سے لے کر ترکی تک، ہر ریاست نے اپنی سالمیت کے دفاع میں طاقت استعمال کی ہے۔ پاکستان میں بھی یہی اصول لاگو ہوتا ہے۔ جو عناصر ریاست کے خلاف ہتھیار اٹھاتے ہیں، انہیں آئینی اور قانونی فریم ورک کے تحت سخت ترین کارروائی کا سامنا کرنا چاہیے۔ اگر ہم ماضی میں جھانکیں تو دیکھیں گے کہ جب بھی ریاست نے کمزوری دکھائی، دہشت گرد مزید طاقتور ہوئے، اور جب بھی افواج پاکستان اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے ان کے خلاف بھرپور کارروائی کی، ملک میں امن بحال ہوا۔

ایک مخصوص لابی عرصہ دراز سے دہشت گردی کو ''اچھے'' اور "برے" کے خانوں میں تقسیم کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ کبھی "گڈ طالبان" اور "بیڈ طالبان" کی بحث چھیڑی جاتی ہے، تو کبھی دہشت گردوں کو "ناراض پاکستانی" کہہ کر ان کے جرائم پر پردہ ڈالنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ سوال یہ ہے کہ جو لوگ معصوم شہریوں، بچوں اور قانون نافذ کرنے والے اہلکاروں کا خون بہاتے ہیں، ان میں ''اچھے'' اور ''برے'' کی تفریق کیسے کی جا سکتی ہے؟ دہشت گرد صرف دہشت گرد ہوتے ہیں۔ ان کی کوئی قوم، مذہب، یا نظریہ نہیں ہوتا۔

یہ بھی ایک تلخ حقیقت ہے کہ جب ریاست کسی دہشت گرد گروہ کے خلاف کارروائی کرتی ہے، تو بین الاقوامی میڈیا اور چند مخصوص انسانی حقوق کے نام نہاد علمبردار فوراً حرکت میں آ جاتے ہیں۔ وہ دہشت گردوں کو "بے گناہ شہری" اور "مظلوم اقلیت" کے طور پر پیش کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ لیکن حقیقت اس کے برعکس ہے۔ جعفر ایکسپریس حملے کے بعد اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کا بیان اس حقیقت کو تسلیم کر چکا ہے کہ دہشت گرد کسی بھی قسم کی ہمدردی کے مستحق نہیں ہیں، اور ان کے خلاف سخت کارروائی عالمی امن کے لیے ناگزیر ہے۔

پاکستان میں جاری دہشت گردی کے پیچھے کون ہے، یہ کوئی راز نہیں رہا۔ بھارت کے ملوث ہونے کے ناقابل تردید شواہد بارہا سامنے آ چکے ہیں۔ بھارتی ایجنسی "را" مختلف دہشت گرد گروہوں کو فنڈنگ، تربیت اور سہولت فراہم کر رہی ہے، تاکہ پاکستان کو عدم استحکام کا شکار کیا جا سکے۔ بھارتی میڈیا اور سیاسی حلقے نہ صرف ان دہشت گردوں کی پشت پناہی کرتے ہیں بلکہ بین الاقوامی سطح پر پاکستان کے خلاف پراپیگنڈا بھی چلاتے ہیں۔

پاکستان اس وقت ایک نازک موڑ پر کھڑا ہے، جہاں کمزوری کی کوئی گنجائش نہیں۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں نرم رویہ اپنانا درحقیقت دشمن کو مزید شہ دینے کے مترادف ہے۔ ریاست کو چاہیے کہ وہ دہشت گردوں کے ماسٹر مائنڈز، سہولت کاروں اور مالی معاونین کے خلاف بغیر کسی دباؤ کے سخت سے سخت کارروائی کرے۔ یہ وقت فیصلہ کن اقدامات کا ہے یا تو ہم ایک مضبوط اور مستحکم ریاست کے طور پر ابھریں گے، یا پھر مظلومیت کے ڈھونگ میں الجھ کر مزید نقصانات اٹھائیں گے۔ فیصلہ ریاست کو کرنا ہے، اور قوم اپنی افواج اور سیکیورٹی اداروں کے ساتھ کھڑی ہے۔

پاکستان کئی دہائیوں سے دہشت گردی کے خلاف ایک بھرپور جنگ لڑ رہا ہے، اور اس جنگ میں ریاست نے بے شمار قربانیاں دی ہیں۔ سانحہ اے پی ایس ہو یا حالیہ جعفر ایکسپریس حملہ، ہر بزدلانہ کارروائی کے پیچھے وہی پرانا حربہ استعمال کیا جاتا ہے۔ مظلومیت کا ڈھونگ دہشت گرد گروہ اور ان کے سہولت کار ہر ممکن طریقے سے خود کو مظلوم ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں، تاکہ عوامی ہمدردی حاصل کی جا سکے اور ریاست کے خلاف ایک بیانیہ تشکیل دیا جا سکے۔

کسی بھی ملک کی سالمیت اور ترقی کا دار و مدار اس کے اندرونی استحکام اور سرحدی تحفظ پر ہوتا ہے۔ جب سرحدیں محفوظ ہوں اور ریاستی امور میں یکجہتی قائم ہو، تو کوئی بیرونی یا اندرونی قوت اس کی خودمختاری کو نقصان نہیں پہنچا سکتی۔ پاکستان جیسے جغرافیائی اور اسٹریٹجک لحاظ سے حساس ملک میں سرحدی اور ریاستی امور میں ہم آہنگی نہایت اہم ہے۔ سرحدوں کی حفاظت صرف فوج کا نہیں، بلکہ پوری قوم کا مشترکہ فریضہ ہے۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاک فوج نے بے مثال قربانیاں دی ہیں۔ جعفر ایکسپریس حملے کے بعد جس تیز رفتاری سے دہشت گردوں کو منطقی انجام تک پہنچایا گیا، وہ اس بات کا ثبوت ہے کہ پاکستان کی افواج کسی بھی چیلنج سے نمٹنے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہیں۔ پاکستانی عوام اپنی فوج کے ساتھ کھڑی ہے اور دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے ریاست کے ہر اقدام کی حمایت کرتی ہے۔ آج کی جنگ صرف میدان میں نہیں لڑی جا رہی، بلکہ ایک بڑا محاذ ڈیجیٹل پلیٹ فارمز پر بھی کھولا جا چکا ہے۔ دشمن عناصر سوشل میڈیا اور دیگر ڈیجیٹل ذرائع کو استعمال کر کے افواج پاکستان اور ریاستی اداروں کے خلاف زہریلا پراپیگنڈا کر رہے ہیں۔ ان سازشوں کا جواب بھی اتنی ہی شدت سے دینا ہوگا جتنا کہ میدان جنگ میں دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کی جاتی ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ وہ سائبر کرائم قوانین کو مزید موثر بنائے اور ریاست مخالف بیانیہ پھیلانے والے عناصر کے خلاف سخت ایکشن لے۔

افواجِ پاکستان صرف ایک عسکری قوت نہیں، بلکہ قوم کی غیر متزلزل ڈھال ہیں، جو ہر محاذ پر دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا دیتی ہیں۔ چاہے سرحدوں کی حفاظت ہو یا اندرونی امن و امان، چاہے

ملک اتحاد موومنٹ پاکستان کوخراج

تحریر: ملک جاوید اقبال شانی

تنظیمیں پلیٹ فارم پاکستان میں بہت زیادہ ہیں اور ہر کوئی اپنا کردار ادا کر رہا ہے اور ہر کوئی اپنے کردار میں پاکستان کو بلندیوں پر دیکھنا چاہتا ہے اور اپنے اداروں کو مضبوط سے مضبوط تر بنانے میں اپنا کردار بہتر نبھانے کی کوشش کرتا ہے لیکن ایم ائی ایم نے اپنا کردار ہر شہر میں پورے پاکستان میں دیکھنے والے کے منہ سے ویسے ہی نکل جاتا ہے افرین ہے ان پاکستانی بیٹوں پر جو پاکستان کی خدمت کی خاطر اپنے اپ کو پیش کیے ہوئے ہیں ملک اتحاد موومنٹ پاکستان کے چیئرمین ملک ندیم جو کہ ایک درویش صفت انسان ہیں ان کی اعلیٰ ظرفی مہمان نوازی ان کا بلند اخلاق دوسرے کے دلوں میں گھر کر لینے کے لیے ہی کافی ہے اور ان کے ساتھ صدر پاکستان ملک اتحاد موومنٹ ملک کاشف صابر ایک مسکراتا ہوا چہرہ خدمت خلق کرنے میں اپنا کردار جیسے لب و لہجے کے مالک اور سیکرٹری جنرل کے عہدے پر بیٹھے ہوئے ملک اتحاد موومنٹ پاکستان ڈاکٹر ریاض احمد ملک لفظوں کے جادوگر جوڑ توڑ کے ماہر اسٹیج کی دنیا کے بادشاہ اور ہر جگہ پر ان کی نظر نظر اتی ہے اسی طرح مختلف عہدوں پر پورے پاکستان میں وہ لوگ بیٹھے ہیں کہ جن کے اندر پاکستان کا درد پاکستان کی تڑپ پاکستان کی محبت موجود ہے گجرانوالہ میں سی پی او ایاز سلیم نے جب ملک اتحاد موومنٹ کے وفد سے ملاقات کی چیئرمین ملک ندیم اور صدر کاشف صابر کی قیادت میں تو اس وقت ایاز سلیم نے کہا کہ ہمیں ضرورت ہے ایسے لوگوں کی جو وطن کی خاطر دوڑ لگاتے ہوئے ہمیں نظر ائیں ہمیں ضرورت ہے ایسی تنظیموں کی جو اپنے وطن عزیز کی خاطر قربانیاں دیتی ہوئی نظر ائیں ایاز سلیم نے کہا میں پہلے بھی سن چکا ہوں کہ ملک اتحاد موومنٹ پاکستان بہترین اپنا کردار ادا کر رہی ہے وہ چاہے فری ہسپتال کی صورت میں ہو غریب بچیوں کی شادی کروانا ہو یتیم بچوں کے سر پہ ہاتھ رکھنا ہو یا پھر راشن فری تقسیم کرنا ہو ہر کام میں ملک اتحاد موومنٹ کا اپنا اقدام نظر اتا ہے سی پی او ایاز سلیم نے کہا کہ اگر اپ ہمارا ساتھ دیں اور عوامی ریلیف میں بھی کچھ ہیلپ کریں تو ہم مزید بہتر کام کر سکتے ہیں سی پی او گجرانوالہ کی بات سن کر ملک ندیم اور کاشف صابر نے اپنے وفد کی طرف دیکھا تو سب نے ان کی قیادت پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے لبیک کہا تو پھر سی پی او گجرانوالہ سے پوچھا گیا کہ ہمارے لائق کیا خدمت ہے تو سی پی او گجرانوالہ نے کہا کہ اس وقت ہم نے کرائم کو کنٹرول کرنا ہے تو اپ مہربانی فرما کر ہمارے ساتھ شہر میں اپنے تعاون کے ساتھ وائر لاک کی تقسیم کرنا شروع کر دیں تو ملک اتحاد منہ منٹ نے سی پی او ایاز سلیم کی بات کو سن کر جلد عمل پیرا ہونے کی یقین دہانی کرائی ہے نہیں اور پھر سب نے دیکھا کہ دو دن پہلے تھانہ گرجاک اور تھانہ کوتوالی کے ایس ایچ او کو دعوت دی گئی قیمہ بھی اور سڑکوں چوکوں میں کھڑے ہو کر وائر لاک عوام میں تقسیم کیے گئے اور بہترین افطاری اور کھانے کا انتظام بھی ملک اتحاد موومنٹ کے چیئرمین ملک ندیم نے اپنے پاس رکھا میں حیران ہوا کہ پاکستان کو بہتر بنانے میں اگر ہم تھوڑا تھوڑا کردار بھی ادا کریں تو پاکستان کی بہتری ہو سکتی ہے یہ ملک ندیم اور ملک کاشف صابر ڈاکٹر ریاض احمد ملک اور ان کی دوسری کیبنہ تو بہت بڑی اور وطن کی دل میں محبت رکھتے ہیں جب ملک ندیم چیئرمین پاکستان ملک اتحاد موومنٹ سے میری بات ہوئی تو ملک ندیم نے کہا یہ کچھ بھی نہیں ہے اگر ہمارا سب کچھ بک جائے اور اس وطن کی بہتری ہو جائے تو ہم سب کچھ قربان کرنے کے لیے تیار ہیں ملک کاشف صابر نے کہا کہ ہم پاکستانی بیٹے ہیں پاکستان کی خاطر ہماری جان مال ہر چیز حاضر ہے اور ملک اتحاد موومنٹ پاکستان بنانے کا مقصد یہ ہے کہ ہم اتحاد ثابت کریں اور الحمدللہ پورے پاکستان میں ملک اتحاد موومنٹ پاکستان اپنا کردار ادا کر رہی ہے اور میں دل ہی دل میں سوچ رہا تھا کہ جن کے چیئرمین صدر اور مرکزی جنرل سیکرٹری ایسے لوگ ہوں گے وہ تنظیم کامیاب ہی ہوتی ہیں ناکامی ان کا مقدر کبھی نہیں بنتا میں تو ملک خان موومنٹ پاکستان کے چیئرمین صدر اور جنرل سیکرٹری سے یہی کہوں گا کہ انے والے وقت میں پاکستان کی بہتری کے لیے اگر خود بھی باہر نکلنا پڑے تو باہر نکلیں کیونکہ پاکستان کو مخلص لوگوں کی ضرورت ہے جتنا پیار اتحاد اس تنظیم میں پایا جاتا ہے بہت کم لوگ ہیں جو ایسا کرنے میں کامیاب ہوتے ہیں پاکستان کے ہر ادارے سے اپ تعاون کریں اور وہ وقت دور نہیں جب پوری پاکستانی قوم ایک دوسرے کا بازو بننے کے لیے تیار ہو جائے گی اج ہمیں خراج تحسین پیش کرنا تھا اور کرتے رہیں گے یہ ایک مختصر خراج ملک اتحاد پاکستان کو کیا ہے لیکن انے والے وقت میں امید کرتا ہوں

ل لوگوں کیلئے سپیشل اقدامات

حقائق
تحریر
وسیم علی مغل

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے سپیشل لوگوں کیلئے سپیشل اقدامات کیے۔ پنجاب بھر میں 40 ہزار سپیشل بچوں کی ہیلتھ سکریننگ کے بعد بیماریوں کی تشخیص کی گئی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے بیمار طلبہ کے مفت علاج کا حکم دیا۔ پنجاب میں پہلی مرتبہ طلبہ کی حاضری کے لئے فیشل رجسٹریشن سسٹم متعارف کرایا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے خصوصی افراد روزگار پروگرام کی منظوری دے دی۔ سپیشل بچوں کیلئے رائزنگ سٹار کارڈ برائے سپیشل چلڈرن متعارف کرانے کا پروگرام کا فیصلہ کیا گیا۔ سپیشل چلڈرن کیلئے پیک فوڈ کا میل پروگرام شروع کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز عیدی پروگرام برائے خصوصی طالبعلم نے منظوری دے دی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف سپیشل بچوں کیلئے 9 الیکٹرک بسوں کی منظوری بھی دے دی۔ سپیشل ایجوکیشن مراکز کا ہر 6 ماہ کے بعد پرفارمنس آڈٹ کرانے کی ہدایت کی گئی۔ معاون خصوصی برائے وزیر اعلیٰ اور ایس ایم یو کو سپیشل بچوں کے والدین سے مسلسل رابطوں کا حکم دیا۔ سپیشل بچوں کا تحفظ یقینی بنانے کیلئے سکولوں، سینٹرز اور بسوں میں مزید کیمرے نصب کرنے کی ہدایت کی گئی

وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر پہلی مرتبہ سپیشل ایجوکیشن کے بجٹ کی رنگ فینسنگ کی گئی۔ سپیشل بچوں کیلئے ایکسٹرنل امتحانی سسٹم تشکیل دینے کیلئے اقدامات کی ہدایت کی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے سپیشل بچوں کیلئے کلینکل سائیکالوجسٹ اور سپیچ تھراپسٹ کی سروسز، آؤٹ سورس کرنے کا حکم دیا۔ سپیشل بچوں کیلئے غیر ملکی ماہرین کی خدمات حاصل کرنے کا جائزہ لینے کی ہدایت کی۔ سپیشل بچوں کے داخلے یقینی بنانے کیلئے سی ایم پنجاب انرولمنٹ اور آگاہی مہم بھی شروع کی جائے گی۔ معاون خصوصی برائے وزیر اعلیٰ ثانیہ عاشق جبین نے سپیشل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے بارے میں تفصیلی بریفنگ میں بتایا گیا کہ ذہنی طور پر متاثرہ ساڑھے 6 ہزار سپیشل بچوں کی کیٹگری کا تعین کیا گیا۔ ذہنی طور پر متاثرہ سپیشل بچوں کی کیٹگری کے مطابق نیا سلیبس بھی تیار کر لیا گیا۔ ہر ڈسٹرکٹ سپیشل ایجوکیشن سنٹر آف ایکسی لینس میں ڈیجیٹل سمارٹ روم بنایا جائے گا۔ بصارت اور قوت سماعت سے محروم سپیشل بچوں کو ٹچ سکرین پر ڈیجیٹل سلیبس پڑھایا جائے گا۔ بصارت اور قوت سماعت سے محروم بچے ٹچ سکرین کی مدد سے آسانی سے پڑھ سکیں گے۔ ہر ڈسٹرکٹ میں سپیشل ایجوکیشن سنٹر آف ایکسی لینس میں ووکیشنل ٹریننگ سنٹر قائم کیے۔ مڈل کلاس سے سپیشل بچوں کو خود مختاری کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے سکل سکھائے جائیں گے۔ میٹرک تک ہر سپیشل بچے کے لئے سکل سیکھنے میں معاونت کی جائے گی۔ آٹزم سکول میں ارلی آٹزم کے پہلے مرحلے پر تشخیص کی سہولت بھی فراہم کی جائے گی۔ تین سالہ متاثرہ بچے کو ابتدائی عمر میں ہی آٹزم کی تشخیص سے علاج میں آسانی ہوتی ہے۔

وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر سپیشل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ میں پہلی مرتبہ مانیٹرنگ کا سسٹم نافذ کیا گیا۔ سماعت سے محروم بچوں کیلئے خصوصی سپیشل سلیبس تیار کیا اور منظوری دے دی گئی۔ سماعت سے محروم بچوں کیلئے سائن لینگوئج بھی شامل کی گئی ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر سپیشل ایجوکیشن انفارمیشن سسٹم اور خصوصی ہیلپ لائن 1162 قائم کیے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر سپیشل ایجوکیشن موبائل ایپ بھی فنکشنل کر دی گئی۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ پنجاب میں 14567 سپیشل طالبات سمیت 39085 سے زائد سپیشل طلباء خصوصی مراکز میں زیر تعلیم ہیں۔ سماعت سے محروم، جسمانی معذور شکار، نابینا اور آٹزم کا شکار بچے سپیشل ایجوکیشن مراکز میں زیر تعلیم ہیں۔ ذہنی طور پر متاثرہ سپیشل بچوں کی کیٹگری کے مطابق نیا سلیبس بھی تیار کر لیا گیا۔ ہر ڈسٹرکٹ سپیشل ایجوکیشن سنٹر آف ایکسی لینس میں ڈیجیٹل سمارٹ روم بنایا جائے گا۔

ذہنی و جسمانی معذوری کے شکار اور سلولرنر بچوں بھی سپیشل ایجوکیشن مراکز میں زیر تعلیم ہیں۔ پنجاب بھر کے سپیشل ایجوکیشن مراکز میں 12 آٹزم یونٹ قائم کیے گئے ہیں۔ 27 ڈویژنل پبلک سکولوں میں بھی آٹزم سنٹر قائم کیے گئے ہیں۔

صوبہ بھر کے 28 سپیشل ایجوکیشن سکولوں کو مریم نواز سنٹر آف ایکسی لینس برائے سپیشل ایجوکیشن اپ گریڈ کیا جا رہا ہے۔ وہاڑی، لودھراں، فیصل آباد، سیالکوٹ اور میانوالی میں گورنمنٹ سپیشل ایجوکیشن سنٹر کی نئی عمارتیں مکمل ہو گئیں۔ سپیشل ایجوکیشن مراکز میں مانیٹرنگ اور بچوں کی حفاظت یقینی بنانے کے لئے 3450 سی سی ٹی وی کیمرے نصب کیے جا رہے ہیں۔ صوبائی سطح پر پہلی مرتبہ سپیشل ایجوکیشن سنٹرز کے لئے کنٹرول روم بھی قائم کیا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ سپیشل بچوں کی زندگی میں مثبت تبدیلی لانا ہمارا عزم ہے۔ خصوصی بچوں کا خیال رکھنا فلاحی ریاست کا فرضِ اولین ہے۔

قوت
SPORTS
PAKISTAN
PAKISTAN

پاکستان اور نیوزی لینڈ کے درمیان 18 مارچ 2025 کو ٹی ٹونٹی میچ ڈینیڈن میں کھیلا گیا (اے ایف پی)

سپینش لا لیگا میں بارسلونا نے ایٹلیٹکو میڈرڈ کو 2-4 گول سے ہرا دیا

بارسلونا کے فیران ٹورس نے دو جبکہ رابرٹ لیوینڈوسکی اور لامین یمل نے میچ میں ایک، ایک گول کیا

میڈرڈ (زیڈاین این) بارسلونا نے ہسپانوی فٹ بال لیگ لا لیگا کے ایک میچ میں عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ایٹلیٹکو میڈرڈ کی ٹیم کو 2 کے مقابلے میں 4 گول سے ہرا دیا۔ بارسلونا کے فیران ٹورس نے دو جبکہ رابرٹ لیوینڈوسکی اور لامین یمل نے میچ میں ایک، ایک گول کر کے اپنی ٹیم کی فتح میں اہم کردار ادا کیا۔ جولین الواریز اور الیگزینڈر سورلوتھ نے ایٹلیٹکو میڈرڈ کی جانب سے ایک ایک گول کیا۔ یہ بارسلونا کی لیگ میں 19 ویں فتح ہے۔ اس کامیابی کے بعد بارسلونا کی ٹیم کی ہسپانوی فٹ بال لیگ لا لیگا کے پوائنٹس ٹیبل پر ٹاپ پوزیشن مزید مستحکم ہوگئی ہے۔ سپینش لیگ لا لیگا کے دلچسپ مقابلوں کا سلسلہ سپین میں جاری ہے۔

ریاض ایئر میٹروپولیٹانو، میڈرڈ، سپین میں کھیلے گئے میچ میں بارسلونا کی ٹیم نے انتہائی شاندار کھیل پیش کرتے ہوئے ایٹلیٹکو میڈرڈ کی ٹیم کو 2-4 گول سے ہرادیا۔ بارسلونا کے فیران ٹورس نے دو جبکہ رابرٹ لیوینڈوسکی اور لامین یمل نے میچ میں ایک، ایک گول کیا۔ بارسلونا کی جانب سے فیران ٹورس نے دو جبکہ رابرٹ لیوینڈوسکی اور لامین یمل نے میچ میں ایک، ایک گول کر کے اپنی ٹیم کی فتح میں کلیدی کردار ادا کیا۔ میچ میں جولین الواریز اور الیگزینڈر سورلوتھ نے ایٹلیٹکو میڈرڈ کی جانب سے بالترتیب 45 ویں اور 70 منٹ پر ایک ایک گول کیا۔ بارسلونا کی لیگ میں یہ 19 ویں فتح ہے اور وہ لیگ میں 60 پوائنٹس کے بعد ٹیبل پر سرفہرست پوزیشن پر موجود ہے۔ ریال میڈرڈ ٹیم کے بھی 60 پوائنٹس ہیں تاہم وہ دوسرے نمبر پر موجود ہے۔ بارسلونا کے فیران ٹورس نے دو جبکہ رابرٹ لیوینڈوسکی اور لامین یمل نے میچ میں ایک، ایک گول کیا

شب ڈیٹرائٹ کے لٹل سیزرز ایرینا میں ہونے والا یہ میچ نیویارک سائرنز نے جیتا (اے ایف پی)

بین اسٹوکس کو ون ڈے کا کپتان بنایا گیا تو۔ ! سابق بولر کا سخت ردعمل

اسٹوکس پہلے ہی ٹیسٹ کرکٹ میں ایک مشکل سال کے لیے تیار ہیں، سٹوارٹ براڈ کے تاثرات

لندن (زیڈاین این) انگلینڈ کے سابق فاسٹ بولر اسٹورٹ براڈ نے انگلینڈ اینڈ ویلز کرکٹ بورڈ (ای سی بی) کو آل راؤنڈر بین اسٹوکس کو ون ڈے کپتان کے کردار پر غور کرنے سے خبردار کیا ہے۔ یہ بحث آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی 2025 میں انگلینڈ کی مایوس کن مہم کے بعد جوز بٹلر کے استعفیٰ کے بعد سامنے آئی ہے۔ براڈ نے اسٹوکس کے ون ڈے کپتانی سنبھالنے کے خیال کی سختی سے مخالفت کی اور اسے "مایوسی کا فیصلہ" قرار دیا۔ براڈ نے کہا، "اگر انگلینڈ نے براڈ کو کپتان مقرر کیا تو میں اپنے الفاظ کھو بیٹھوں گا۔ ان کا کہنا تھا کہ سب سے پہلے شیڈول ہے جو وہ ٹیسٹ کرکٹ پر توجہ مرکوز کرنے اور آگے کی اہم اسائنمنٹس کے لیے اپنے جسم کو سنبھالنے کے لیے آئی پی ایل کو چھوڑ رہے ہیں، اسٹوکس نے گھٹنے کی انجری سے لڑتے ہوئے پچھلے تین سالوں میں کتنے اوورز کامیابی سے کرائے ہیں؟ بہت سے نہیں۔ اور اب آپ 50 اوور کے فارمیٹ میں آٹھ سے دس اوورز فی میچ باؤلنگ کا بوجھ ڈالنے جا رہے ہیں؟ اسٹوکس پہلے ہی ٹیسٹ کرکٹ میں ایک مشکل سال کے لیے تیار ہیں، انگلینڈ ایشز کے لیے آسٹریلیا جانے سے پہلے پانچ میچوں کی سیریز کے لیے ہندوستان کی میزبانی کر رہا ہے۔

کرکٹر نے 62 سال کی عمر میں ٹی 20 ڈیبیو کر کے تاریخ رقم کر دی

فاکلینڈ (زیڈاین این) جزائر فاکلینڈ کے کرکٹر اینڈریو براؤنلی نے 62 سال کی عمر میں کوسٹاریکا کے خلاف ٹی 20 انٹرنیشنل ڈیبیو کر کے سب کو حیران کر دیا۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ 10 مارچ 2025 کو کوسٹاریکا کے دورے کے دوران جزائر فاکلینڈ انٹرنیشنل کرکٹ کھیلنے والی دنیا کی 106 ویں ٹیم بن گئی۔ جزائر فاکلینڈ ٹیم کے تمام 11 کھلاڑی 31 سال سے زائد عمر کے تھے، 2 کھلاڑیوں کے علاوہ سب کی عمر 40 سال سے زیادہ تھی، ان میں 3 کھلاڑی ایسے تھے جن کی عمر 56 سال سے زیادہ ہو چکی تھی لیکن ان میں سے کوئی بھی اینڈریو براؤنلی جتنا عمر رسیدہ نہیں تھا۔ رپورٹ کے مطابق 62 سالہ براؤنلی 60 سال کی عمر کا ہندسہ عبور کرنے کے بعد ٹی 20 انٹرنیشنل یا کوئی بھی بین الاقوامی کرکٹ میچ کھیلنے والے دنیا کے پہلے مرد کرکٹر بن گئے۔ براؤنلی سے قبل انٹرنیشنل ڈیبیو کرنے والے عمر رسیدہ مرد کرکٹر کا اعزاز ترکیہ کے عثمان گوکر کے پاس تھا جنہوں نے 2019 میں رومانیہ کے خلاف 59 سال کی عمر میں انٹرنیشنل کرکٹ میچ کھیلا تھا۔ رپورٹ کے مطابق اینڈریو براؤنلی نے 11 اور 12 مارچ کو کوسٹاریکا کے خلاف مزید 2 ٹی 20 انٹرنیشنل میچ کھیلے، انہوں نے تینوں میچز میں دسویں نمبر پر بیٹنگ کی۔

نیوزی لینڈ اور آسٹریلیا کی ویمنز ٹیموں کے درمیان تین ٹی ٹونٹی سیریز کا پہلا میچ 21 مارچ کو کھیلا جائے گا

ویلنگٹن (زیڈاین این) نیوزی لینڈ اور آسٹریلیا کی خواتین ٹیموں کے درمیان تین ٹی ٹونٹی بین الاقوامی کرکٹ میچوں پر مشتمل سیریز کا آغاز 21 مارچ کو پہلے میچ سے ہوگا۔ یہ میچ ایڈن پارک، آکلینڈ میں کھیلا جائے گا۔ آسٹریلیا کی خواتین کرکٹ ٹیم رواں ماہ نیوزی لینڈ کا دورہ کرے گی جہاں وہ میزبان نیوزی لینڈ کی ٹیم کے خلاف تین ٹی ٹونٹی بین الاقوامی میچوں کی سیریز کھیلے گی۔ تین ٹی ٹونٹی میچوں کی سیریز میں آسٹریلوی ویمنز ٹیم کو تھیلیا میک گراتھ لیڈ کریں گی جبکہ میزبان نیوزی لینڈ کی ٹیم کو سوزی بیٹس لیڈ کریں گی۔ دونوں ٹیموں کے درمیان تین ٹی ٹونٹی میچوں کی سیریز کا پہلا میچ 21 مارچ کو ایڈن پارک، آکلینڈ کے مقام پر کھیلا جائے گا۔ دوسرا ٹی ٹونٹی میچ 23 مارچ کو بے اوول، ماؤنٹ مونگانوئی میں کھیلا جائے گا جبکہ تیسرا اور آخری ٹی ٹونٹی میچ 26 مارچ کو سکائی اسٹیڈیم، ویلنگٹن میں کھیلا جائے گا۔ نیوزی لینڈ اور آسٹریلیا کی ویمنز ٹیموں کے درمیان تین ٹی ٹونٹی سیریز کا پہلا میچ 21 مارچ کو کھیلا جائے گا۔ دوسرا ٹی ٹونٹی میچ 23 مارچ کو بے اوول، ماؤنٹ مونگانوئی میں کھیلا جائے گا جبکہ تیسرا اور آخری ٹی ٹونٹی میچ 26 مارچ کو سکائی اسٹیڈیم، ویلنگٹن میں کھیلا جائے گا۔

روسی ٹینس کھلاڑی میرا اینڈریوا نے انڈین ویلز اوپن ٹینس ٹورنامنٹ جیت لیا

بیلاروس کی ٹاپ سیڈ آرینا سبالینکا کو پہلے سیٹ میں 6-2 کی شکست کے باوجود اگلے دو سیٹ جیت لئے

کیلیفورنیا (زیڈاین این) روس کی ٹین ایجر ٹینس کھلاڑی میرا اینڈریوا نے انڈین ویلز اوپن ٹینس ٹورنامنٹ جیت لیا۔ 17 سالہ روسی ٹینس کھلاڑی نے خواتین کے سنگلز مقابلوں کے فائنل میچ میں بیلاروس کی عالمی نمبر ایک ٹینس سٹار آرینا سبالینکا کو شکست دی۔ انڈین ویلز کے دلچسپ اور کانٹے دار مقابلے امریکی ریاست کیلیفورنیا میں جاری ہیں۔ خواتین کے سنگلز مقابلوں کے فائنل میچ میں روس کی ٹین ایجر ٹینس کھلاڑی میرا اینڈریوا نے عمدہ کھیل پیش کرتے ہوئے بیلاروس کی ٹاپ سیڈڈ آرینا سبالینکا کو پہلے سیٹ میں 6-2 کی شکست کے باوجود اگلے دونوں سٹریٹ سیٹس میں 4-6 اور 3-6 سے ہرا کر نہ صرف ٹورنامنٹ جیت لیا بلکہ اپنے کیریئر کا تیسرا ڈبلیو ٹی اے ویمنز سنگلز کا ٹائٹل اپنے نام کرلیا۔ فروری کے آخر میں دبئی میں فتح کے بعد یہ اس کا لگاتار دوسرا ٹائٹل ہے۔ میرا اینڈریوا اس سطح پر ڈبلیو ٹی اے کی تاریخ کی سب سے کم عمر چیمپئن ہیں جنہوں نے انڈین ویلز اوپن ٹینس ٹورنامنٹ جیتا ہے۔ اس فتح کے بعد میرا اینڈریوا ویمنز سنگلز مقابلوں کی عالمی درجہ بندی میں کیریئر کی اعلیٰ ترین چھٹے نمبر پر پہنچ گئی ہیں۔

90 کی دہائی کے کھلاڑیوں سے متعلق بیان؛ حفیظ نے لب کشائی کر دی

میرا بیان محض آئی سی سی ٹورنامنٹ جیتنے کے حوالے سے تھا، جسے غلط انداز میں پیش کیا گیا، سابق کرکٹر

ہنزہ میں ایک فرنچائز کی جانب سے گذشتہ برس منعقد کیے گئے آئس ہاکی مقابلے کا ایک منظر (تصویر: آصف مراد)

لاہور (آفاق دھاریوال) قومی ٹیم کے سابق کپتان و ٹیم ڈائریکٹر محمد حفیظ نے 90 کی دہائی کے کھلاڑیوں سے متعلق دیے گئے اپنے بیان پر لب کشائی کر دی۔ سابق کرکٹر نے سوشل میڈیا پر وضاحت جاری کرتے ہوئے کہا کہ بعض میڈیا اداروں نے غلط طریقے سے خبر کو پیش کرنے کی کوشش کی، میرا مقصد کسی پر ذاتی حملہ نہیں تھا۔ انہوں نے کہا کہ میرا بیان محض 90 کے دہائی میں آئی سی سی ٹورنامنٹ جیتنے کے حوالے سے تھا، اسکے علاوہ اور کچھ نہیں جسے اس انداز میں پیش کیا گیا جیسے کسی انفرادی شخص کو تنقید کا نشانہ بنایا ہو۔ سابق کرکٹر نے واضح کیا کہ انکا بیان 92 کے بعد اس دور میں پاکستان کے عظیم کھلاڑی اپنی تمام تر کرکٹ ٹیلنٹ کے باوجود 1996 1999 اور 2003 میں آئی سی سی ایونٹس نہیں جیت سکا تھا۔ قبل ازیں محمد حفیظ نے آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی میں پاکستانی ٹیم کی بدترین کارکردگی پر گفتگو کرتے ہوئے نائنٹیز کے میگا سپر اسٹارز کا ذکر کیا تھا۔ انکا کہنا تھا کہ نائنٹیز کی ٹیم نے پاکستان کئی میگا اسٹارز دیے تاہم انہوں نے ہمیں کوئی آئی سی سی ایونٹ نہیں جتوایا۔ 1996 میں پرفارمنس خاطر خواہ نہیں رہی جبکہ 1999 کے فائنل میں پہنچے اور شکست نے قوم کو جھکا دیا۔ سال 2008 میں ایک ایسا واقعہ ہوگیا جس نے کرکٹ کو دور کر دیا اور پھر اسی سال ہم نے 2009 میں یونس خان کی کپتانی میں ٹی 20 ورلڈ کپ جیتا، قوم پھر کھڑی ہوگئی اور پھر 2017 میں سرفراز کی قیادت میں چیمپئنز ٹرافی کی فتح نے ہمارا مورال بلند کیا۔


gettyimages
Credit: Matt Thomas/San Diego Padres

پیوریا اسٹیڈیم میں ملواکی بریورز کے خلاف موسم بہار کے تربیتی کھیل مظاہرہ کر رہے ہیں



RELEASE
MAHMOUD
KHALIL!
Party for Socialism and Liberation
FREE

اس تصویر میں کولمبیا یونیورسٹی کے سابق طالب علم کارکن محمود خلیل کی گرفتاری کے خلاف سیٹل، واشنگٹن میں یونیورسٹی آف واشنگٹن کیمپس میں احتجاج کرتے ہوئے لوگ پلے کارڈز اٹھائے ہوئے ہیں (جیسن ریڈمنڈ/اے ایف پی)

غزہ میں نئی قیادت کے حوالے سے دنیا کو جلد سرپرائز دیں گے، حماس

ہم کسی کو فلسطینیوں کی قیادت کا فیصلہ کرنے کی اجازت نہیں دیں گے، ترجمان

غزہ (زیڈاین این) حماس کے ترجمان ڈاکٹر خالد قدومی نے کہا ہے کہ غزہ میں نئی قیادت کے حوالے سے دنیا کو جلد سرپرائز دیں گے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ غزہ میں کوئی انتظامی عہدہ خالی نہیں ہے، پورا انظام مکمل طور پر کام کر رہا ہے اور نئی قیادت کے لیے انتخابات ہو چکے ہیں، جلد دنیا کو اس حوالے سے سرپرائز دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم کسی کو فلسطینیوں کی قیادت کا فیصلہ کرنے کی اجازت نہیں دیں گے، ٹیکنو کریٹس کی کمیٹی کو غزہ سوچنے کے لیے تیار ہیں جو غزہ کی تعمیرِ نو کرے۔ ترجمان حماس نے کہا کہ صدر ٹرمپ کے لیے حماس کے بغیر غزہ سے متعلق کوئی بھی فیصلہ کرنا اب ممکن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ طوفان الاقصیٰ کے بعد اب مشرقِ وسطیٰ میں امریکی ڈکٹیشن کا وقت ختم ہوگیا۔ ڈاکٹر خالد قدومی نے کہا کہ یاسر عرفات نے دو باتیں ماننے سے انکار کیا تھا پہلی بیت المقدس کو اسرائیل کے حوالے کرنے اور دوسری فلسطینی مہاجرین کو واپسی کا حق نہ دینے کو ماننے سے انکار کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ جنگی اور سفارتی محاذ پر اسرائیلی بیانیے کو شکست دی ہے، اسرائیل نے تسلیم کیا کہ جنگ میں 6 ہزار فوجی مارے گئے۔ ترجمان حماس نے کہا کہ 15 دن سے اسرائیل نے پانی بند کر رکھا ہے لیکن افسوس کہ مسلم دنیا خاموش ہے۔ انہوں نے کہا کہ فلسطینیوں کا گھر صرف فلسطین میں ہے باہر نہیں، فلسطینی عوام اپنے گھر چھوڑ کر کہیں نہیں جائیں گے۔ ڈاکٹر خالد قدومی نے کہا کہ حماس نے اسرائیلی قیدیوں کو اسلامی ہدایات کے مطابق بہترین طریقے سے رکھا، حماس کے سربراہ یحییٰ سنوار شہادت کے وقت 3 دن کے بھوکے تھے تاہم حماس نے اسرائیلی قیدیوں کو بھوکا نہیں رہنے دیا، جن اسرائیلی قیدیوں کو رہا کیا گیا وہ بالکل صحت مند تھے۔ انہوں نے کہا کہ امریکی انتظامیہ دوبارہ جنگ میں جانا نہیں چاہتی، ہم جنگ بندی معاہدے کو جاری رکھنا چاہتے ہیں، ثالثوں کو بتا دیا ہے لیکن دشمن اگر امن کی بجائے جنگ چاہتا ہے تو ہم ایک بار پھر جنگ کے لیے تیار ہیں۔ ترجمان حماس نے کہا کہ حکومت پاکستان اور عوام کا انسانی بنیادوں پر فلسطینیوں کی امداد کرنے پر شکریہ ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ فلسطین کے 80 فیصد سے زیادہ حصے پر یہودی ریاست قابض ہے۔

YOU ARE ON NATIVE LAND

نیویارک میں محمود خلیل کی حمایت میں ریلی میں ایک فلسطینی حامی کارکن اپنے چہرے پر سرخ ہاتھ پینٹ کیے ہوئے ہیں (لیونارڈو منوز/اے ایف پی)

فلوریڈا میں دروازہ کھلا دیکھ آٹھ فٹ لمبا مگرمچھ گھر کے کچن میں گھس آیا

ہنگامی حالت سے نمٹنے کے اداروں نے تقریبا 8 فٹ لمبے مگرمچھ کو گھر سے منتقل کر دیا

واشنگٹن (زیڈاین این) امریکی ریاست فلوریڈا میں شہری اس وقت حیران رہ گیا جب اسے اپنے گھر کے کچن میں ایک مگرمچھ نظر آیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پال کوئن نامی اس شخص نے دراصل تازہ ہوا کی آمد کیلیے اپنے گھر کے کچن کا دروازہ کھلا رکھا تھا، جس کا فائدہ اٹھا کر مگرمچھ آنگن کے راستے کچن میں گھس آیا۔ پال کوئن جو کہ فلوریڈا کے فورٹ مائیرز کے علاقے میں رہائش پذیر ہیں ان کے مطابق وہ گزشتہ اتوار کے دن اپنی ای میل چیک کر رہے تھے کہ اس دوران انھیں آنگن کی اسکرین کے ٹوٹنے کی آواز آئی۔ جس پر جا کر دیکھا تو انھیں مگرمچھ کچن میں نظر آیا جو کہ اسکرین توڑ کر آنگن کے راستے وہاں داخل ہوا تھا۔ جس کے بعد پال کوئن نے 911 (ہنگامی امدادی ادارے) اور فلوریڈا فش اینڈ وائلڈ لائف کنزرویشن کمیشن کے ٹریپر کو کال کر کے بلایا۔ جس پر ان اداروں نے تقریبا 8 فٹ لمبے مگرمچھ کو وہاں سے منتقل کیا۔ ہنگامی حالت سے نمٹنے کے اداروں نے تقریبا 8 فٹ لمبے مگرمچھ کو گھر سے منتقل کر دیا۔ جس پر ان اداروں نے تقریبا 8 فٹ لمبے مگرمچھ کو وہاں سے منتقل کیا۔

امریکا میں کافی گرنے پر ڈرائیور کو 14 ارب روپے ہرجانہ مل گیا

کیلی فورنیا (زیڈاین این) امریکی ریاست کیلی فورنیا میں ایک ڈرائیور نے دکان سے گرما گرم کافی خریدی جو اس کے جسم پر گر گئی، ڈرائیور نے کافی فروش کمپنی پر مقدمہ دائر کر دیا اور 5 کروڑ امریکی ڈالر یعنی تقریبا 14 ارب روپے سے زائد کی رقم جیت لی۔ کیلی فورنیا کی عدالت نے امریکا کی ایک کافی کمپنی کو متاثرہ شہری کو 50 ملین ڈالر کی رقم بطور ہرجانہ ادا کرنے کا حکم دیا ہے۔ حادثے سے متعلق سی سی ٹی وی فوٹیج میں دیکھا جاسکتا ہے کہ ٹیک اوے سے کافی کی ٹرے لینے کے چند ہی لمحے بعد چھلک کر کافی ڈرائیور کی گود میں گر جاتی ہے۔

مصر، روزے کی حالت میں 279 ٹن وزنی ٹرین کھینچنے کا نیا عالمی ریکارڈ

قاہرہ (زیڈاین این) مصری ایتھلیٹ اشرف محروس المعروف کبونگا نے رمضان المبارک میں روزے کی حالت میں 279 ٹن وزنی ٹرین کھینچ کر نیا عالمی ریکارڈ قائم کر دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق قاہرہ کے مرکزی ریلوے اسٹیشن رامسس اسٹیشن میں سیکڑوں تماشائیوں اور گینز ورلڈ ریکارڈ کی کمیٹی کی موجودگی میں کبونگا نے ایک انجن اور کئی بوگیوں پر مشتمل ٹرین کو 10 میٹر تک کھینچا۔ یہ پہلا موقع نہیں تھا جب کبونگا نے ایسا کچھ کیا ہو، اس سے پہلے بھی انہوں نے 221 ٹن وزنی ٹرین کھینچ کر عالمی ریکارڈ بنایا تھا اور اس بار انہوں نے اپنا ہی ریکارڈ توڑ دیا۔ کبونگا نے ترک خبر رساں ایجنسی سے بات کرتے ہوئے کہا کہ پہلے دن میں نے روزے کی حالت میں 2 ٹن وزنی کارٹ 107 میٹر تک صرف 37 سیکنڈ میں کھینچا۔ اس کے بعد میں نے ایک ٹن وزنی کارٹ کو 100 میٹر تک لے جا کر 60 سیکنڈ کی حد کو توڑا۔ کبونگا فری اسٹائل ریسلنگ میں بھی اپنا لوہا منوا چکے ہیں، انہوں نے اس کارنامے کے بعد کہا کہ میں یہ ثابت کرنا چاہتا تھا کہ رمضان میں روزہ رکھ کر بھی ہم اپنی جسمانی اور ذہنی طاقت کا بہترین استعمال کر سکتے ہیں، کچھ بھی ناممکن نہیں۔

بھارت میں شرارتی بندر نے رشوت لے کر موبائل واپس کر دیا، ویڈیو وائرل

نئی دہلی (زیڈاین این) بھارت کا شہر ورنداون بندروں کی شرارتوں کے لیے مشہور ہے یہاں بندر لوگوں کا سامان چھین کر بھاگ جاتے ہیں اور واپس کرنے کے لیے اپنی من پسند چیز کی فرمائش کرتے ہیں۔ بھارتی ٹی وی کے مطابق اب حال ہی میں ورنداون سے ایک نئی ویڈیو وائرل ہو رہی ہے جس میں دیکھا جا سکتا ہے کہ بندر ایک شخص کا قیمتی سام سنگ S25 الٹرا اسمارٹ فون لے کر عمارت پر چڑھ گیا۔ مذکورہ شخص نے اپنا موبائل واپس لینے کے لیے بندر کو 2 سے 3 مختلف مشروبات کے پیکٹ دینے کی پیشکش کی لیکن بندر نے انکار کر دیا۔

پاکستان کا سلامتی کونسل پر افغانستان سے ہونیوالی دہشتگردی کیخلاف کارروائی کو ترجیح دینے پر زور

جعفر ایکسپریس حملے کے دوران دہشتگردوں کا اپنے ہینڈلرز سے افغانستان میں مسلسل رابطہ تھا، پاکستانی مندوب

نیویارک (زیڈاین این) پاکستان نے سلامتی کونسل پر افغانستان کے اندر اور وہاں سے ہونے والی دہشتگردی کے خلاف کارروائی کو ترجیح دینے پر زور دیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق 15 رکنی کونسل نے اقوام متحدہ کے امدادی مشن برائے افغانستان کے مینڈیٹ میں مزید ایک سال کی توسیع کرنے والی قرارداد متفقہ طور پر منظور کر لی ہے، اس قرارداد کا ابتدائی مسودہ چین اور پاکستان نے تیار اور پیش کیا تھا۔ اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب منیر اکرم نے اپنے خطاب میں کہا کہ طالبان حکومت داعش کے خاتمے میں موثر ثابت نہیں ہوئی، اس نے کئی دیگر دہشتگرد گروہوں کو برداشت کیا ہے اور تحریک طالبان پاکستان، بلوچستان لبریشن آرمی اور اس کے مجید بریگیڈ کے ساتھ مل کر پاکستان کے خلاف سرحد پار حملوں میں ملوث ہے۔ پاکستانی مندوب نے گزشتہ ہفتے بلوچستان میں مسافر ٹرین پر بی ایل اے اور مجید بریگیڈ کے حملے کو اجاگر کیا جس میں دہشتگردوں نے سیکڑوں مسافروں کو یرغمال بنا لیا اور 25 بے گناہ افراد کو ہلاک کیا۔ منیر اکرم نے سلامتی کونسل کو بتایا کہ حملے کے دوران دہشتگردوں کا اپنے ہینڈلرز سے افغانستان میں مسلسل رابطہ تھا۔

ولی عہد جھوٹی تعریف قبول نہیں کرتے، سعودی وزیر اطلاعات

سعودی عرب میں میڈیا کی آزادی کی حد اتنی کم نہیں ہے جیسا کہ بعض دعوے کیے جاتے ہیں، گفتگو

আছিয়া ধর্ষণসহ অব্যাহত খুন-ধর্ষণ-নিপীড়ন ঠেকাতে
স্বরাষ্ট্র উপদেষ্টা জাহাঙ্গীর আলমের অপসারণ এবং

بنگلہ دیش کے دارالحکومت ڈھاکہ میں خواتین سکول طالبہ کے ریپ اور قتل کے خلاف نو مارچ 2025 کو بانس کی لاٹھیاں اٹھائے ایک مظاہرے میں شریک ہیں (منیر الزماں/اے ایف پی)

ریاض (زیڈاین این) سعودی وزیر اطلاعات سلمان الدوسری نے کہا ہے کہ سعودی عرب اردگرد کے کچھ ممالک کے مقابلے میں اعلیٰ سطح کی میڈیا کی آزادی سے لطف اندوز ہو رہا ہے۔ سعودی میڈیا میڈیا کی آزادی کا بہترین نمونہ ہے کیونکہ اس کی خصوصیت میں کنٹرولڈ آزادی شامل ہے۔ عرب ٹی وی سے گفتگو میں انہوں نے کہا کہ سعودی عرب میں میڈیا کی آزادی کی حد اتنی کم نہیں ہے جیسا کہ بعض دعوے کیے جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا ہم نے آزادیوں کو کنٹرول کیا ہے اور ہم آزادیوں کا غلط استعمال کو قبول نہیں کرتیسعودی وزیر اطلاعات سلمان الدوسری نے یہ بھی کہا کہ سعودی عرب میں میڈیا کی آزادی کی سطح سعودی ثقافت کے لیے ایک مناسب سطح ہے۔ انہوں نے کہا سعودی میڈیا اداروں کے صحافیوں اور ان کے عہدیداروں میں ذمہ داری کا بہت زیادہ احساس ہے۔ الدوسری نے یہ بھی کہا کہ میڈیا کا اعلیٰ ترین مشن نقائص کو اجاگر کرنے میں اس کے موروثی کردار میں شامل ہے کیونکہ تنقید میڈیا کا ایک فطری فریضہ ہے۔ اسی تناظر میں سعودی وزیر اطلاعات، جنہوں نے مارچ 2023 کے آغاز میں وزارت کا قلمدان سنبھالا، نے صحافیوں کو ذمہ دارانہ آزادی کا استعمال کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا خاص طور پر ان علاقائی حالات کے حوالے سے جن سے کچھ ممالک گزر رہے ہیں اور عوامی مفادات کو بھی مدنظر رکھا جانا چاہیے۔

بیت المقدس کے ضلع میں شریم میں مذہبی تہوار کی تیاریوں کے دوران الٹرا آرتھوڈوکس یہودی کھجور والی اشیا کو نذر آتش کر رہے ہیں (رونالڈ شمیڈٹ/اے ایف پی)

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

صنعت وتجارت نیوز



معیشت نامہ

قانون کی خلاف ورزی کرے گا، اس کے خلاف سخت کاروائی کی جائے گی، ڈی ایس پی

ہمارا مقصد عوام الناس کی خدمت ہے۔ ہم ٹریفک کے مسائل کو حل کرنے کی بھرپور کوشش کریں گے

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف ٹریفک پولیس مرزا فاران بیگ کے احکامات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عاطف نذیر کی ہدایت پر ڈی ایس پی ٹریفک زبیر اختر نے فوارہ چوک میں رکشہ ڈرائیوروں کو روڈ سیفٹی کے بارے میں لیکچر اور عید کے دنوں میں جگہ جگہ پر غیر قانونی پارکنگ بنانے سے منع کیا۔ ڈی ایس پی ٹریفک کا کہنا تھا کہ جو کوئی قانون کی خلاف ورزی کرے گا، اس کے خلاف سخت کاروائی کی جائے گی اور کوئی ڈرائیور سڑک کے درمیان سے یوٹرن نہیں لے گا۔ ڈی ایس پی ٹریفک کا کہنا تھا کہ ہمارا مقصد عوام الناس کی خدمت ہے۔ ہم ٹریفک کے مسائل کو حل کرنے کی بھرپور کوشش کریں گے۔

ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ احمد عثمان جاوید کی یوم علی کے موقع پر سکیورٹی کا جائزہ

سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا اس موقع پر منتظمین مرکزی جلوس، ممبران امن کمیٹی اور تاجر بھی انکے ہمراہ تھے

دیپالپور (زاہد عمران خاں جنجوعہ) اوکاڑہ 21 رمضان المبارک یوم شہادت حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے موقع پر جلوس ومجالس سکیورٹی انتظامات ڈی پی او فلیڈ میں موجود ڈی پی او اوکاڑہ محمد راشد ہدایت نے ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ احمد عثمان جاوید کے ہمراہ 21 رمضان المبارک یوم شہادت حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حوالے سے سیکورٹی اور امن وامان کو برقرار رکھنے کے لیے مرکزی جلوس کے روٹ کا معائنہ کیا ڈی پی او اوکاڑہ نے مرکزی جلوس ایوان حسین ایف بلاک اور دیپالپور میں ڈیرہ روشن شاہ کے روٹ کا پیدل چل کر معائنہ کیا اور سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لیا اس موقع پر منتظمین مرکزی جلوس، ممبران امن کمیٹی اور تاجر بھی انکے ہمراہ تھے تمام اسٹیک ہولڈرز، علماء، منتظمین اور شہریوں کے تعاون سے امن وامان کی فضا برقرار رکھنے کے لیے پولیس ٹیمیں شب و روز مستعد ہیں، ڈی پی او راشد ہدایت جلوسوں کے انعقاد سے قبل روٹس اور مقامات کی مکمل سکریننگ و سویپنگ کروائی جارہی ہے، ڈی پی او راشد ہدایت مجالس اور جلوسوں کے فول پروف سیکورٹی انتظامات کے لیے تمام اقدامات کیے جارہے ہیں، ڈی پی او راشد ہدایت تمام جلوسوں کی بذریعہ کنٹرول روم CCTV کیمروں کی مدد سے مانیٹرنگ جاری، ڈی پی او راشد ہدایت جاری کردہ ضابطہ اخلاق اور سکیورٹی ایس او پیز پر عملدرآمد یقینی بنایا جارہا ہے، ڈی پی او راشد ہدایت ڈسٹرکٹ پولیس اوکاڑہ۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد ابراہیم ارباب کا ڈی ایچ کیو ہسپتال سٹی کا دورہ

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد ابراہیم ارباب کا ڈی ایچ کیو ہسپتال سٹی کا دورہ، انہوں نے ہسپتال کے مختلف وارڈز اور میڈیکل کاؤنٹرز پر طبی سہولیات کا جائزہ لیا اور کیو مینجمنٹ اور پیشنٹ مینجمنٹ سروس کی بہتری کے لیے ہدایات جاری کیں، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ حکومت پنجاب کے وژن کے مطابق مریضوں کو کوالٹی میڈیکل سروسز کی فراہمی کے سلسلہ میں بہترین اقدامات کو ہر صورت یقینی بنایا جائے، دریں اثناء ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد ابراہیم ارباب نے ڈی سی آفس میں عوام کو ریونیو سروسز کی فراہمی کے لیے پلس پراجیکٹ کے مختلف امور کے جائزہ اجلاس کی صدارت کی اور ریونیو افسران کو موثر حکمت عملی کے تحت اقدامات کرنے کے احکامات جاری کیے۔

غیرت کے نام پر ماں کا قتل، ڈی پی او نے بروقت کارروائی کرکے ملزم بیٹے اور مقتولہ کے شوہر کو گرفتار کرلیا، مقدمہ درج

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) غیرت کے نام پر ماں کا قتل، ڈی پی او نے بروقت کارروائی کرکے ملزم بیٹے اور مقتولہ کے شوہر کو گرفتار کرلیا، مقدمہ درج، تفصیلات کے مطابق تھانہ فرید ٹاؤن کے علاقہ ایونیو کالونی میں ملزم ارسلان نے اپنے والد منشاء اور بھائی عدنان کے ساتھ مل کر بدچلنی کے شبہ میں اپنی والدہ روبینہ بی بی کو چھری کے وار کرکے قتل کردیا، وقوعہ کی اطلاع ملتے ہی ڈی پی او رانا طاہر رحمان نے سخت نوٹس لیتے ہوئے ملزمان کی فوری گرفتاری کا حکم دیا، ڈی پی او کے بار بار فالو اپ لینے کی وجہ سے پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے وقوعہ کے 2 ملزمان ارسلان اور اس کے والد منشاء کو گرفتار کرلیا، وقوعہ کا مقدمہ قتل کی دفعہ کے تحت تھانہ فرید ٹاؤن میں درج کرلیا گیا، ڈی پی او رانا طاہر رحمان نے کا کہنا ہے کہ میرٹ پر تفتیش کو یقینی بنا کر ملزمان کو قانون کے مطابق عبرتناک سزا دلوائی جائے گی، پولیس مصروف تفتیش ہے

بھیک مانگنے پر پابندی کے باوجود شہر اور گردونواح میں گداگروں نے شہریوں کا جینا محال کردیا

رمضان کے مہینے میں مانگنے والوں نیگروہ در گروہ گھروں بازاروں اور دوکانوں پر بھیک وصولی کے لئے ہلہ بول رکھا ہے

ظفروال (زاہد چوہدری سے) تفصیلات کے مطابق شہر ہو قصبات ہوں یا گاؤں مکین دوکاندار اور گاہک رمضان کے بابرکت مہینے میں پیشہ ور گداگروں کے ہاتھوں پریشان ہیں۔ پیشہ ور گداگر غول در غول مختلف علاقوں میں پہنچے ہوئے ہیں ہر راستے پر چوراہے پر دوکانداروں اور راہگیروں سے زبردستی بھیک وصول کرتے ہیں خریداری کرنے آئی خواتین۔ مرد اور بچوں پر مسلط ہوجاتے ہیں بازار میں خریداروں سے زیادہ تعداد میں بھیک مانگنے والے بچے۔ خواتین۔ مرد اور ان کی سرپرستی اور نگرانی کرنے والے دکھائی دیتے ہیں اس کے علاوہ بھیک مافیا کے ارکان گھروں کے دروازے پیٹنے اور کھلے دروازے سے گھر کے اندر داخل ہو کر زبردستی بھیک وصولی کا کام کرتے ہیں بھیک نہ ملنے کی صورت میں گھر کی خواتین اور بچوں کو بددعائیں اور دھمکیاں بھی دی جاتی ہیں۔ امکان یہ بھی ہے کہ گداگروں کے بھیس میں جرائم پیشہ افراد بھی عید پر وارداتیں کرسکتے ہیں۔ عوام الناس اور تاجروں نے ڈی پی او نارووال نوید ملک۔ ڈپٹی کمشنر حسن رضا۔ اسسٹنٹ کمشنر ظفروال سے گداگروں اور ان کے سرپرستوں کے خلاف سخت کاروائی کا مطالبہ کیا ہے

سرکاری ہسپتالوں میں بہتری کا ٹاسک، اسسٹنٹ کمشنر انعم علی خان کا ٹی ایچ کیو ہسپتال کا اچانک دورہ

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) سرکاری ہسپتالوں میں بہتری کا ٹاسک، اسسٹنٹ کمشنر انعم علی خان کا ٹی ایچ کیو ہسپتال کا اچانک دورہ، انہوں نے ہسپتال کے مختلف وارڈز کا تفصیلی دورہ کیا، انہوں نے مریضوں کی عیادت کی اور ان سے طبی سہولیات بارے دریافت کیا، اسسٹنٹ کمشنر نے ایمرجنسی وارڈ، میڈیکل وارڈ، آؤٹ ڈور، گائنی وارڈ سمیت دیگر وارڈز میں صفائی ستھرائی، مفت ادویات کی فراہمی اور طبی سہولیات کی چیکنگ کی اور ڈیوٹی پر مامور ڈاکٹرز و سٹاف کو مریضوں کے بہترین علاج معالجہ بار ہدایات جاری کیں، اس موقع پر انہوں نے کہا کہ مریضوں کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہونی چاہیے اور اس مقصد کے حصول کے لیے مریضوں کی دیکھ بھال اور علاج معالجہ احسن انداز میں جاری رکھا جائے۔

لاپتہ ہونے والے 19 سالہ نوجوان کی لاش کھیتوں سے مل گئی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم تھانہ صدر کے علاقہ سے گزشتہ رات لاپتہ ہونے والے 19 سالہ نوجوان کی لاش کھیتوں سے مل گئی نوجوان کو گلے پر چھریوں کے وار کرکے انتہائی بے دردی سے قتل کردیا گیا مقتول چھ بہنوں کا اکلوتا بھائی تھا رات کو نماز تراویح کی ادائیگی کے لیے گھر سے نکلا اور غائب ہوگیا پولیس نے لاش کو پوسٹمارٹم کے لیے سول اسپتال منتقل کردیا شواہد اکٹھے کیے جارہے ہیں جلد ملزمان کو گرفتار کرکے کیفر کردار تک پہنچائیں گے

حافظ آباد شہر کے عین سنگم میں واقع پرانی غلہ منڈی غربی نشہ کرنے والوں اور نشہ فروخت کرنے والوں کی آماجگاہ بن گئی

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد شہر کے عین سنگم میں واقع پرانی غلہ منڈی غربی نشہ کرنے والوں اور نشہ فروخت کرنے والوں کی آماجگاہ بن گئی۔ تفصیلات کے مطابق پرانی غلہ منڈی جو کہ عرصہ دراز سے ویران پڑی ہے یہاں پر علی الصبح نشہ کرنے والوں اور فروخت کرنے والوں کی چہل پہل شروع ہوجاتی ہے اور نشہ کرنے والے افراد کی کثیر تعداد یہاں سے نشہ خرید کر آگے پیچھے ہوجاتی ہے اور یہ سلسلہ جو بعد نماز فجر شروع ہوتا ہے۔ صبح آٹھ نو بجے تک جاری رہتا ہے۔ جس کی وجہ سے کئی اچھے اچھے گھروں کو نوجوان اور بچے بھی نشہ کی لت میں مبتلا ہو رہے ہیں۔ شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ پرانی غلہ منڈی میں نشہ فروخت کرنے اور نشہ کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن کرکے انہیں شکنجہ میں لایا جائے۔

حافظ آباد کے نواحی گاؤں ہنجرانواں والہ کے قریب موٹر سائیکل پر سوار دو نامعلوم مسلح ڈاکو مقامی بیوپاری سے اسلحہ کے زور پر 4 لاکھ روپے سے زائد نقدی لوٹ کر فرار ہوگئے

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد کے نواحی گاؤں ہنجرانواں والہ کے قریب موٹر سائیکل پر سوار دو نامعلوم مسلح ڈاکو مقامی بیوپاری سے اسلحہ کے زور پر 4 لاکھ روپے سے زائد نقدی لوٹ کر فرار ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق ہنجرانواں والہ کے بیوپاری رانا طارق ٹھٹھہ گاہرہ منڈی میں مال مویشی فروخت کرکے ڈرائیور کے ہمراہ شاہزور ڈالہ میں واپس گاؤں آرہا تھا کہ راستہ میں موٹر سائیکل پر سوار دو نامعلوم ڈاکوؤں نے تھانہ کسوکی کی حدود میں انکی گاڑی روک کر انہیں لوٹنے کی کوشش کی تو بیوپاری اور اسکے ڈرائیور نے مزاحمت کی جس پر ڈاکوؤں نے ڈرائیور کو تشدد کا نشانہ بناتے ہوئے زخمی کردیا اور بعدازاں بیوپاری رانا طارق سے چار لاکھ سے زائد نقدی لوٹ کر فرار ہوگئے۔

پاکپتن سکندر چوک میں الجمیل سویٹس اینڈ بیکرز کا شاندار افتتاح

پاکپتن (محمد عمران جنجوعہ سے) سکندر چوک میں مٹھاس اور لذت کا نیا سنگم، الجمیل سویٹس اینڈ بیکرز، شاندار افتتاحی تقریب کے ساتھ عوام کے لیے کھول دیا گیا۔ افتتاحی تقریب میں مہمان خصوصی حافظ غلام نقشبند مہتمم جامعہ سلطانیہ اکبریہ علامہ عبدل واحد، حاجی احمد فراز تھے و دیگر معززین شہری، و کاروباری شخصیات، اور عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب کا آغاز روایتی فیتہ کاٹنے سے ہوا، جس کے بعد مہمانوں کو بیکری کی خصوصی مصنوعات چکھنے کا موقع دیا گیا۔ الجمیل سویٹس اینڈ بیکرز میں تازہ اور معیاری مٹھائیاں، کیک، پیسٹری، بسکٹ اور دیگر بیکری آئٹمز دستیاب ہوں گے۔ تقریب کے دوران بیکری کے مالکان نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ بہترین معیار اور خالص اجزاء سے بنی اشیاء فراہم کریں گے۔ مقامی افراد نے بھی اس نئے اضافے پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اب انہیں مزیدار اور معیاری مٹھائیوں کے لیے دور جانے کی ضرورت نہیں پڑے گی۔ الجمیل سویٹس اینڈ بیکرز کے اونر حاجی جمیل کا کہنا ہے کہ وہ گاہکوں کی پسند کو مدنظر رکھتے ہوئے منفرد ذائقے اور معیاری پروڈکٹس متعارف کراتے رہیں گے۔

ڈسٹرکٹ اینٹی ٹی بی ایسوسی ایشن چنیوٹ کے زیر اہتمام ٹی بی کے عالمی دن کے حوالے سے ایک پروقار تقریب

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈسٹرکٹ اینٹی ٹی بی ایسوسی ایشن چنیوٹ کے زیر اہتمام ٹی بی کے عالمی دن کے حوالے سے ایک پروقار تقریب اور ریلی مورخہ 24 مارچ بروز پیر بمقام گورنمنٹ ٹی بی کلینک چنیوٹ میں منعقد ہوگی ریلی کی قیادت ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل چوہدری مسعود اقبال ڈاکٹر شہزاد احمد چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ شوکت علی آزاد ایڈووکیٹ جنرل سیکرٹری ڈسٹرکٹ اینٹی ٹی بی ایسوسی ایشن رجسٹرڈ چنیوٹ کریں گے

کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید سے محکمہ ٹورازم ساہیوال کے ضلعی افسران کی ملاقات

سکول وکالجز کے طلبہ وطالبات میں منفی سرگرمیوں کی حوصلہ شکنی کے لئے سیاحتی سرگرمیوں کو فروغ دیا جائے

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید سے محکمہ ٹورازم ساہیوال کے ضلعی افسران کی ملاقات، سیاحت کے فروغ کے لئے کئے گئے اقدامات بارے تفصیلی بریفنگ دی، سکول وکالجز کے طلبہ وطالبات میں منفی سرگرمیوں کی حوصلہ شکنی کے لئے سیاحتی سرگرمیوں کو فروغ دیا جائے، کمشنر شعیب اقبال سید۔ تفصیلات کے مطابق کمشنر ساہیوال شعیب اقبال سید سے ٹورازم ڈیپارٹمنٹ ساہیوال کے ضلعی افسران نے ملاقات کی اور سیاحت کے فروغ کے لئے کئے گئے اقدامات بارے تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ اسکولوں کالجز کے بچوں کو ہر سال ہڑپہ اور ڈویژن میں موجود دیگر تاریخی جگہوں کا وزٹ کروایا جاتا ہے۔ پچھلے چند سالوں میں ٹورسٹ کی تعداد میں نمایاں اضافہ ہوا جو خوش آئند ہے۔ اجلاس کے شرکاء نے مطالبہ کیا کہ چیچہ وطنی جنگل میں ریزورٹ بنانے کی تجویز پر غور کیا جائے۔ کمشنر ساہیوال شعیب اقبال سید نے کہا کہ مذہبی، تاریخی، قدیمی ورثہ، آثار قدیمہ اور ایکو ٹورازم کو فروغ دیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ قدیمی تہذیب سے قربت کا احساس دلانے کے لئے سیاحوں کے لئے سیاحتی ریزورٹ بنائے جائیں گے۔

چیئرمین گورننگ باڈی محمد تسلیم اختر راو کی زیر صدارت دانش سکول کی گورننگ باڈی کا اجلاس

سیکرٹری و پرنسپل دانش سکول کرنل (ر) محمد محی الدین اطہر وائس پرنسپل، گورننگ باڈی سمیت دیگر ممبران بھی اجلاس میں شریک تھے

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب چیئرمین گورننگ باڈی محمد تسلیم اختر راو کی زیر صدارت دانش سکول کی گورننگ باڈی کا اجلاس ڈی سی کمیٹی روم میں منعقد ہوا سیکرٹری و پرنسپل دانش سکول کرنل (ر) محمد محی الدین اطہر وائس پرنسپل، گورننگ باڈی سمیت دیگر ممبران بھی اجلاس میں شریک تھے۔ پرنسپل دانش سکول نے اجلاس کو داخلہ کی پالیسی، اسکول کی سرگرمیوں اور تعلیمی نتائج پر بریفنگ دی۔ اجلاس میں اساتذہ کی بھرتی سمیت بجٹ کے استعمال اور طریقہ کار پر تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر چیئرمین گورننگ باڈی دانش سکول نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سنٹر آف ایکسی لینس / دانش سکول ضلع ننکانہ صاحب کا اسٹیٹ آف دی آرٹ سکول ہے اور دانش سکول حکومت کا ایک، بہت ہی جدید منصوبہ ہے جو کہ طبقے کے پسے ہوئے لوگوں کو تعلیم کے یکساں مواقع فراہم کر رہا ہے۔ ڈی سی ننکانہ نے کہا کہ وہ خود ایجوکیشن کے پلیٹ فارم سے اس سکول کے لیے مزید کوشش کریں گے تاکہ یہ سکول پاکستانی معاشرے کے لیے پنجاب کے لیے مزید ایسے مواقع فراہم کرے کہ جہاں پر غریبوں کے بچے آکر بغیر کسی خرچے کے تعلیم حاصل کرسکیں اور معاشرے کے مفید شہری بن سکیں۔

جامعہ امینیہ رضویہ واربرٹن میں ترجمہ وتفسیر القرآن کی تکمیل پر ایک شاندار تقریب کا انعقاد کیا گیا

جامعہ امینیہ رضویہ واربرٹن میں الحمدللہ چار سال کے عرصے میں ترجمہ وتفسیر القرآن کی تکمیل پر ایک شاندار تقریب کا انعقاد کیا گیا

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) جامعہ امینیہ رضویہ واربرٹن میں الحمدللہ چار سال کے عرصے میں ترجمہ وتفسیر القرآن کی تکمیل پر ایک شاندار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق جامعہ امینیہ رضویہ واربرٹن میں الحمدللہ چار سال کے عرصے میں ترجمہ وتفسیر القرآن کی تکمیل پر ایک شاندار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں مدرس ترجمہ وتفسیر علامہ مولانا اشفاق احمد رضوی صاحب نے سورۃ الناس کی تفسیر و ترجمہ بیان کیا۔ اس موقع پر علامہ اشفاق احمد رضوی صاحب کی دستار بندی کی گئی۔ یہ سعادت جامعہ امینیہ رضویہ کے حصے میں دوسری مرتبہ آئی ہے۔ اس تقریب میں طلباء کرام، ادارے کے اساتذہ کرام سمیت مبلغ دعوت اسلامی حاجی نصر اقبال عطاری، حاجی شیخ نوید احمد مونگہ اور دیگر اہل ذوق شریک ہوئے۔ یہ تفسیر و ترجمہ خصوصاً حفظ کے طلباء کے لیے ترتیب دیا گیا تھا، جس سے ان کے لیے قرآن پاک کے معانی کو سمجھنا آسان ہوا۔ علامہ اشفاق احمد رضوی نے چار سال تک نہایت محنت اور لگن سے طلباء کو یہ تفسیر و ترجمہ پڑھایا۔ اس تفسیر و ترجمہ کی تکمیل سے طلباء میں قرآن فہمی کا شعور بیدار ہوا اور ان کے دلوں میں قرآن پاک کی محبت مزید گہری ہوئی۔ جامعہ امینیہ رضویہ واربرٹن نہ صرف حفظ قرآن کی تعلیم فراہم کر رہا ہے۔

CRIME
& COURT
جرم و سزا

سینئر صحافی شیخ ندیم شیراز کے درجات کی بلندی کیلئے دوردہ اسلام کی محفل کا انعقاد

صدی احمد اظہر جلال بھٹی میاں بلال اکرم ڈاکٹر وقاص رانا آفاق دیگر کی شرکت

دیپالپور (زاہد عمران خاں جنجوعہ) اوکاڑہ صدر گوگیرہ ڈاکٹر وقاص احمد جوپو کی رہائش گاہ پر محفل دوردہ اسلام کی محفل پاک کا انعقاد کیا گیا جس میں سیاسی وسماجی شخصیات کی شرکت۔ تفصیلات کے مطابق محفل پاک آغاز حافظ علی افضل نے تلاوت قرآن مجید سے کیا۔ نعت رسول مقبول کیلئے صغیر عالم فرید نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی پہ لاکھوں سلام پھول نچھاور کیے۔ جس میں میاں بلال اکرم جوپو سابق صدر آل پاکستان مسلم لیگ یوتھ ونگ، احمد رضا، مزمل لونا، مظہر فرید، صدی احمد کھوکھر، رانا آفاق، محمد عثمان، اظہر جلال بھٹی، سہیل اسلم سکرٹری جنرل سٹوڈنٹ کونسلر صدر گوگیرہ دیگر نے شرکت کی۔ ندیم شیراز کے درجات کی بلندی کیلئے فاتحہ خوانی کی۔

بیسویں شہداء یوم بدر کانفرنس پروفیسر محمد عرفان محمود برق کی زیر صدارت قصور میں منعقد ہوئی

کوٹ رادھا کشن (نامہ نگار) بیسویں شہداء یوم بدر کانفرنس پروفیسر محمد عرفان محمود برق کی زیر صدارت قصور میں منعقد ہوئی۔ کانفرنس کی میزبانی محمد سرور خان میو نے کی، جبکہ مفتی زبیر یوسف، اور مولانا طاہر محمود قصوری نے خطاب کیا کانفرنس میں سیاسی سماجی صحافی برادری نے بھرپور شرکت کی۔ تفصیلات کے مطابق، بیسویں شہداء یوم بدر کانفرنس پروفیسر محمد عرفان محمود برق کی زیر صدارت قصور میں منعقد ہوئی۔ کانفرنس کی میزبانی محمد سرور خان میو نے کی، جبکہ مفتی زبیر یوسف، اور مولانا طاہر محمود قصوری نے خطاب کیا کانفرنس میں سیاسی سماجی صحافی برادری نے بھرپور شرکت کی۔ اس موقع مقررین نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے نقش قدم پر چلتے ہوئے دنیا آخرت میں عزت والی کامیابی حاصل ہوسکتی ہے غزوہ بدر میں شریک صحابہ کرام کی زندگی اور ان کی قربانی ہمارے معاشرے کے لیے مشعل راہ ہے آج انہیں کی کاوشوں کی بدولت ہم سب مسلمان ہیں آج ضرورت ہے۔

ڈی پی او فیصل شہزاد نے سیالکوٹ پولیس کے غازیوں کو سلور میڈل دیئے

پولیس شہداء ہمارے ماتھے کا جھومر ہیں۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) محکمہ پولیس میں فرض شناسی اور جرائم پیشہ افراد کا سامنا کرتے ہوئے گولیاں کھا کر زخمی ہونے کے باوجود ملزمان کا مقابلہ کرتے ہوئے غازی کا لقب پانے والے نڈر اور جرات مند پولیس افسران کو سلور میڈل دیئے گئے غازی کا لقب پانے والوں میں سیالکوٹ پولیس کے دو انسپکٹر۔ 3 سب انسپکٹر اور 5 اسٹنٹ سب انسپکٹر سمیت پچاس افراد کے اعزاز میں تقریب منعقد ہوئی آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایات پر ڈی پی او سیالکوٹ فیصل شہزاد نے پولیس لائن میں منعقدہ تقریب میں ایس ایچ او صدر سیالکوٹ انسپکٹر غازی میاں عبدالرزاق۔ انچارج ہومی سائیڈ سٹی سرکل انسپکٹر غازی عرفان اشرف۔ سب انسپکٹرز میں غازی کا لقب پانے والے سرور علی۔ محمد ادریس۔ زاہد عمران اور اسٹنٹ سب انسپکٹرز میں کرامت علی۔ مقصود احمد۔ اختر۔ شہباز اور اشفاق شامل ہیں کو بھی آئی جی پنجاب کی طرف سے سلور میڈل پہنائے گئے

چیئرمین ڈرگ کوٹ سید خالد جاوید بخاری کی طرف سے اپنے سٹاف اور دوستوں کے اعزاز میں افطار ڈنر کا اہتمام

پورا سال ہی اللہ اور اُس کے رسول کی جانفشانی سے فرمانبرداری کریں اور اپنی آخرت کو بہتر بلکہ بہترین بنائیں

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) چیئرمین ڈرگ کوٹ سید خالد جاوید بخاری کی طرف سے اپنے سٹاف اور دوستوں کے اعزاز میں افطار ڈنر کا اہتمام کیا گیا جس میں قرآن پاک کی تلاوت کی گئی اور حمد ونعت کی بابرکت سروح پرور محفل سجائی گئی جس میں، رانا ہارون سینیٹیشن آفیسر، وقاص بیگ ایس ایچ او فیکٹری ایریا، محمد محسن ایس ایچ او فیڈ ملک، رانا ہارون اے ایس آئی، محمد طاہر صدر فوٹو جرنلسٹس ایسوسی ایشن موجود تھے اور سید خالد جاوید بخاری، خطاب کرتے ہوئے کہا روزہ ہمیں روحانی قوت کے ساتھ ساتھ جسمانی طور پر بھی مضبوط بناتا ہے، ان ایام ہمیں کلام اللہ کو پڑھنے، سننے، سمجھنے اور عمل کرنے کا زیادہ موقع ملتا ہے ہم اللہ کے زیادہ قریب ہوجاتے ہیں اس سے نا صرف ہماری آخرت سنورتی ہے بلکہ ہم دنیاوی طور پر روزہ کے ذریعے مضبوط ہو کر جسمانی مشکلات کا مقابلہ کر سکتے ہیں ہمیں چاہئے کہ پورا سال ہی اللہ اور اُس کے رسول کی جانفشانی سے فرمانبرداری کریں اور اپنی آخرت کو بہتر بلکہ بہترین بنائیں

اوکاڑہ پولیس نے تین موٹر سائیکل چوروں کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 9 موٹر سائیکلیں اور دیگر سامان برآمد کرلیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ پولیس نے تین موٹر سائیکل چوروں کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 9 موٹر سائیکلیں اور دیگر سامان برآمد کرلیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ چوچک کے ایس ایچ او نے اپنی ٹیم کے ہمراہ چوری کی وارداتیں کرنے والے گینگ علی رضا، شاہد اور رؤف کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 9 عدد موٹر سائیکلیں اور سپیئر پارٹس برآمد کرلیا ہے۔ ملزمان نے چوچک اور گردونواح میں موٹر سائیکل چوری کرنے کا انکشاف کیا ہے۔ پولیس تھانہ چوچک نے مزید تفتیش شروع کردی ہے۔

پاکستان تحریک انصاف پنجاب کے نائب صدر چوہدری مصطفی سراء نے گزشتہ روز سابق صوبائی وزیر میاں خالد محمود سے انکی رہائشگاہ پر ملاقات کی

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف پنجاب کے نائب صدر چوہدری مصطفی سراء نے گزشتہ روز سابق صوبائی وزیر میاں خالد محمود سے انکی رہائشگاہ پر ملاقات کی جہاں انہوں نے میاں خالد محمد سے انکی خوشدامن اور استحکام پارٹی کے ضلعی صدر میاں تیمور خالد سے انکی نانی جان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے دلی تعزیت کرتے کرتے ہوئے فاتحہ خوانی کی اور اہل خانہ کو صبر جمیل اور مرحومہ کی بلند درجات کے لیے خصوصی دعا کی۔

آئی پی پی کے مرکزی سیکرٹری جنرل وسابق صوبائی وزیر میاں خالد محمود کی خوشدامن کے انتقال پر ڈپٹی کمشنر شاہد عمران مارتھ نے فاتحہ خوانی کی

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) آئی پی پی کے مرکزی سیکرٹری جنرل و سابق صوبائی وزیر میاں خالد محمود کی خوشدامن کے انتقال پر ڈپٹی کمشنر شاہد عمران مارتھ نے فاتحہ خوانی کی ہے ڈپٹی کمشنر نے میاں خالد محمود سے ان کی اقامت گاہ پر ملاقات کرکے گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی اس موقع پر میاں تیمور خالد، ڈاکٹر خالد محمود شیخ، حاجی ڈاکٹر یاسر ندیم شیخ و دیگر نمائندہ افراد موجود تھے۔

وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن محفوظ پنجاب کے تحت اقدامات جاری

پولیس نے گمشدہ قیمتی موبائل فونز برآمد کرلئے، ڈی پی او آفس میں تقریب کا انعقاد

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن محفوظ پنجاب کے تحت اقدامات جاری، پولیس نے گمشدہ قیمتی موبائل فونز برآمد کرلئے، ڈی پی او آفس میں تقریب کا انعقاد، تقریب کے دوران ڈی پی او عبداللہ احمد نے برآمد موبائل فون اصل مالکان کے حوالے کیے، مختلف کمپنیوں کے 20 سے زائد موبائل فونز شہریوں کے حوالے کیے گئے، گمشدہ موبائل واپس ملنے پر شہریوں نے پولیس کا شکریہ ادا کیا اور دعائیں دیں، جدید ٹیکنالوجی کا بہترین استعمال کرکے گمشدہ موبائل برآمد کیے جارہے ہیں، ڈی پی او عبداللہ نے کہا ہے کہ شہریوں کے جان و مال کی حفاظت کو یقینی بنانے کیلئے تمام تر ضروری اقدامات کیے جارہے ہیں، شہری کسی بھی ایمرجنسی صورت میں پولیس ہیلپ لائن 15 یا قریبی پولیس اسٹیشن رابطہ کرسکتے ہیں

جاری ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل شہریوں کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی کے لیے ناگزیر ہے

وہ روڈ سیکٹر میں مختلف ترقیاتی منصوبوں کے اچانک دورے کے دوران گفتگو کررہے تھے

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے کہا ہے کہ جاری ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل شہریوں کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی کے لیے ناگزیر ہے، لہٰذا کام کی رفتار تیز اور معیار کو یقینی بنایا جائے۔ وہ روڈ سیکٹر میں مختلف ترقیاتی منصوبوں کے اچانک دورے کے دوران گفتگو کررہے تھے۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ محمد اکرم وٹو، ایس ای ہائی وے حافظ عبدالقادر اور ایکسین ہائی وے میاں رمضان بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے اولڈ چیچہ وطنی روڈ اور این 5 موڑ وے تا اڈا بوئی پال روڈ کی بحالی و مرمت کے منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا اور جاری کام کی رفتار پر عدم اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ہدایت کی کہ لیبر کی تعداد بڑھائی جائے اور منصوبوں کو مقررہ وقت میں مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو سفری سہولیات میں بہتری فراہم کی جاسکے۔ انہوں نے خصوصی طور پر ہدایت کی کہ دونوں سڑکوں پر بارش کے پانی کی نکاسی کا مناسب بندوبست کیا جائے تاکہ سڑکیں جلد ٹوٹ پھوٹ کا شکار نہ ہوں اور طویل عرصے تک قابل استعمال رہیں۔ ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے کہا کہ نکاسی آب کے ناقص انتظامات سڑکوں

کی تباہی کا بڑا سبب بنتے ہیں لہٰذا اسے ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ محمد اکرم وٹو نے منصوبوں کی تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ 43 کلومیٹر طویل براستہ ہڑپہ اولڈ چیچہ وطنی روڈ کی مرمت و بحالی کے منصوبے کی لاگت کا تخمینہ 47 کروڑ روپے لگایا گیا ہے جبکہ این 5 تا اڈا بوئی پال براستہ پل 138 ساڑھے چار کلومیٹر طویل سڑک کی مرمت و بحالی کے منصوبے پر 13 کروڑ روپے خرچ کیے جائیں گے۔ ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے ہدایت کی کہ ترقیاتی کاموں کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے۔

ڈی ایس پی ٹریفک سربالی خان کا مختلف شاہراؤں ورابطہ سڑکوں کا دورہ

اس موقع پر انچارج ڈرائیونگ لائسنسنگ برانچ انسپکٹر محمد پرویز و دیگر ٹریفک پولیس افسران واہلکار ہمراہ تھے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ایڈیشنل آئی جی ٹریفک مرزا فاران بیگ، آر پی او اطہر اسماعیل اور ڈی پی او بلال ظفر شیخ کی خصوصی ہدایت پر ڈی ایس پی ٹریفک سربالی خان نے مختلف شاہراؤں ورابطہ سڑکوں کا دورہ کیا اور عملہ کی کارکردگی کا جائزہ لیا اور رکشاؤں و موٹر سائیکل سواروں کو لرنرز ڈرائیونگ لائسنس بھی موقع پر جاری کیے اس موقع پر انچارج ڈرائیونگ لائسنسنگ برانچ انسپکٹر محمد پرویز نائب انچارج سب انسپکٹر میاں ناصر اقبال و دیگر ٹریفک پولیس افسران و اہلکار ہمراہ تھے بعد ازاں ڈی ایس پی ٹریفک سربالی خان نے انسپکٹر محمد پرویز کو گزشتہ تین ماہ کے دوران رکشاؤں و موٹر سائیکلوں کے ریکارڈ لرنرز ڈرائیونگ لائسنس جاری کرکے پنجاب بھر میں کارکردگی کے لحاظ سے پہلی پوزیشن حاصل کرنے پر مبارکباد دی اور انہیں پھول پیش کیے، ڈی ایس پی ٹریفک سربالی خان نے کہا کہ انسپکٹر محمد پرویز نے جس فرض شناسی و مستعدی سے امور ذمہ داری انجام دیئے وہ دیگر افسران و ملازمین کیلئے مشعل راہ ہے انکی محسن کارکردگی کو اعلیٰ افسران کے ساتھ ساتھ عوامی سماجی حلقوں کی طرف سے بھی بھرپور سراہا گیا ہے جو یقینا ٹریفک پولیس شیخوپورہ کیلئے بھی ایک اعزاز ہے جس کے فرض شناس آفیسر انسپکٹر محمد پرویز نے اپنی پیشہ وارانہ خدمات کی بدولت قابل فخر کارکردگی کا مظاہرہ کیا اور ان شاء اللہ آئندہ بھی محکمانہ خدمات کی انجام دہی کی خاطر کوئی کسر اٹھا نہ رکھیں گے۔

ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن محمد شفیق اور ممبران صوبائی اسمبلی محمد نواز چوہان، چوہدری عبدالرحمن گجر کے ہمراہ مختلف مقامات پر پودے لگائے

کمشنر نے پہلے سٹی سپورٹس کمپلیکس کے سبزہ زار میں پھلدار پودے لگائے اور شجرکاری مہم کی کامیابی کے لئے دعا بھی کی

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) عالمی یوم جنگلات کے موقع پر وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے "درخت لگائیں پاکستان کے لئے" عزم کے تحت کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی نے ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن محمد شفیق اور ممبران صوبائی اسمبلی محمد نواز چوہان، چوہدری عبدالرحمن گجر کے ہمراہ مختلف مقامات پر پودے لگائے۔ کمشنر نے پہلے سٹی سپورٹس کمپلیکس کے سبزہ زار میں پھلدار پودے لگائے اور شجرکاری مہم کی کامیابی کے لئے دعا بھی کی۔ بعدازاں انہوں نے ڈسٹرکٹ جیل کا دورہ کیا اور وہاں شجرکاری مہم کے سلسلے میں پودے لگائے۔ ممبران صوبائی اسمبلی محمد نواز چوہان اور چوہدری عبدالرحمن گجر کے علاوہ ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن محمد شفیق، اے سی جی فرخ محمود جنجوعہ، سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل جام آصف کمال و دیگر بھی انکے ہمراہ تھے۔ شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے زیادہ سے زیادہ پودے لگانے کی ہدایت کی ہے۔ انشاءاللہ "درخت لگائیں پاکستان کے لئے" کے نعرے کو کامیاب بنائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی کے اثرات شجرکاری کے بغیر روکنا ناممکن ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ڈویژن بھر کے تمام ادارے ترجیحی بنیادوں پر پودے لگائیں گے۔

میونسپل کمیٹی کی ٹیموں نے مختلف مقامات سے عارضی وپختہ تجاوزات کا صفایا کرادیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) میونسپل کمیٹی کی ٹیموں نے مختلف مقامات سے عارضی وپختہ تجاوزات کا صفایا کرادیا۔ ٹیموں نے تجاوزات کے خلاف گرینڈ اپریشن کیا اور موقع سے پختہ تعمیرات کو مسمار جبکہ عارضی سامان ضبط کرایا۔ علاوہ ازیں فٹ پاتھس کو بھی پیدل چلنے والوں کے لئے کلیئر کرالیا گیا۔ ضلعی انتظامیہ نے خبردار کیا کہ دکاندار بازاروں وشاہرات پر قائم تجاوزات کو ازخود ہٹالیں بصورت دیگر نہ صرف تجاوز شدہ سامان ضبط کرے گی بلکہ قانونی کارروائی بھی ہوگی۔

عیدالفطر کی خریداری میں اضافہ ہوتے ہی سیٹلائٹ ٹاؤن مارکیٹ، ماڈل ٹاؤن پیپلز کالونی سمیت شہر کے گنجان آباد بازاروں میں جیب تراشی، چوری کے واقعات میں اضافہ ہوگیا

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) عید الفطر کی خریداری میں اضافہ ہوتے ہی سیٹلائٹ ٹاؤن مارکیٹ، ماڈل ٹاؤن 'پیپلز کالونی سمیت شہر کے گنجان آباد بازاروں میں جیب تراشی، چوری کے واقعات میں اضافہ ہوگیا۔ ماہ صیام کا دوسرا عشرہ اختتام پذیر ہونے کو ہے اور عید کی آمد آمد ہے۔ شہر کے معروف اور گنجان آباد بازاروں ماڈل ٹاؤن 'سیٹلائٹ ٹاؤن' پیپلز کالونی 'دال بازار' ارینا توالی گلی 'اردو بازار' ٹھاکر سنگھ بازار' سیالکوٹ دروازہ 'گرجاکھی دروازہ 'خراداں والا بازار' شاہین آباد بازار' سید پاک بازار' گورونانک پورہ' گھنٹہ گھر چوک 'صرافہ بازار' سید نگری بازار' تھانیوالا بازار' فوڈ سٹریٹ بخشے والا میں عید خریداری کے رش میں بے تحاشا اضافہ ہوگیا ہے، خاص طور پر مارکیٹس میں رات کے اوقات میں تل دھرنے کو بھی جگہ نہیں ملتی۔ بازاروں میں شہریوں کے رش میں اضافہ ہوتے ہی جیب تراشی، چوری اور خواتین سے پرس چھیننے کے واقعات میں اضافہ ہوگیا ہے۔ اس صورتحال کے باعث شہری عدم تحفظ کا شکار ہوگئے ہیں اور انہوں نے بازاروں میں سیکورٹی کے انتظامات بہتر کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

بے پناہ سہولیات اندرون شہر میں واقع رمضان بازار شہریوں کی توجہ کا مرکز بن گیا

جہلم (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایات پر ماڈل بازار میں بے پناہ سہولیات اندرون شہر میں واقع رمضان بازار شہریوں کی توجہ کا مرکز بن گیا۔ ستے رمضان بازار میں گوشت سبزی، فروٹ، کریانہ، چکن، انڈے، آٹا چینی سمیت تمام اشیائے خوردونوش عام مارکیٹ سے ستے داموں پر فروخت کی جارہی ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شہریوں۔ نے اخبار نویسوں مینیجر سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ ستے بازار میں چینی 130 روپے کلو چکن نوٹیفائیڈ ریٹ سے کم نرخوں پر فروخت کیا جارہا ہے۔

پولیس تھانہ مصطفی آباد کا بھکاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن، سات بھکاری گرفتار

مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) پولیس تھانہ مصطفی آباد کا بھکاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن، سات بھکاری گرفتار، بھکاریوں کے خلاف الگ الگ مقدمات درج، تفصیلات کے مطابق ڈی پی او قصور محمد عیسیٰ خاں سکھیرا کی خصوصی ہدایات پر ایس ایچ او تھانہ مصطفی آباد حسن عمران سید نے عوام سے زبردستی بھیک مانگنے اور انہیں پریشان کرنے والے سات بھکاریوں کو گرفتار کرکے حوالات میں بند کردیا، تھہ بھلو سے بھیک مانگنے والا مصطفی آباد کا رہائشی ہو، وڈانہ اڈا پر بھیک مانگنے والا کاہنہ کا رہائشی اسلم عرف کیکری، مین بازار مصطفی آباد میں بھیک مانگنے والے نذیر میو، محمد عثمان اعوان، مین بازار مصطفی آباد میں بھیک مانگنے والے جھلکے کا رہائشی محمد عثمان اعوان، مین بازار مصطفی آباد میں بھیک مانگنے والے صوبے آصل کا رہائشی سکندر علی جٹ، ٹول پلازہ مصطفی آباد میں بھیک مانگنے والا چونگی امرسدھو کا رہائشی محمد جبار گجر، ٹول پلازہ مصطفی آباد میں بھیک مانگنے والا مصطفی آباد کے رہائشی مشتاق مسیح کو گرفتار کرلیا گیا، بھکاریوں کے خلاف امجد علی اے ایس آئی، ساجد علی اے ایس آئی، محمد اشرف ایس آئی، اشفاق احمد ایس آئی، طارق محمود ایس آئی، محمد امین ایس آئی ظہیر سرور اے ایس آئی کی مدعیت میں الگ الگ مقدمات درج۔

ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کا امام بارگاہوں کا دورہ

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) دیپالپور۔ ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کا ڈی پی او راشد ہدایت کے ہمراہ شہادت حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سلسلہ میں امام بارگاہوں کا دورہ کیا، انہوں نے شہادت حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے جلوس کے روٹس کا بھی دورہ کیا اور صفائی ستھرائی، روڈ کلیرنس، فول پروف سیکورٹی سمیت دیگر اہم امور بارے ہدایات جاری کیں، ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ شہادت حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے موقع پر عزاداروں کی سہولت کے لیے بہترین انتظامات کیے جائیں، محکمہ ہیلتھ اور ریسکیو 1122 کی ٹیمیں جلوس کے ساتھ فرائض سرانجام دیں اور کسی بھی ناگہانی صورتحال سے نمٹنے کے لیے تمام متعلقہ ادارے پوری طرح الرٹ رہیں اور امن وامان کے پیش نظر فول پروف سیکورٹی کو بھی یقینی بنایا جائے، ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ شہادت حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے موقع پر جلوس اور امام بارگاہوں کی منتظمین ضلع انتظامیہ اور پولیس کے ساتھ مسلسل رابطے میں رہیں تاکہ تمام امور کو احسن انداز میں سرانجام دیا جاسکے۔

"قوت" کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ،اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

اطلاع عام

از دفتر ایس ڈی او آپریشن سب ڈویژن سیٹلائٹ ٹاؤن فیسکو جھنگ

عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی محمد اقبال ولد محمد رمضان سکنہ چراغ آباد جھنگ نے دفتر ہذا میں ایک درخواست نمبری 13318100607 مورخہ 2025-03-19 گزاری ہے کہ میرے مکان پر سنگل فیز بجلی میٹر جس کا حوالہ اکاؤنٹ نمبری 133180471200-10 جو کہ ظفر اقبال ولد سردار بخش سکنہ چراغ آباد کے نام پر چل رہا ہے اب یہ کنکشن محمد اقبال ولد محمد رمضان اپنے نام تبدیل کروانا چاہتا ہے اگر اس نام تبدیلی میں کسی کو کسی قسم کا کوئی عذر و اعتراض وغیرہ ہے تو سات یوم کے اندر دفتر ہذا میں پیش ہو کر تحریری بیان دیں بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 1

اور پروپیگنڈے کا ثبوت ہے۔ جے آئی ٹی ذرائع نے کہا کہ ریاست مخالف سرگرمیوں میں پی ٹی آئی قیادت کے قریبی رشتے دار بھی ملوث پائے گئے ہیں، جے آئی ٹی فورم فعال طور پر مجرموں کے خلاف قانونی اور انتظامی کارروائیوں کی سفارش کر رہی ہے۔ جے آئی ٹی ذرائع کے مطابق جے آئی ٹی مفرور اور غیر حاضر افراد کے خلاف سخت کارروائی کی سفارش بھی کر رہی ہے، پی ٹی آئی سینٹرل میڈیا ڈویژن اور سوشل میڈیا ٹیم کی کارروائیاں "رضا کار فورس" کے ذریعے کی گئیں۔ جے آئی ٹی ذرائع نے دعویٰ کیا کہ یہ ریاست مخالف پروپیگنڈا اندرون ملک اور آف شور اکاؤنٹس کے ہینڈلرز کے ذریعے کیا گیا، اس پروپیگنڈا مہم کو مالی اعانت غیر ملکی لابیز کے ذریعے پی ٹی آئی قیادت کر رہی ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ غیر ملکی لابیز پی ٹی آئی قیادت کے ساتھ مل کر اس پروپیگنڈا مہم کو کنٹرول بھی کر رہی ہیں، جے آئی ٹی، پی ٹی آئی کے افراد سے سوشل میڈیا پر منفی پروپیگنڈے کے حوالے سے تحقیقات کر رہی ہے۔ ذرائع کے مطابق جے آئی ٹی الیکٹرانک کرائمز ایکٹ 2016 کے تحت تشکیل دی گئی تھی، وفاقی حکومت کی قائم کردہ جے آئی ٹی کی سربراہی اسلام آباد پولیس کے آئی جی کر رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 2

بائیو میٹرک حاضری یو ایچ ایس کو بھیجنے کے پابند ہوں گے۔ پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل کے نوٹیفکیشن کے مطابق 90 فیصد سے کم حاضری والے امیدواروں کو یونیورسٹی کے پروفیشنل امتحانات میں بیٹھنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ اس بات کا فیصلہ جمعرات کے روز یونیورسٹی کی اکیڈمک کونسل اور بورڈ آف سٹڈیز کے مشترکہ اجلاس کیا گیا جس میں طلبہ کی حاضری، امتحانی پالیسیوں، اور تعلیمی معیار کو بہتر بنانے کے حوالے سے اہم فیصلے کیے گئے۔ اجلاس کی صدارت یو ایچ ایس کے وائس چانسلر پروفیسر احسن وحید راٹھور نے کی، جبکہ سرکاری و نجی میڈیکل کالجز اور الحاق شدہ ہیلتھ انسٹیٹیوشنز کے سربراہان نے بطور ممبر شرکت کی۔ اجلاس میں نئی امتحانی ریگولیشن کی منظوری دی گئی جس کے تحت ایم بی بی ایس اور بی ڈی ایس کے طلبہ کو پریکٹیکل اور تھیوری میں علیحدہ علیحدہ 60 فیصد نمبر لینا لازمی ہوگا، جبکہ پروفیشنل امتحان کے ہر مضمون میں مجموعی طور پر 70 فیصد پاس مارکس حاصل کرنا ضروری ہوگا۔ یہ فیصلہ اس سال داخل ہونے والی کلاسز پر نافذ العمل ہوگا۔ اجلاس میں یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ مختلف پروگرامز کی پرانی سکیموں کے امیدواروں کو امتحان پاس کرنے کے لیے چار سے زیادہ چانسز نہیں دیے جائیں گے۔ چار چانسز پورے ہونے کے بعد امیدوار کو ریوائزڈ سکیم میں آکر امتحان دینا ہوگا۔ پالیسی پوسٹ گریجویٹ اور انڈر گریجویٹ پروگرامز پر یکساں طور پر نافذ العمل ہوگی۔ اس پالیسی کے تحت یونیورسٹی کو سالانہ 700 سے زائد امتحانات لینے کے بجائے صرف 250 امتحانات لینے پڑیں گے۔ مزید برآں یو ایچ ایس نے طلبہ کے ساتھ ساتھ اساتذہ کی اسسمنٹ کرنے کا بھی فیصلہ کیا ہے۔ الحاق شدہ کالجز کی فیکلٹی کی جانچ کی جائے گی تاکہ یہ دیکھا جا سکے کہ کالجز نے اپنے اساتذہ کی استعداد کار بڑھانے کے لیے کیا اقدامات کیے ہیں۔ اجلاس میں ایم بی بی ایس اور بی ڈی ایس کے سیشن 25-2024 کے اکیڈمک کیلنڈرز کی منظوری دی گئی۔ فرسٹ ایئر ایم بی بی ایس کا اکیڈمک ایئر 3 اپریل سے، جبکہ فرسٹ ایئر بی ڈی ایس کا اکیڈمک ایئر 15 اپریل سے شروع ہوگا۔ فرسٹ ایئر ایم بی بی ایس کے پروفیشنل امتحانات فروری 2026ء کے پہلے ہفتے میں، جبکہ فرسٹ ایئر بی ڈی ایس کے امتحانات مارچ 2026ء کے پہلے ہفتے میں ہوں گے۔

بقیہ بقیہ جات 3

کشمیر سمیت تمام تصفیہ طلب مسائل کے حل کے لیے تعمیری روابط اور نتیجہ خیز مذاکرات کر رہا ہے۔ انہوں نے جواب میں بتایا کہ بھارت پر زور دے رہے ہیں کہ وہ امن اور بات چیت آگے بڑھانے کے لیے سازگار ماحول پیدا کرے۔ وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا کہ دو طرفہ تعلقات میں مشکلات کے باوجود پاکستان نے ذمے داری سے کام جاری رکھا، لائن آف کنٹرول پر جنگ بندی کو برقرار رکھا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اکتوبر 2024ء میں کرتارپور راہداری معاہدے کی مزید 5 سال کے لیے تجدید کی گئی۔ وزیر خارجہ اور ڈپٹی پرائم منسٹر نے جمع کروائے جواب میں کہا کہ دہشت گردی کے مسئلے کو حل کرنے کی ہماری تمام کوششوں کا اب تک افغانستان سے کوئی نتیجہ خیز جواب نہیں ملا۔

بقیہ بقیہ جات 4

نے کہا کہ پاکستان کو دہشتگردی اور موسمیاتی تبدیلیوں جیسے سنگین خطرات کا سامنا ہے، پڑوسی ملک افغانستان کی سرزمین پاکستان کے خلاف دہشتگردی کیلئے استعمال ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان دہشت گردوں کی محفوظ آماجگاہ بنا ہوا ہے، پاکستان میں دہشت گردی کی آگ خطے کے دیگر ممالک تک بھی پھیل سکتی ہے، اس آگ سے پھر ہمسایہ ممالک بھی محفوظ نہیں رہیں گے، دنیا کو اس کا نوٹس لینا ہوگا۔ سردار ایاز صادق نے کہا کہ پاکستان متعدد بار افغان عبوری حکومت کو دہشت گرد تنظیموں کے خلاف شواہد دے چکا ہے، افغان سرزمین کے پاکستان کے خلاف استعمال کا معاملہ متعدد مواقع پر اقوام متحدہ میں بھی اٹھایا۔ انہوں نے کہا کہ اعلیٰ امریکی عہدے داروں کو بھی اس تشویشناک صورتحال سے آگاہی دی گئی ہے، دہشت گرد امریکہ کا افغانستان میں چھوڑا گیا جدید ترین اسلحہ استعمال کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی بہادر سیکیورٹی فورسز دہشتگردی سے نبرد آزما ہیں، پاکستان نے دہشتگردی کے خلاف جنگ میں بھاری قیمت چکائی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 5

وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف عمرہ کی ادائیگی کیلئے جاتی امرا سے روانہ ہوئیں، اس موقع پر مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف نے انہیں گلے لگا کر اور ڈھیروں دعائیں دے کر روانہ کیا۔ نواز شریف نے مریم نواز سمیت پورے وفد کی خیریت اور عمرہ قبول ہونے کی دعا کی۔

بقیہ بقیہ جات 6

جس کے لئے 12 ہزار مقامات منتخب کر لئے گئے۔ شجرکاری مہم میں پہلی بار ہر پودے کی جیو ٹیگنگ ہوگی۔ "لنگز آف لاہور" اور "رنگ آف لاہور" کے تحت شہر میں خصوصی درخت اگاؤ مہم کا بھی آغاز کیا جا رہا ہے۔ مہم کا عنوان "درخت لگاؤ" (ٹو پلانٹ اے ٹری) رکھا گیا ہے۔ عوام میں پودے تقسیم کرنے کا بھی آغاز ہو گیا ہے۔ سکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں میں آگاہی مہم کا بھی آغاز ہو چکا ہے۔ تعلیمی اداروں میں آگاہی سیمینارز، تقریری مقابلے اور پینٹنگ کے مقابلے بھی ہوں گے اور نماز جمعہ کے خطبات میں دینی حوالوں سے شجرکاری کی مہم کی اہمیت کو اجاگر کیا جائے گا۔ شجرکاری مہم کے لئے تمام اضلاع کے کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کو اہداف سونپ دیئے گئے اور اس کے ساتھ ساتھ مقامی سیاسی راہنماؤں اور کارکنوں کو بھی شجرکاری مہم میں حصہ لینے کی ہدایت کی گئی ہے۔ محکمہ صحت اور دیگر سرکاری اداروں کا عملہ بھی مہم میں حصہ لے گا اور وزراء بھی شریک ہوں گے۔ شجرکاری مہم کے لئے وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر براہ راست نگرانی کے لئے خصوصی ڈیش بورڈ قائم کر دیا گیا اور اس کے ساتھ ہی موبائل ایپ پر ڈیٹا اپلوڈ کیا جائے گا۔ "پلانٹ فار پاکستان" مہم کے تحت نجی و سرکاری یونیورسٹیاں، ہاؤسنگ سوسائٹیاں، سرکاری دفاتر اور بے آباد اراضی پر شجرکاری ہوگی۔ ساڑھے 5 ہزار ایکڑ خالی پڑی صنعتی اراضی پر شجرکاری کی جائے گی اور ویڈیوز ریکارڈنگ کے ذریعے ریکارڈ محفوظ کیا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے علماء کرام، مشائخ عظام، اساتذہ، طلباء، وکلا، ڈاکٹرز، کسان، مزدور، میڈیا، سمیت تمام طبقات اور تعلیمی، تجارتی، سماجی، کاروباری اداروں، صنعتوں، کارخانوں سے شجرکاری مہم میں بھرپور حصہ لینے کی اپیل کی ہے۔ شجرکاری مہم کے لئے سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب کی زیر صدارت اجلاس کے دوران 15 ملین درخت لگانے کا ہدف مقرر کر دیا گیا ہے۔ سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب کا کہنا ہے کہ "پلانٹ فار پاکستان" - "ہر شہری ایک درخت" کا پیغام عام کرنے کیلئے عوامی آگاہی مہم ضروری ہے۔ آج درخت لگائیں گے تو آنے والی نسلوں کی زندگی کی حفاظت ہوگی۔

بقیہ بقیہ جات 7

کی حد عبور کرنے پر اظہار اطمینان کیا ہے۔ جاری اعلامیہ کے مطابق وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان سٹاک ایکسچینج میں کاروبار کی مثبت سمت حکومت کی معاشی پالیسیوں پر تاجروں اور سرمایہ کاروں کے بڑھتے ہوئے اعتماد کا اظہار ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ بہتر ہوتے معاشی اعشاریے اور کاروباری ماحول پچھلے ایک سال کے دوران حکومت کی معاشی پالیسیوں کی وجہ سے ممکن ہوا۔ شہباز شریف نے کہا کہ حکومت ملک میں کاروبار اور سرمایہ کاری کے لئے مثبت ماحول کی فراہمی کے حوالے سے ترجیحی بنیادوں پر تمام سہولیات فراہم کر رہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 8

مقابلہ کیا اور حملے کو پسپا کیا۔ انہوں نے کہا کہ خوارجی دہشتگردوں کے مذموم عزائم ناکام بنانے پر خیبرپختونخوا پولیس کے بہادر سپوتوں کو سلام پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خوارجی دہشتگردوں کی سرکوبی کے لئے خیبرپختونخوا پولیس کا کردار قابل ستائش ہے، کے پی کے پولیس کے بہادر سپوتوں پر فخر ہے۔

بقیہ بقیہ جات 9

ہیں، سندھ اور خیبر پختونخواہ کے عوام کی خواہش ہے کہ انہیں بھی مریم نواز جیسی وزیر اعلیٰ نصیب ہو۔ پنجاب میں اب لوگوں کو ادویات ان کی دہلیز پر مل رہی ہیں، بزدار دور میں کینسر کے مریضوں کو ادویات سے محروم رکھا گیا۔ عقل کے اندھے اب بینائی سے بھی محروم ہو چکے ہیں، ان کو گراؤنڈ پر کام ہوتا نظر نہیں آتا، نواز شریف کینسر ہسپتال کی چار منزلیں مکمل ہو چکی ہیں جبکہ پی ٹی آئی نے صحت کے نام پر کرپشن کے انبار لگائے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کے اسکالر شپ پروگرام کا کوئی ثبوت موجود نہیں، ن لیگ حقیقی معنوں میں تعلیمی مواقع فراہم کر رہی ہے۔ سابق حکومت نے کسانوں سے خیرات کے نام پر پیسے بٹورے، موجودہ حکومت کسانوں کو براہ راست سبسڈی فراہم کر رہی ہے۔ پنجاب میں 100 سے زائد ایئر مانیٹر نصب کیے جا چکے ہیں، ماضی میں اس پر کوئی کام نہیں ہوا۔ اگر احمد خان بھچر کو پنجاب کے کسی منصوبے پر شک ہے تو انہیں دو دن کے لیے سپروائزری کی نوکری دی جا سکتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈی جی پی آر میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے اقدامات کے مثبت نتائج عوام کے سامنے آ رہے ہیں۔ حالیہ سروے کے مطابق 70 فیصد لوگ مریم نواز کی کارکردگی سے مطمئن ہیں۔ عظمیٰ بخاری نے اپوزیشن کے دعوؤں کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ مخالفین کی سیاست محض جھوٹے بیانیے پر قائم ہے۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن لیڈر احمد خان بھچر کو مناظرہ کا شوق ہے تو وہ پہلے مجھ سے مناظرہ کریں، پھر وزیر اعلیٰ مریم نواز کی بات کریں۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ مریم نواز کی قیادت میں پنجاب میں متعدد ترقیاتی منصوبے مکمل کیے جا چکے ہیں۔ ان میں کسانوں کے لیے جدید ٹریکٹر اسکیم، گرین ٹریکٹر سبسڈی، کسان کارڈ، اور چھوٹے کسانوں کے لیے 54 ارب روپے کے قرضے شامل ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ کینسر، ہیپاٹائٹس اور دیگر موذی امراض کے لیے مفت ادویات گھر تک پہنچانے کا نظام متعارف کرایا جا چکا ہے، جبکہ پی ٹی آئی دور میں کینسر کے مریضوں کو ادویات سے محروم رکھا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 10

کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملک میں دہشتگردی پھر زور پکڑ رہی ہے، نیشنل سکیورٹی کمیٹی میٹنگ میں ان پارٹیوں نے شرکت نہیں کی جو دہشتگردوں کے بارے میں نرم گوشہ رکھتی ہیں، پی ٹی آئی اس بڑی میٹنگ سے باہر رہی۔ ان کا کہنا تھا کہ عمران خان اپنے دور حکومت میں بھی ایسی میٹنگز سے باہر رہے، پی ٹی آئی حکومت کی پالیسیوں کے باعث جیٹ بلیک دہشتگردوں کو لاکر بسایا گیا، وزیراعلیٰ کے پی کے نے کہا کسی آپریشن کی اجازت نہیں دیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ نیا آپریشن ہونے ہی نہیں جا رہا، نئے آپریشن کا شوشہ چھوڑا گیا، پاکستان میں دہشتگردی کے واقعات ہوں اور کوئی ادارہ کیسے کارروائی سے ہچکچا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ کے پی کے اگر دہشتگردوں کے سامنے کھڑے نہیں ہو سکتے تو ان کے دوست بن کر ان کے ساتھ بھی کھڑے نہ ہوں، کے پی کے دس فیصد بلوچستان میں بی ایریا ہے، اس علاقے میں ایف سی کی چالیس فیصد حاضری ہے، فوج کا کام ٹرین کی حفاظت کرنا نہیں، یہ حساس اداروں کی ناکامی نہیں۔ نیشنل سکیورٹی میٹنگ میں بتایا گیا 800 ارب این ایف سی کی طرف سے کے پی کو دیا گیا۔ طلال چوہدری نے کہا کہ بتایا جائے ان 800 میں سے کتنے پیسے سکیورٹی پر لگایا گیا، وزیراعلیٰ کے پی نے اپنے وزرا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ اے این پی اور پیپلز پارٹی ان سے لڑتے لڑتے ختم ہو گئے، ہم ختم نہیں ہونا چاہتے، آپ کا لیڈر ان سے ہمدردی کرتا ہے، انہیں لاکر بسانے کی بات کرتا ہے۔ وزیر مملکت نے کہا کہ ہتھیار اٹھانے والوں سے بات چیت نہیں ہوتی، روزانہ نو کے قریب دہشتگردی کے واقعات ہو رہے ہیں، روزانہ کی بنیاد پر قانون نافذ کرنے والے شہید اور زخمی ہو رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 11

علماء اسلام کے رہنما حافظ حسین احمد کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا۔ سابق چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی نے مرحوم حافظ حسین احمد کے لئے دعائے مغفرت اور ان کے اہل خانہ کے لئے صبر و استقامت کی دعا کی، صادق سنجرانی نے کہا کہ مرحوم حافظ حسین احمد کی ملک کے لئے خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ سابق چیئرمین سینیٹ کا مزید کہنا تھا کہ مرحوم انتہائی نفیس، ملنسار اور محبت کرنے والے شخص تھے اور ہم سوگوار خاندان کے دکھ اور غم میں برابر کے شریک ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 12

بدستور تینوں مسلح افواج کے دستے بھرپور شرکت کریں گے، یوم پاکستان پریڈ ایوان صدر کے احاطے میں منعقد کی جائے گی، صدر مملکت آصف علی زرداری یوم پاکستان کی تقریب کے مہمان خصوصی ہوں گے۔ ذرائع کے مطابق پریڈ میں مسلح افواج کے دستے مہمان خصوصی کو سلامی پیش کریں گے جبکہ پاک فضائیہ کے لڑاکا طیارے بھی ایوان صدر کے سامنے فلائی پاسٹ کریں گے۔ ذرائع کا بتانا ہے کہ پریڈ میں پاکستان آرمی کا مایہ ناز پاپ اینڈ بریکشن بینڈ اپنے فن کا مظاہرہ کرے گا، تقریب میں غیر ملکی سفیروں اور دیگر اہم شخصیات کو بھی مدعو کیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 13

پاکستان پر جلسے کی اجازت کی درخواست پر ڈپٹی کمشنر لاہور کو جمعہ تک جواب جمع کرانے کی ہدایت کر دی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس فاروق حیدر بندیال نے رہنما تحریک انصاف اکمل باری کی درخواست پر سماعت کی۔ دوران سماعت عدالت نے سرکاری وکیل سے استفسار کیا کہ ڈپٹی کمشنر لاہور نے جواب جمع کیوں نہیں کرایا جس پر سرکاری وکیل نے جواب دیا کہ ڈپٹی کمشنر کے جواب کی ضرورت نہیں ہے، دیگر فریقین کے جواب آ گئے ہیں۔ عدالت نے ہدایت کی کہ کل تک ڈپٹی کمشنر لاہور بھی تحریری جواب جمع کرائیں، بعد ازاں لاہور ہائیکورٹ نے تحریک انصاف کی جلسے کی درخواست پر مزید سماعت کل تک ملتوی کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 14

خلاف 26 نومبر احتجاج پر درج مقدمے میں درخواست ضمانت پر سماعت انسداد دہشت گردی عدالت کے جج ابوالحسنات محمد ذوالقرنین نے کی۔ عدالت نے بشریٰ بی بی کی ایک مقدمے میں عبوری ضمانت میں توسیع کر دی۔ بشریٰ بی بی کی جانب سے حاضری سے استثنیٰ اور شامل تفتیش ہونے کی درخواست دائر کی گئی۔ عدالت نے کیس کی سماعت 5 مئی تک ملتوی کر دی۔ بشریٰ بی بی کی جانب سے انصر کیانی اور شمسہ کیانی ایڈووکیٹ عدالت میں پیش ہوئے۔ بشریٰ بی بی کے خلاف تھانہ مارگلہ میں دہشت گردی کی دفعات کے تحت مقدمہ درج ہے۔

بقیہ بقیہ جات 15

اسلام آباد میں امریکی سفارت خانہ اور چاروں صوبائی ہیڈکوارٹرز میں امریکی قونصل خانوں کی جانب مارچ بھی کیا جائے گا۔ نواز شریف، بلاول بھٹو اور عمران خان امریکہ کی مذمت کریں۔ انتظامی مشینری پرامن مارچ کا راستہ نہ روکے، یہ عوام کا جمہوری آئینی حق ہے، وائٹ ہاؤس کے سامنے مظاہرہ کیا جائے۔ پاکستان میں امریکی غلام سفارت خانوں کے سامنے احتجاج روکنے کے لیے ایکشن میں آ جاتے ہیں۔ سب پارٹیوں کو ٹرمپ کی خوشنودی کے حصول کے لالے پڑے ہوئے ہیں، انجمن غلامان امریکہ کے ہوتے ہوئے پاکستان آزاد نہیں ہو سکتا۔ پوری قوم متحد ہو کر عالمی طاغوت امریکہ اور ملک میں اس کے آلہ کاروں کے خلاف کھڑی ہو جائے۔ قوم سے اپیل ہے احتجاج میں شرکت کرے، تمام حکومتی اور اپوزیشن جماعتوں کے کارکنان بھی اہل فلسطین کے حق کے لیے ہونے والے احتجاج کا حصہ بنیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منصورہ میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ نائب امیر ڈاکٹر اسامہ رضی، سیکرٹری اطلاعات قیصر شریف، امیر پنجاب وسطی جاوید قصوری اور امیر لاہور ضیاءالدین انصاری ایڈووکیٹ بھی اس موقع پر موجود تھے۔ امیر جماعت نے کہا کہ جنگ بندی معاہدوں کی کھلی ورزی کرتے ہوئے جاری اسرائیلی حملوں میں 183 بچوں سمیت 500 افراد شہید ہو گئے ہیں۔ غزہ کی ناکہ بندی جاری ہے، وہاں خوراک، ادویات کا شدید بحران ہے، غزہ میں پچاس ہزار سے زائد شہادتیں ہو چکیں، ہزاروں لوگ ملبے تلے دفن ہیں، 90 فیصد شہر ملبہ کا ڈھیر بن چکا، عالمی عدالت نے اسے نسل کشی قرار دیا، امریکہ ڈھٹائی سے اسرائیل کی حمایت میں کھڑا ہے، ٹرمپ غزہ کو خالی کرانے کے بیانات جاری کر رہا ہے۔ ان حالات میں اسلامی ممالک کے حکمرانوں کا رویہ انتہائی افسوسناک ہے، روس یوکرین میں مصالحت کے لیے پلیٹ فارم مہیا کیے جا رہے ہیں، دنیا کے سب سے اہم مسئلہ پر خاموشی ہے۔ پوری امت کو پاکستان سے امیدیں ہیں، ایٹمی طاقت اور پروفیشنل آرمی کے ہوتے ہوئے پاکستان کو چاہیے تھا کہ مسئلہ فلسطین پر پروایکٹو کردار ادا کرتا، او آئی سی کی جانب سے بھی قراردادوں کے علاوہ کوئی اقدام سامنے نہیں آیا۔ ان حالات میں بحیثیت مسلمان اور انسان ہم سب کی ذمہ داری ہے کہ اہل فلسطین کا ساتھ دیں۔ جماعت اسلامی گزشتہ ڈیڑھ برس مقدور بھر کاوشیں کر رہی ہے کہ فلسطین پر قومی اور عالمی سطح پر بیداری پیدا کی جائے، اسی سلسلہ میں کل ملک کے تمام چھوٹے بڑے شہروں میں نماز جمعہ کے بعد جلوس نکالے جائیں گے، عوام سڑکوں پر آئیں گے اور اہل فلسطین کے حق میں آواز بلند کریں گے۔ لاہور میں مسجد شہداء کے سامنے سے مارچ کا آغاز ہوگا۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ سوشل میڈیا پر رپورٹس گردش کر رہی ہیں اور ملک میں ایک خاص قسم کی لابی بھی مسلسل ایکٹو ہے کہ اسرائیل سے راہ و رسم بڑھائے جائیں، ہو سکتا ہے اسرائیل کو تسلیم کرنے کے لیے پاکستان پر بعض اسلامی ممالک کی جانب سے دباؤ بھی ڈالا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 16

نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف ہر سطح پر دہشتگردی کے خلاف ہے، ہمارے دور میں دہشتگردی ختم ہو گئی تھی، ہم سمجھتے ہیں ہر مسئلے کا حل بات چیت میں ہے، گولا بارود میں نہیں۔ بلوچستان میں ہمیں ان لوگوں کے ساتھ بیٹھنا ہے جن کے پیارے لاپتہ ہیں، بات کرنے سے مسائل حل ہوں گے، لڑائی کرنے سے نہیں۔ انہوں نے پی ٹی آئی کی جانب سے قومی سلامتی کے اجلاس کے بائیکاٹ کے سوال کے جواب میں کہا کہ مذکورہ اجلاس میں اس لیے نہیں گئے کیونکہ ہمیں عمران خان سے ملنے نہیں دیا گیا۔ ہمیں یہ بھی اعتراض تھا کہ قومی سلامتی کی میٹنگ بند کمرے میں نہیں ہونی چاہیے تھی، ان کو جوائنٹ سیشن یا آل پارٹیز کانفرنس بلانی چاہیے تھی جس میں عمران خان بھی ہوں، عمران خان ملک کی سب سے بڑی جماعت کے سربراہ ہیں، عمران خان کی رائے سننا ہوگی، ان کے بغیر ملک میں استحکام ممکن نہیں ہے۔ سلمان اکرم راجہ نے واضح طور پر کہا کہ پی ٹی آئی ملٹری آپریشن کے خلاف ہے کیونکہ جب اس نوعیت کے آپریشن کیے گئے دہشتگرد دوبارہ منظم ہو کر پہلے سے زیادہ شدت سے واپس آئے ہیں۔ گولے بارود مارنے سے ملک میں امن نہیں آ سکتا، ہارڈ اسٹیٹ کا تصور بے معنی ہے، پہلے ہی ملک میں چادر اور چار دیواری کا تقدس پامال کر دیا گیا ہے، پکا قانون بھی بنا لیا، لوگوں کو اٹھایا، ان کو گمشدہ بھی کر دیا، اس سے آگے ہارڈ اسٹیٹ کیا ہوگی۔ سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ اگر حکومت سمجھتی ہے کہ مزید فسطائیت سے ملک میں سکون ہوگا تو یہ غلط سوچ ہے ایسا نہیں ہوگا، عید کے بعد پی ٹی آئی احتجاج کی بڑی تیاری کر رہی ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ عید کے بعد اپوزیشن کی جانب سے بلائی جانے والی آل پارٹیز کانفرنس میں مولانا فضل الرحمن ان کی جماعت کے ساتھ ہوں گے۔ تاہم نواز شریف کو آل پارٹیز کانفرنس میں مدعو کرنے کا فیصلہ اپوزیشن رہنماؤں سے مشاورت کے بعد کریں گے۔ نواز شریف کی جماعت اس وقت فسطائیت کے ساتھ کھڑی ہے انہیں اے پی سی میں مدعو کرنے کا فیصلہ اتحادی کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 17

انہوں نے کہا کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی سوچ سے متعلق جاننا ہے تو وائٹ ہاؤس سے ہی پوچھیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ صدر ٹرمپ اور وزیر خارجہ مارکو روبیو نے واضح کیا ہے کہ ہمیں کسی کی ارض کی پرواہ ہے، امریکا کو اپنے پڑوسیوں کی پرواہ ہے۔ ترجمان محکمہ خارجہ نے کہا کہ ہمیں اس بات کی فکر ہے کہ دنیا میں کیا ہو رہا ہے اور یہ ہمارے عمل سے واضح ہے۔

بقیہ بقیہ جات 18

پٹی کے شمال میں بیت لاہیہ کے قصبے میں ایک مکان پر اسرائیلی فضائی حملے میں 14 فلسطینی جاں بحق ہو گئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سول ڈیفنس کے ترجمان محمود بصل نے بتایا کہ قصبے کے السلطان کے علاقے میں ایک گھر پر اسرائیلی فضائی حملے کے نتیجے میں ایک خاندان کے کم از کم 14 افراد جاں بحق اور متعدد زخمی ہوئے جنہیں انڈونیشیا کے ہسپتال لے جایا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 19

اسلام کے سینئر رہنما اور معروف سیاستدان حافظ حسین احمد کے انتقال کی خبر سن کر دلی صدمہ پہنچا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ وہ ایک زیرک سیاستدان، جمہوریت پسند رہنما اور نظریاتی شخصیت تھے، جنہوں نے ہمیشہ اصولی سیاست کی اور ملکی سیاست میں اہم کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں جگہ دے، ان کے درجات بلند فرمائے اور اہل خانہ کو صبر جمیل عطا کرے۔ آمین۔

بقیہ بقیہ جات 20

قیصر نے پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکومت کی سنجیدگی کا عالم دیکھیں کہ اجلاس شروع ہوا اور کوئی متعلقہ وزیر موجود نہیں تھا۔ انہوں نے سوال کیا کہ قومی سلامتی کا اجلاس بلایا اس کا نتیجہ کیا نکلا؟ سابق اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ ہم اجلاس میں شامل ہونا چاہتے ہیں لیکن ہمیں اپنے لیڈر تک تو رسائی دیں، ان کے پاس ایک ہی طریقہ ہے کہ بس پی ٹی آئی کی قیادت اور ورکرز کو زد و کوب کیا جائے اور انہیں تنگ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے سینکڑوں ورکرز مختلف جیلوں میں ہیں اور ان کے خلاف مزید کیس بنائے جا رہے ہیں۔ اسد قیصر نے کہا کہ افغانستان کے ساتھ جنگ کے متحمل نہیں ہو سکتے، ہمارے ہاں جرگوں کا رواج ہے اور ساتھ میں دوست ممالک کو ساتھ ملا سکتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 21

ڈونلڈ ٹرمپ نے حوثیوں کو مکمل تباہی کی دھمکی دی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پینٹاگون نے تصدیق کی ہے کہ اسے ٹرمپ کی جانب سے حوثیوں کو نشانہ بنانا جاری رکھنے کا حکم ملا ہے۔ پینٹاگون نے بتایا کہ ہمارے پاس مشرق وسطیٰ میں حوثیوں پر حملہ کرنے کی بڑی صلاحیتیں موجود ہیں۔ ہم حوثیوں کی فوجی صلاحیتوں کو تباہ کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔ پینٹاگون کی طرف سے جاری بیان میں کہا گیا کہ ہم نے حالیہ حملوں میں حوثیوں سے منسلک افراد کو نشانہ بنایا ہے۔ معلومات اس بات کی تصدیق کرتی ہیں کہ ایرانی حوثیوں کو ہتھیاروں کی سمگلنگ جاری رکھے ہوئے ہیں۔ یہ بیان اس وقت سامنے آیا جب امریکہ نے بدھ کے اوائل میں صنعا، صعدہ، الحدیدہ اور الجوف میں حوثیوں کے ٹھکانوں پر حملے کیے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 22

جاری رہنے اور پٹی کے مرکز اور جنوب میں زمینی کارروائیوں کے دوبارہ شروع ہونے کے بعد امریکی محکمہ خارجہ نے اعلان کیا ہے کہ غزہ میں جنگ بندی میں توسیع کا ایک عارضی منصوبہ ہے۔ لیکن اس کا موقع تیزی سے کم ہوتا جا رہا ہے۔ غیرملکی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی محکمہ خارجہ کے ترجمان نے وضاحت کی کہ ہمارے پاس ابھی بھی جنگ بندی میں توسیع اور 5 یرغمالیوں کو زندہ رہا کرنے کا ایک عارضی منصوبہ موجود ہے، ان یرغمالیوں میں امریکی ایڈن الیگزینڈر بھی شامل ہے۔ اس تجویز میں اسرائیلی جیلوں میں قید فلسطینیوں کی ایک بڑی تعداد کی رہائی بھی شامل ہوگی۔ جنگ بندی میں توسیع میں ناکامی کا ذمہ دار حماس کو ٹھہرایا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا، موقع اب بھی موجود ہے لیکن یہ تیزی سے کم ہو رہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 23

پر بدترین تشدد، بعد ازاں معاملہ ختم کرنے پر دباؤ ڈالنے لگے۔ ایئرپورٹ ذرائع کے مطابق سابق کمشنر کوئٹہ افتخار جوگزئی کی بیٹی صائمہ نے والد کے ہمراہ سفر کے دوران خاتون فضائی میزبان سے تلخ کلامی کرتے ہوئے اس کی ناک پر مکا دے مارا جس سے فضائی میزبان زخمی ہو گئیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ واقعہ گزشتہ روز کوئٹہ سے اسلام آباد جانے والی نجی ایئر لائن کی فلائٹ نمبر 540 میں پیش آیا، سابق کمشنر کوئٹہ اور ان کی بیٹی نے کوئٹہ ایئرپورٹ پر چیک ان کے وقت بھی عملے سے بدتمیزی کی تھی۔ طیارے میں داخل ہونے کے بعد جب خاتون فضائی میزبان نے صائمہ جوگزئی کو سیٹ بیلٹ باندھنے اور کھانے کی میز بند کرنے کو کہا تو صائمہ جوگزئی آپے سے باہر ہو گئیں، غیر شائستہ زبان استعمال کی اور شور شرابہ کیا، مسافر کے اس رویہ کے متعلق فضائی میزبان نے کپتان کو آگاہ کیا جس پر کپتان کنٹرول ٹاور سے رابطہ کر کے طیارہ رن وے سے واپس لے آیا۔ ایئرپورٹ سیکیورٹی فورس کو طیارے میں فوری طور پر طلب کر لیا گیا، کپتان نے باپ اور بیٹی کو آف لوڈ کرنے کے لیے کہا لیکن صائمہ جوگزئی نے طیارے سے اترنے سے انکار کر دیا۔ ذرائع نے بتایا کہ صائمہ جوگزئی نے غصے میں فضائی میزبان کو مکا دے مارا، چہرے پر مکا لگنے سے خاتون فضائی مسافر کی ناک سے خون نکلنے لگا جبکہ ایک دانت بھی ٹوٹ گیا۔ فضائی میزبان کو زخمی ہوتے ہی اے ایس ایف نے دونوں باپ بیٹی کو حراست میں لے لیا، تاہم واقعہ کے بعد بلوچستان انتظامیہ نے ایئر لائن انتظامیہ پر معاملہ ختم کرنے کیلئے دباؤ ڈالا گیا۔ ایئر لائن انتظامیہ کے مطابق کمشنر کوئٹہ واقعہ کے بعد فوری طور پر کوئٹہ ایئرپورٹ پہنچے، انہوں نے اے ایس ایف سے صورتحال معلوم کر کے معاملہ رفع دفع کرنے کا کہا۔ ایئر لائن انتظامیہ کے مطابق کمشنر کوئٹہ نے باپ، بیٹی سے تحریری معافی نامہ لکھوایا، جس کے بعد باپ بیٹی کو جانے کی اجازت دی گئی۔ زخمی ایئر ہوسٹس کو ہسپتال روانہ کر دیا گیا، نجی ایئر لائن کی انتظامیہ نے واقعہ کی تصدیق کر دی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 24

کے امن و امان کی تازہ صورتحال بارے بریفنگ دی۔ کابینہ کمیٹی نے یوم علی اور رمضان المبارک کے آخری عشرے کے دوران سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لیا۔ کابینہ کمیٹی نے قیام اللیل کے دوران مساجد کے گرد سخت حفاظتی انتظامات کو یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ کابینہ کمیٹی نے میانوالی، ڈی جی خان اور اٹک میں رینجرز کی تعیناتی میں توسیع کی منظوری دی۔ اجلاس کے دوران آئی سی سی چیمپئن شپ ٹرافی سیریز کے دوران فرائض سرانجام دینے والے تمام ملازمین و افسران کی کاوشوں کو سراہا گیا۔ صوبائی وزیر صحت و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن و امان خواجہ سلمان رفیق نے اس موقع پر کہا کہ اجلاس کے دوران صوبہ بھر میں امن و امان کی تازہ صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ہے۔ یوم علی کے موقع پر سیکورٹی کے فول پروف انتظامات یقینی بنائے جائیں۔ رمضان المبارک کو مذہبی عقیدت و احترام کے ساتھ منا رہے ہیں۔ محکمہ داخلہ پنجاب اس حوالے سے تمام متعلقہ اداروں سے مکمل کوآرڈینیشن میں ہے۔ عوام کے جان و مال کا تحفظ ریاست کی اولین ترجیح ہے۔ سیکرٹری داخلہ پنجاب نور الامین مینگل، ایڈیشنل آئی جی پنجاب چوہدری سلطان، سپیشل سیکرٹری داخلہ فضل الرحمان، آئی جی جیل خانہ جات، سی ٹی ڈی اور سپیشل برانچ اور متعلقہ اداروں سے حکام نے شرکت کی۔ پنجاب بھر سے کمشنرز اور آر پی اوز نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔

بقیہ بقیہ جات 25

اسمبلی حنا پرویز بٹ کی جانب سے جمع کروائی گئی قرارداد کے متن میں کہا گیا ہے کہ اسرائیل نے جنگ بندی کے باوجود سحری کے وقت فلسطینی مسلمانوں پر بمباری کی، اسرائیل کی دہشتناک بمباری سے 400 شہید ہوئے، یہ بربریت بین الاقوامی قوانین، انسانی حقوق اور جنگی اصولوں کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ قرارداد کے متن میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ اقوام متحدہ، عالمی برادری اور او آئی سی اسرائیل کے جنگی جرائم کا نوٹس لے، وفاقی حکومت عالمی سطح پر فلسطینی مسلمانوں کے دفاع کے لیے سفارتی کوششیں تیز کرے اور اسرائیل پر دباؤ بڑھانے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ بقیہ جات 26

کے مطابق چاغی لیویز کے 4 اہلکاروں سے شرپسندوں نے اسلحہ چھین لیا تھا جس کے بعد ڈی جی بلوچستان لیویز نے چاروں لیویز اہلکاروں کو نوکری سے برطرف کر دیا۔ غفلت برتنے والے لیویز کے خلاف تادیبی قوانین 2015 کے تحت سخت کارروائی کا سامنا بھی کرنا ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 27

روانہ ہوگی، جب کہ دوسری ٹرین کوئٹہ سے پشاور کے لیے 26 مارچ کو چلے گی۔ اسی طرح تیسری ٹرین لاہور سے کراچی 27 مارچ کو روانہ ہوگی جبکہ چوتھی ٹرین کراچی سے راولپنڈی براستہ فیصل آباد سرگودھا 27 مارچ کو چلے گی۔ علاوہ ازیں پانچویں اسپیشل ٹرین کراچی سے لاہور براستہ فیصل آباد، شیخوپورہ چلے گی۔ پاکستان ریلوے ہیڈکوارٹر نے تمام ڈی ایس افسران کو عید ٹرین انتظامات کے حوالے سے ہدایات جاری کر دی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 28

ہیں، پاکستان کی افواج بہادر اور عوام ثابت قدم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ روزانہ سکیورٹی فورسز پر حملے ہو رہے ہیں، صورتحال تشویشناک ہے، پاکستان کو اندرونی و بیرونی چیلنجز کا سامنا ہے، ملک کو اس وقت اتحاد کی اشد ضرورت ہے، پارلیمانی کمیٹی کی حیثیت کو کمزور کرنا قومی مفاد کے خلاف ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومتیں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کی ذمہ دار ہیں، پاکستان کی گورننس میں بڑے پیمانے پر ریفارمز ناگزیر ہیں، اگر صوبائی حکومت سکیورٹی فورسز کو آپریشن سے روکتی ہے تو حالات کی ذمہ داری بھی قبول کرے۔

بقیہ بقیہ جات 29

شریف کی طبیعت ناساز ہوئی ہے، جس پر ڈاکٹرز نے انہیں مکمل آرام کرنے کا مشورہ دے دیا ہے۔ نجی ٹی وی نے ذرائع کے حوالے سے کہا ہے کہ ذاتی معالج ڈاکٹر عدنان روزانہ کی بنیاد پر نواز شریف کا معائنہ کر رہے ہیں اور انہوں نے نواز شریف کو ہوائی سفر کرنے سے منع کر دیا ہے۔ نواز شریف رمضان المبارک کا آخری عشرہ سعودی عرب جا کر مکہ اور مدینہ میں گزارتے ہیں۔ اس بار بھی نواز شریف کی خواہش تھی کہ وہ ماہ صیام کا آخری عشرہ وہیں گزاریں گے لیکن ان کے معالج نے انہیں ہوائی سفر کرنے کی اجازت نہیں دی۔

بقیہ بقیہ جات 30

کہ دہشتگردی کا مسئلہ قومی ایشو تھا، پی ٹی آئی کی عدم شرکت مناسب نہیں تھی۔ ایک انٹرویو میں فیصل واوڈا نے کہا کہ اجلاس میں کسی نے سیاسی پوائنٹ سکورنگ نہیں کرنی تھی، اجلاس میں پاکستان اور ملکی سلامتی سے متعلق ہی بات ہونی تھی۔ میرے خیال سے پی ٹی آئی کو اجلاس میں شرکت کرنا چاہیے تھی، انہوں نے بڑی غلطی کی ہے۔ پی ٹی آئی کنفیوژن کا شکار ہے کیونکہ اختلافات ختم نہیں ہو رہے۔

بقیہ بقیہ جات 31

مقدمات میں پی ٹی آئی کے سابق ترجمان رؤف حسن کی گرفتاری سے پولیس کو روک دیا۔ جج ابوالحسنات محمد ذوالقرنین نے ضمانت قبل از گرفتاری کی درخواست پر سماعت کی۔ وکیل صفائی نے کہا کہ کیس کا ریکارڈ ابھی تک نہیں آیا تو دلائل ممکن نہیں ہیں، جس پر عدالت نے ہدایت دی کہ آئندہ سماعت پر ریکارڈ آ جائے تو دلائل دیے جائیں۔ رؤف حسن اپنی وکیل عائشہ خالد کے ہمراہ عدالت میں پیش ہوئے۔ عدالت نے تھانہ آبپارہ، کراچی کمپنی اور مارگلہ کے مقدمات کی سماعت 5 مئی تک ملتوی کر دی جبکہ تھانہ رمنا کے مقدمے میں درخواست ضمانت پر سماعت 8 اپریل تک ملتوی کی گئی۔ واضح رہے کہ پی ٹی آئی کے سابق ترجمان رؤف حسن کے خلاف 26 نومبر احتجاج پر مقدمات درج ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 32

رجحان ہے۔ بازار حصص کا 100 انڈیکس جمعرات کو 1 لاکھ 19 ہزار پوائنٹس عبور کر گیا۔ 100 انڈیکس 1 ہزار 193 پوائنٹس کے اضافے سے 1 لاکھ 19 ہزار 167 پر آ گیا۔ آج اب تک کے کاروبار کے دوران انڈیکس 1 لاکھ 19 ہزار 421 پوائنٹس کی بلندی پر بھی پہنچا۔ گزشتہ روز کاروبار کے اختتام پر انڈیکس 1 لاکھ 17 ہزار 974 پوائنٹس پر بند ہوا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 33

ساڑھے 11 ہزار کے قریب جنگجو ہمارے علاقے میں آ چکے ہیں جب کہ بارڈر اور دوسری طرف ساڑھے 22 ہزار کے لگ بھگ جنگجو موجود ہیں، عوام ساتھ ہوں اور نیت صاف ہو تو ان سے نمٹ لیں گے۔ وزیراعلیٰ کے پی کا کہنا تھا کہ قومی سلامتی کمیٹی کا اجلاس میٹنگ کم اور بریفنگ زیادہ تھی، بریفنگ اور اعلامیہ پیش کرنے سے دہشتگردی ختم ہونا ہوتی تو اب تک ہو چکی ہوتی۔ انہوں نے مزید کہا کہ قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس میں بانی پی ٹی آئی کے حوالے سے کوئی بات نہیں ہوئی، آگے بڑھنے کے لیے عمران خان کو رہا کرنا ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 34

رہتے ہوئے کوئی کسر روا نہ رکھے گی اور دشمن پاکستان کے ساتھ محبت قیام امن اور اسلامی نظام کے لیے رائے عامہ ہموار کرنا ہے اور فرقہ واریت علاقائیت اور لسانیات کی بنیاد پر فاصلوں کا سدباب ہے اس عظیم کاز کیلئے جمعیت علما اسلام (س) پنجاب مرکزی قیادت کے شانہ بشانہ ہے اور رہے گی۔ مولانا حامد الحق حقانی شہید کے قاتلوں کا گرفتار نہ ہونا لمحہ فکریہ ہے، ملک میں جاری دہشتگردی کی نئی لہر سے محب وطن پریشان ہے اللہ عوام اور ملک کی حفاظت فرمائے، آئے روز علماء کی مسلسل شہادتیں کسی بڑے طوفان کا پیش خیمہ نظر آ رہی ہیں اس کا تدارک ضروری ہے۔

بقیہ بقیہ جات 35

کی بجائے معافی مانگے، یہ ایک کروڑ لوگوں کی بددعائیں ہیں جو نوکری کے آسرے میں تھے۔ گورنر سندھ نے کہا کہ پی ٹی آئی کارکنوں کو ایم کیو ایم میں واپس آنے کی دعوت دیتا ہوں۔ کامران خان ٹیسوری نے کہا کہ گورنر ہاؤس میں ہونے والے سارے کاموں کا وعدہ اور دعویٰ ایم کیو ایم نے کیا اور ان کے گورنر کا نہیں تھا کہ یہ وعدہ پی ٹی آئی کے وزیراعظم کا تھا کہ میں گورنر ہاؤس کی دیواریں توڑ کر یونیورسٹی بناؤں گا۔ انہوں نے کہا کہ جب میں گورنر ہاؤس آیا تو پتہ چلا دیواریں گرانے کے بجائے اور اونچی کر دی گئیں، ایک کاغذ بھی مجھے نوکری کا نہیں ملا۔ میرا پی ٹی آئی کو مشورہ ہے کہ وزارت خارجہ میں سر جھکنے اور ڈونلڈ ٹرمپ کے گھٹنوں پر ہاتھ رکھنے کے بجائے معافی مانگو اللہ تعالیٰ سے، یہ ایک کروڑ لوگوں کی بددعائیں ہیں جو نوکری کے آسرے میں تھے۔

بقیہ بقیہ جات 36

کے قریب رکشہ میں چھپائی گئی 43.2 کلوگرام چرس برآمد ہوئی۔ ملزم کو موقع سے گرفتار کر لیا گیا۔ اسلام آباد میں گولڑہ موڑ کے قریب 2 ملزمان کو گرفتار کر کے گاڑی سے 20.4 کلوگرام چرس برآمد کر لی گئی۔ لالا باغ روڈ میانوالی میں روکڑی کے قریب ایک غیر ملکی سمیت 3 ملزمان سے 3.2 کلوگرام آئس برآمد ہوئی جبکہ ایم ون موٹروے اسلام آباد کے قریب ملزم سے 2 کلو چرس برآمد کی گئی۔ گرفتار ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 37

بھر کی مساجد میں اعتکاف بیٹھنے کے لئے خصوصی انتظامات کیے گئے ہیں گھروں اور مساجد میں بھی خصوصی تیاریاں کی گئی ہیں۔ ماہ مقدس رمضان المبارک کے آخری عشرے میں مسلمان اعتکاف کی سعادت حاصل کرتے ہیں، اللہ تعالیٰ کی قربت اور لیلۃ القدر کی تلاش میں فیصل آباد سمیت پاکستان بھر میں لاکھوں فرزندان اسلام 20 رمضان المبارک کو اعتکاف بیٹھنے کی سعادت حاصل کریں گے۔ فیصل آباد سمیت ملک بھر کے ہر چھوٹے بڑے شہر، قصبوں و دیہاتوں کی مساجد میں لوگ 20 رمضان المبارک کی شام مغرب کی نماز مسجد میں ادا کریں گے اور رات عبادت کے بعد نماز فجر کے بعد متصل خیموں میں داخل ہوں گے۔ عیدالفطر کا چاند نظر آنے کے بعد اعتکاف ختم کیا جائے گا۔ مساجد میں اعتکاف میں بیٹھیں گے اعتکاف بیس رمضان المبارک کو نماز عصر کے بعد سے شروع ہو کر عید الفطر کا چاند نظر آنے تک جاری رہتا ہے۔ اعتکاف کے دس دن معتکفین حضرات تلاوت قرآن پاک، ذکر و اذکار اور نوافل کی ادائیگی اور اللہ تعالیٰ کے حضور گناہوں سے بخشش کی دعائیں کریں گے محکمہ اوقاف کے زیر انتظام مساجد میں بھی ہزاروں افراد اعتکاف میں بیٹھتے ہیں رمضان المبارک کا تیسرا عشرہ شروع ہوتے ہی مساجد میں رش پہلے سے بہت بڑھ جائیگا طاق راتوں میں معتکفین خصوصی عبادت کریں گے اور اپنے گناہوں کی بخشش کیلئے دعائیں کی جائیں گی۔

بقیہ بقیہ جات 38

پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے مسلم لیگ نون کی پالیسی ہی میرٹ اور صرف میرٹ ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال اور میونسپل سٹیڈیم سانگلہ ہل کا دورہ کرنے کے بعد میڈیا کے ساتھ بات چیت کرتے ہوئے کیا دورے کے دوران اسسٹنٹ کمشنر ظہیر الدین بابر، ایم ایس اور ڈی ایم ایس ڈاکٹر طارق کاہلوں، لیگی ورکروں ہسپتال کا سٹاف بھی ہمراہ تھے چوہدری علی طارق چیمہ نے مزید کہا کہ تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں ادویات اور ڈاکٹرز کی کمی کو جلد پورا کر لیا جائے گا کیونکہ مسلم لیگ نون کا ویژن ہی غریب عوام کی خدمت اور ملکی ترقی ہے حلقہ کے قائد چوہدری محمد برجیس طاہر کی قیادت میں ہسپتال میں ادویات اور سہولتوں کا جو فقدان ہے جلد دور کر دیا جائے گا محمد برجیس طاہر کے دور میں حلقہ بھر میں جتنے بھی ترقیاتی کام ہوئے وہ کسی کے دور میں نہیں ہوئے اور اب بھی اللہ کے فضل و کرم سے حلقہ بھر سے جو عوام کی محرومیاں ہیں ان کا جلد ازالہ کیا جائے گا انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان مسلم لیگ نام ہی ترقی کا ہے جب بھی ہماری حکومت اقتدار میں آتی ہے ترقی کا سفر شروع ہو جاتا ہے اور عوام بھی مسلم لیگ نون سے پیار محبت کرتے ہیں قائد چوہدری برجیس طاہر حلقہ سے محرومیوں کا خاتمہ کرنے کے لیے دن رات کوشاں ہیں اس موقع پر چوہدری انیس علی والہلہ ڈاکٹر یوسف گھمن میاں محبوب احمد طارق جاوید عابد جٹ فہد بٹوں میاں شفیق الرحمان وغیرہ بھی موجود تھے۔

بقیہ بقیہ جات 39

کو آسان کرنے کیلئے تاحال کوئی اقدامات سامنے نہیں آئے اگر خاتون نے پیسے چیک کروانے ہوں تو دفتروں کے چکر لگا کر خالی ہاتھ گھروں کو لوٹ جاتی ہیں شہریوں محمد نوید بھٹی، شوکت علی، اکمل علی کمبوہ و دیگر نے وزیراعظم پاکستان شہباز شریف، صدر پاکستان آصف علی زرداری، چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے مطالبہ کیا ہے کہ تحصیل سمیت پنجاب بھر میں بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے دفاتروں کو بند کر کے سروے سسٹم، پیسوں کی چیکنگ کیلئے ایک ایپ متعارف کروائی جائے جس پر لوگ گھر بیٹھے اپنے سروے کریکس اور رقم کی متعلق بھی رہنمائی حاصل کر سکیں بعض اوقات ایجنٹ مافیا بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی آنے والی قسط میں زیادہ کٹوتی کر جاتے ہیں اور خواتین کو علم نہیں ہوتا کہ انکے اکاؤنٹ میں کتنے پیسے آئے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 40

والدہ کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا، ملزم کو مزید تحقیقات کے لیے انویسٹی گیشن ونگ کے حوالے کر دیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 41

۔ تمام نجی و سرکاری تعلیمی اداروں کو ایک ہفتے کے اندر اندر افغان طلبہ کا مکمل ڈیٹا فراہم کرنے کی ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔ بتایا گیا ہے کہ خیبرپختونخواہ کے سرکاری اور نجی تعلیمی اداروں میں بڑی تعداد میں افغان طلبہ زیر تعلیم ہیں، جن کے کوائف مرتب کرنے کا عمل تیز کر دیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 42

کہ اس کی سرزمین پاکستان میں دہشت گردی کے لئے استعمال نہ ہو، ملک میں فوجی آپریشن سے پہلے مسئلے حل ہوئے ہیں اور نہ آئندہ حل ہوں گے، میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان میں عوامی اعتماد سازی پیدا کرنے کی ضرورت ہے، ملک توڑنے والی قوتوں کا عوام سے کوئی تعلق نہیں ہے، عوام اور فوج کے درمیان فاصلوں کو دور کرنے کے لیے ضروری ہے کہ عوام کی حقیقی قیادت کو آگے آنے دیا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 43

اسلحہ اور گولیاں برآمد کرتے ہوئے 2 ویگو ڈالے قبضہ میں لے لیے گئے۔ پولیس حکام کے مطابق ناکے پر چیکنگ کے دوران ملزمان کو اسلحہ کی نمائش کرنے پر گرفتار کیا گیا۔ گرفتار ملزمان نے کمانڈو طرز کا یونیفارم پہن رکھا تھا اور کھلے عام اسلحے کی نمائش کر رہے تھے۔ گرفتار ملزمان کے خلاف اسلحہ نمائش سمیت دیگر دفعات کے تحت مقدمات درج کر لیے گئے۔ ویگو ڈالہ پر کالے شیشے بھی لگا رکھے تھے جو موقع پر اتار دیئے گئے۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ پرائیوٹ گارڈز کی ویگو ڈالے پر اسلحے کی نمائش پبلک ہراسمنٹ کے زمرے میں آتی ہے۔ اسلحے کی نمائش اور ڈالہ کلچر کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ بقیہ جات 44

کسی کمی کے شکار ہوئے بغیر ہر صورت دہشت گردی کا خاتمہ کرنا ہوگا، پارلیمان میں نیشنل سیکیورٹی بریفنگ کا خیر مقدم کرتے ہیں، پی پی پی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے شکر گزار ہیں جنہوں نے سکیورٹی بریفنگ پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ امن اور استحکام کی خاطر چیئرمین بلاول نے ہمیشہ اتحاد و اتفاق پر زور دیا ہے۔ ہماری لڑائی دہشتگردی کے خلاف لڑائی ہے۔ دہشتگردی کی اس جنگ میں نوے ہزار سے زائد پاکستانیوں کا لہو شامل ہے ہم اپنی فوج اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی قربانیوں کو سلام پیش کرتے ہیں۔ افسوس کہ پی ٹی آئی نے اس اہم ترین مسئلے پر بریفنگ کا بائیکاٹ کیا ہمیں اپنے ذاتی مفادات اور سیاسی اختلافات سے اوپر اٹھنا ہوگا، ہمیں مل کر دہشتگردی اور انتہاپسندی کو شکست دینی ہوگی۔

بقیہ بقیہ جات 45

حسین احمد کی وفات سے جماعت ایک مخلص رہنما سے محروم ہو گئی، جمعیت علماء اسلام (ف) میں ان کی کمی کو ہمیشہ محسوس کیا جاتا رہے گا، تاریخ میں وہ ہمیشہ زندہ رہیں گے، حافظ حسین احمد جے یو آئی کے صرف ایک رہنما ہی نہیں بلکہ جماعت کی تاریخ کا ایک سنہری باب تھے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حافظ حسین احمد اپنی جوانی میں جے یو آئی کے ساتھ منسلک ہوئے اور مرتے دم تک وہ جے یو آئی کے ساتھ وابستہ رہے وہ کبھی بکے اور نہ کبھی جھکے جے یو آئی ایک دبنگ لیڈر سے محروم ہو گئی ہے، رمضان المبارک کی بابرکت ساعات میں اللہ رب العزت کے حضور پیش ہونا یقیناً حافظ صاحب بلندی درجات کا سبب بنے گا، اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے، ان کے درجات بلند کرے، اللہ تعالیٰ ان کی خدمات کو قبول فرمائے، اور ان کے پس ماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

بقیہ بقیہ جات 46

سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ورکشاپ کا اہتمام پاک کوریا نیوٹریشن سنٹر فیکلٹی آف فوڈ نیوٹریشن اینڈ ہوم سائنسز نے برکس انکوبیشن سنٹر اور نیشنل انکوبیشن سنٹر کے اشتراک سے کیا گیا تھا۔ شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے ڈین فوڈ سائنسز ڈاکٹر عمران پاشا نے کہا کہ ترقی یافتہ ممالک کے برعکس عوامی سطح پر سو فیصد ملازمتیں فراہم نہیں کر سکتے اس کے لئے ہمیں نوجوان نسل میں کاروباری صلاحیتوں کو فروغ دیتے ہوئے انٹرپرینیورشپ کی طرف راغب کرتے ہیں۔ انہوں نے محققین کو اپنے کام کے وسیع تر سماجی ترقی کے ثمرات پر غور کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ محققین کے طور پر ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم اس بات کو یقینی بنائیں کہ ہمارے تحقیقی امور سے معاشرے میں خوشحالی کی نئی راہیں مرتب ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ایک کاروباری شخص اپنی تحقیق کو آسانی سے تجارتی مقاصد کے لئے استعمال کر سکتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 47

کہ انسداد دہشتگردی کی عدالتوں کو مذاق بنا کر رکھ دیا گیا ہے، آصف زرداری آل پارٹیز کانفرنس بلائیں جس میں عمران خان، مولانا فضل الرحمان اور نواز شریف کو بلایا جائے۔ فواد چوہدری نے تجویز دی کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان، نواز شریف اور آصف زرداری مل بیٹھ کر قومی حکومت بنائیں، نواز شریف کا قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس میں نہ آنا اچھا نہیں۔

بقیہ بقیہ جات 48

27.06 فیصد تھی۔ شرح سود میں بھی مزید 100 بیسز پوائنٹس جبکہ بجلی کے نرخوں میں 2.3 فیصد تک کمی کی پیشگوئی کر دی۔ محمد سہیل کے مطابق حقیقی شرح سود 11 سے ساڑھے 11 فیصد تک ہوگی۔ رہائش، پانی، بجلی، گیس سیکٹر میں 35 فیصد کمی جبکہ گیس کے سہ ماہی ٹیرف ایڈجسٹمنٹ کی صورت میں مزید 6.27 روپے فی یونٹ کمی متوقع ہے۔ ٹاپ لائن ریسرچ کے مطابق ٹماٹر 43 فیصد، چکن 25 فیصد جبکہ سبزیاں 10 فیصد تک مہنگی ہونے کا امکان ہے۔ مرغی اور انڈے 15 فیصد مہنگے ہو سکتے ہیں۔ پیاز، چائے اور دالوں کی قیمتوں میں 7 سے 21 فیصد تک کمی متوقع ہے۔ ماہانہ بنیاد پر ٹرانسپورٹ اخراجات میں 0.7 فیصد تک کمی کا امکان ہے۔ عالمی سطح پر اجناس کی قیمتوں میں اضافے سے مہنگائی بڑھنے کا خدشہ ہے۔

بقیہ بقیہ جات 49

سے گرفتار کیا گیا تھا۔ ملزم عدالتی ریمانڈ پر جیل میں ہے۔ مقدمے کے تفتیشی افسر نے ملزم کے خلاف مقدمے کا عبوری چالان ماتحت عدالت میں جمع کرا دیا ہے۔ عبوری چالان کے مطابق ساحر حسن کا ایک ساتھی بازل مفرور ہے۔

بقیہ بقیہ جات 50

۔ انہوں نے کہا کہ وقت آ گیا ہے کہ جتنی کارکنان کو آگے لایا جائے۔ چوہدری برجیس طاہر نے کہا کوآرڈینیٹر حلقہ پی پی 132 چوہدری علی طارق چیمہ، لیگی کارکنان نے اسسٹنٹ کمشنر سانگلہ ہل اور انجمن تاجران کے ہمراہ تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں ادویات اور سہولتوں کے فقدان پر ہنگامی دورہ کر کے شہریوں کے دل جیت لیے ان دوروں کا مقصد شہریوں اور کارکنان کا احساس محرومی ختم کرنا ہے۔ دورہ کے سود مند نتائج برآمد ہوں گے۔ ادویات اور ضروری سہولتیں بہم پہنچائی جائیں گی انہوں نے کہا کہ کوآرڈینیٹر کے دورے کا مقصد عام آدمی کی شکایات کو دور کرنا اور حکومت پنجاب کی طرف سے ادویات کی فراہمی یقینی بنانا ہے، میاں محمد نواز شریف کی قیادت میں حکومت عام آدمی کی مشکلات کے ازالہ کے لیے ہر ممکن اقدامات کرے گی انشاءاللہ سانگلہ ہل کے شہریوں اور نوجوانوں کے لیے بہت جلد اہم منصوبے منظر عام پر آئیں گے جو خالصتاً پاکستان مسلم لیگ ن میاں نواز شریف اور چوہدری محمد برجیس طاہر کے ہوں گے۔ ورکر کارکن حوصلہ رکھیں مرکز اور پنجاب میں بھی حکومت آپ کی ہے کوئی آپ کی طرف میلی آنکھ سے دیکھنے کی جرأت نہیں کرے گا وہ صحافیوں سے گفتگو کر رہے تھے۔

بقیہ بقیہ جات 51

کے لئے تعینات کیا جائے گا۔ اپنے پیغام میں انسداد پولیو پروگرام سربراہ کا کہنا تھا کہ ملک بھر میں پولیو وائرس کی گردش جاری ہے، بچے پولیو کے نشانے پر ہیں وائرس کسی بھی بچے کو متاثر کر سکتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پولیو وائرس سفر کرتی آبادیوں کے ساتھ منتقل ہو سکتا ہے۔ وائرس کی گردش کو روکنے کے لئے ٹیموں کی تعیناتی کی گئی ہے۔ ٹیموں کو چوکس رہنے کی ہدایات دی گئی ہیں۔ عدیل تصور نے زور دیتے ہوئے کہا کہ پولیو ٹیمیں ہر بچے کو قطرے پلائیں۔ حکومت اور محکمہ پولیو کے خاتمے کے لئے کوشاں ہے۔ والدین پولیو ٹیموں سے بھرپور تعاون کریں۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ کی فوکل پرسن برائے پولیو محترمہ عظمیٰ کاردار نے جمعرات کو پنجاب ایمرجنسی آپریشن سنٹر کا دورہ کیا۔ عظمیٰ کاردار نے انسداد پولیو پروگرام سربراہ عدیل تصور اور کور ٹیم کے ارکان سے ملاقات کی۔ انہوں نے اہم شہروں میں وائرس کی منتقلی کے حوالے سے پولیو کی تازہ ترین صورتحال پر تفصیلی بریفنگ حاصل کی انہیں بتایا گیا کہ پولیو سے متاثرہ اضلاع کی تعداد 12 ہو گئی ہے اور ملک بھر میں پولیو وائرس کی شدید گردش جاری ہے۔ ای او سی کوآرڈینیٹر نے عظمیٰ کاردار کو بریفنگ دی کہ پنجاب نے پولیو مہموں میں اضلاع کی کارکردگی کا جائزہ لینے اور ان کے مسائل کو حل کرنے کے لیے اہم اضلاع کے ساتھ جائزہ اجلاس شروع کر دیا ہے۔ حال ہی میں لاہور اور راولپنڈی کے ساتھ میٹنگز ہوئیں جبکہ آنے والے ہفتوں میں مزید اجلاس کی منصوبہ بندی کی گئی ہے۔ چونکہ پنجاب میں پولیو اور معمول کے حفاظتی ٹیکوں کی کوریج دوسرے صوبوں کی نسبت بہت اچھی ہے، اس لیے پولیو کیسز بہت کم ہیں۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ قوت مدافعت زیادہ ہونے کی وجہ سے، پنجاب سے شدید متاثرہ پولیو کیسز رپورٹ ہونے کی شرح کم ہو گئی ہے۔ ای او سی کوآرڈینیٹر نے بتایا کہ یہ صوبے کی کامیابی ہے۔ عظمیٰ کاردار نے زور دیتے ہوئے کہا کہ چونکہ لاہور وائرس دوسرے اضلاع میں پایا گیا ہے اس لئے پنجاب کو لاہور پر توجہ مرکوز رکھنی چاہیئے۔

بقیہ بقیہ جات 52

فراہم کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز فنکاروں کی فلاح و ترقی کے لیے خصوصی دلچسپی لے رہی ہیں اور ان کے مسائل کے حل کے لیے ٹھوس اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ نصیبو لال نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز اور وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری کا شکریہ ادا کیا اور وزیراعلیٰ کے فنکاروں کے لیے فلاحی اقدامات کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ مریم نواز اپنے والد میاں نواز شریف کے نقش قدم پر چلتے ہوئے فنکاروں کی حوصلہ افزائی کر رہی ہیں، اور اللہ تعالیٰ ان کی مدد فرمائے۔ نصیبو لال نے مزید کہا کہ میاں نواز شریف نے ہمیشہ فنکاروں کی سرپرستی کی، اور آج مریم نواز بھی اسی جذبے کے تحت فنکار برادری کے لیے کام کر رہی ہیں، جو خوش آئند ہے۔

بقیہ بقیہ جات 53

کے حوالے سے پی آئی پی پی سے آئی ٹی کنٹریکٹ کی منظوری دی گئی۔ پی ایچ آئی ایم سی کے پروکیورمنٹ مینوئل کی ریویژن کی منظوری دی گئی۔ اجلاس کے دوران نواز شریف انسٹیٹیوٹ آف کینسر ٹریٹمنٹ اینڈ ریسرچ لاہور کیلئے کنسلٹنسی کی خدمات لینے کی منظوری دی گئی۔ اجلاس کے دوران پی آئی ٹی بی کے انفارمیشن سسٹم کا بھی جائزہ لیا گیا۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں صحت کے شعبہ میں تاریخی اور بنیادی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ چیف منسٹرز ڈائیلسز پروگرام، چیف منسٹرز سپیشل انشی ایٹو فار ٹرانسپلانٹ پروگرام اور چیف منسٹرز چلڈرن ہارٹ سرجری پروگرام حکومت پنجاب کے صحت کے شعبہ میں فلیگ شپ پروگرامز ہیں۔ ان تینوں پروگرامز کی کامیابی کیلئے پنجاب ہیلتھ انشی ایٹو مینجمنٹ کمپنی کو ایگزیکٹو ایجنسی بنایا گیا ہے۔ تینوں پروگرامز کے پورے نظام کو انتہائی شفاف بنایا گیا ہے۔ حکومت پنجاب نے تینوں پروگرامز کو علاج کا خرچہ برداشت نہ کرنے والے مریضوں کی آسانی کیلئے ہی خصوصی طور پر شروع کیا گیا ہے۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ دکھی انسانیت کے زخموں پر مرہم رکھنے کا ہر منصوبہ شروع کیا گیا ہے۔ اجلاس میں سیکرٹری محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن عظمت محمود نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی۔ اجلاس میں سی ای او پی ایچ آئی ایم سی ڈاکٹر علی رزاق، سی ای او پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن ڈاکٹر ثاقب عزیز، ڈاکٹر زاہد پرویز، ڈاکٹر شجاعت علی، پروین آغا، ڈپٹی سیکرٹری محکمہ فنانس بلال و دیگر نے شرکت کی۔ ویڈیو لنک کے ذریعے ڈاکٹر عدنان خان، ممبر ہیلتھ پی اینڈ ڈی شفاعت علی، ڈائریکٹر پی آئی ٹی بی نوشین فیاض و دیگر افسران بھی شریک ہوئے۔

بقیہ بقیہ جات 54

خبر رساں ادارے کے مطابق انہوں نے مزید کہا کہ غزہ کی پٹی میں حماس کے خلاف اسرائیل کی حملوں میں نئی مہم اس وقت تک جاری رہے گی

بقیہ بقیہ جات 55

ملزمان ضلع فیصل آباد کے مختلف علاقوں میں موٹر سائیکل چوری کی وارداتیں کرتے رہے ہیں۔ ملزمان کے قبضہ سے کل نقدی 5 لاکھ 77 ہزار برآمد کر لی گئی۔ ملزمان موٹر سائیکل چوری کی متعدد وارداتوں کے مقدمات میں پولیس کو مطلوب تھے مزید انویسٹی گیشن جاری ہے۔

بقیہ بقیہ جات 56

ہے جبکہ عملی طور پر ان سرحدی علاقوں میں منشیات آئس، چرس، افیون وغیرہ دھڑلے سے فروخت اور اسمگل کی جا رہی ہے۔ ان منشیات فروشوں نے کئی گھرانے تباہ کر دیے ہیں، اسکول کالجز تک منشیات فروشی کی جا رہی ہے جس سے نوجوان نسل کا مستقبل داؤ پر لگایا جا رہا ہے۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ ہمارے قصور کے سرحدی دیہات بارڈر ایریا سے منشیات فروشی اور اسمگلنگ کرنے والے ذمہ دار عناصر کو نکیل نہیں ڈالی جائے گی تو یہ علاقے تباہ ہو جائیں گے، سرحدی علاقوں سے منشیات فروشی اور اسمگلنگ کا دھندہ بند کرنے کے لیے اے این ایف سخت آپریشن کرے۔

بقیہ بقیہ جات 57

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور، ریجنل پولیس آفیسر شیخوپورہ ریجن اطہر اسماعیل سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر متاثرہ شہریوں کو ریکوریاں دینے کیلئے اقدامات کئے جائیں اور ناقص کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کو ٹرمینیٹ کیا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 58

گیا ہے۔ حکام کے مطابق اندرون ملک کے لیے ٹرین سروس سکیورٹی کلیئرنس کے بعد بحال کی جائے گی۔ حکام کا کہنا ہے کہ چمن کے لیے پسنجر ٹرین پہلے ہی بحال کی جا چکی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 59

بیان کریں گے، بڑے بڑے شہروں میں مجالس عزاء منعقد ہوں گی اور تابوت کے ماتمی جلوس نکالے جائیں گے اس دوران عزادار زنجیر زنی کریں گے۔ علاوہ ازیں پرنٹ و الیکٹرانک میڈیا کے ذریعے سیرت حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور فضائل اجاگر کیے جائیں گے ملک بھر کے اخبارات یوم حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی مناسبت سے سپیشل ایڈیشن شائع کریں گے جبکہ سرکاری و نجی ٹی وی چینلز سے خصوصی پروگرام نشر کیے جائیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 60

چیکنگ کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نقل اور دھوکہ دہی میں ملوث افراد کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے گی، کیوآر کوڈ سکین ٹیکنالوجی سے نقل اور دھوکہ دہی کا راستہ بند کر دیا ہے، اب کوئی امیدوار کسی کی جگہ پرچہ نہیں دے سکتا، جعل سازی کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں یقینی بنائی جا رہی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 61

موبائل فونز کی درآمدات پر 1.148 ارب ڈالرز زرمبادلہ خرچ ہوا تھا، فروری 2025 میں موبائل فونز کی درآمدات کا حجم 133 ملین ڈالر ریکارڈ کیا گیا جو گزشتہ سال فروری کے 161 ملین ڈالر کے مقابلہ میں 18 فیصد کم ہے، جنوری کے مقابلہ میں فروری میں موبائل فونز کی درآمدات میں ماہانہ بنیادوں پر 1 فیصد کی کمی ہوئی۔ جنوری میں موبائل فونز کی درآمدات پر 134 ملین ڈالرز زرمبادلہ خرچ ہوا جو فروری میں کم ہو کر 133 ملین ڈالر رہ گیا۔ ادارہ شماریات کے مطابق مالی سال کے پہلے 8 ماہ میں ٹیلی کام مصنوعات کی درآمدات پر 1.366 ارب ڈالرز زرمبادلہ خرچ ہوا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے 1.434 ارب ڈالر کے مقابلہ میں 5 فیصد کم ہے۔

بقیہ بقیہ جات 62

کھرڑیانوالہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے بدنام زمانہ منشیات فروش ملزم شہزاد علی کو گرفتار کر لیا۔ ملزم کے قبضہ سے 01 کلو 150 گرام ہیروئن برآمد ہوئی۔ پولیس نے ملزمان کیخلاف مقدمہ درج کر لیا۔

بقیہ بقیہ جات 63

کہ وہ آئندہ جون میں سعودی ولی عہد کے ساتھ دو ریاستی حل پر ایک کانفرنس کی مشترکہ صدارت کریں گے، جس کا مقصد فلسطینیوں اور اسرائیلیوں کے لیے سیاسی افق کو بحال کرنا ہے۔ ایک اور تناظر میں انہوں نے اعلان کیا کہ میں نے سعودی ولی عہد سے فون کال کے دوران شام اور لبنان کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ فرانس اور سعودی عرب شام اور لبنان کے حوالے سے یکساں مقاصد رکھتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 64

خان نے بین الاقوامی سطح پر ملک کا نام روشن کیا، جب کہ شریف خاندان بدنامی کا سبب بن رہا ہے۔ برطانیہ کے سخت قوانین کے باوجود بھی یہ ٹیکس چوری سے باز نہیں آئے۔ بیرسٹر سیف کا کہنا تھا کہ آدھا خاندان لندن میں اور آدھا پاکستان میں ٹیکس چوری میں مصروف ہے۔ ٹیکس چوری کی وجہ سے پاکستان میں ان کا کاروبار بڑھتا جا رہا ہے، جب کہ دیگر سرمایہ کار دیوالیہ ہو رہے ہیں۔ شریف خاندان ماضی میں بھی منی لانڈرنگ میں ملوث رہا ہے، اس لیے یہ اس فن کے ماہر ہے۔ ترجمان کے پی حکومت کا کہنا تھا کہ پاکستان میں ٹیکس چوری اور قومی خزانے کو لوٹ کر منی لانڈرنگ کے ذریعے پیسہ بیرون ملک منتقل کرنا ان کا وتیرہ ہے۔ قومی خزانے کو لوٹ کر لندن اور دیگر ممالک میں جائیدادیں بنائی جاتی ہیں۔ حکمرانی پاکستان میں ہے، مگر جائیدادیں بیرون ملک بنائی جا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکس چور اور کرپٹ لوگ کبھی بھی قومی خدمت میں کامیاب نہیں ہو سکتے۔ قوم کرپٹ ٹولے سے نالاں ہیں، ان کے ہوتے ہوئے قومی ترقی ناممکن ہے۔

بقیہ بقیہ جات 65

بیرکوں میں تبدیل کیا۔ جنین کیمپ کے اندر سے شدید فائرنگ اور دھماکوں کی آوازیں سنی گئیں۔ اسرائیلی فورسز نے جنین کیمپ میں بلڈوزروں کے ساتھ فوجی کمک بھیجی، جب کہ کیمپ میں بلڈوزنگ، سڑکوں کو اکھاڑنے کی سرگرمیاں جاری ہیں۔ اسرائیل نے 58 دنوں کے دوران جنین گورنری سے تقریباً 227 شہریوں کو گرفتار کیا، جبکہ گرفتاری کے فوری بعد موقع پر تفتیش بھی کی گئی۔ جنین میونسپلٹی نے تصدیق کی کہ اسرائیلی فوج نے جنین کیمپ کی 100 فی صد گلیوں اور جنین شہر کی تقریباً 80 فیصد سڑکوں کو مسمار کر دیا ہے، جب کہ کیمپ میں موجود 3,200 گھروں کے مکینوں کو بے گھر کر دیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 66

مالی سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 25 فیصد زیادہ ہے۔ گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں ٹیکنالوجی خدمات کی برآمدات سے ملک کو 1.978 ارب ڈالر کا زرمبادلہ حاصل ہوا تھا۔ فروری میں ٹیکنالوجی خدمات کی برآمدات کا حجم 305 ملین ڈالر ریکارڈ کیا گیا جو گزشتہ سال فروری کے 257 ملین ڈالر کے مقابلے میں 19 فیصد زیادہ ہے۔ جنوری کے مقابلے میں فروری میں ٹیکنالوجی خدمات کی برآمدات میں ماہانہ بنیادوں پر 3 فیصد کی کمی ہوئی ہے۔ جنوری میں ٹیکنالوجی خدمات کی برآمدات کا حجم 313 ملین ڈالر ریکارڈ کیا گیا جو فروری میں کم ہو کر 305 ملین ڈالر ہو گیا۔ واضح رہے کہ مالی سال کے پہلے آٹھ ماہ میں خدمات شعبے کی مجموعی برآمدات سے ملک کو 5.459 ارب ڈالر کا زرمبادلہ حاصل ہوا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے 5.150 ارب ڈالر کے مقابلے میں 6 فیصد زیادہ ہے۔

بقیہ بقیہ جات 67

نامعلوم کے ہمراہ ہوٹل پر چائے پیتے ہوئے ہسپتال کے ملازم محمد ریاض کو بلوا کر تشدد کا نشانہ بنا ڈالا اور فرار ہو گئے جس پر زخمی ملازم کو ہسپتال منتقل کر کے تھانہ بھیرہ پولیس نے ہسپتال مالک اطہر غفور کی مدعیت میں تشدد کرنے والے کورٹ اہلکار اور اس کے ساتھیوں کے خلاف مقدمہ درج کر لیا اور مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ بقیہ جات 68

سے دہشت گردی کا خاتمہ کیا جائے، حالیہ دہشت گردی میں قربانیاں دینے والے ہمارے ماتھے کا جھومر ہیں، پاکستان کو شدت پسندی کی نئی لہر کا سامنا ہے، افواج پاکستان کو دہشت گردی کے خلاف جن چیلنجز کا سامنا ہے مرکزی علما کونسل پاکستان اس میں اپنے سکیورٹی فورسز کے اداروں کے شانہ بشانہ ہے اور ہم سیاسی و عسکری قیادت کی جانب سے دہشت گردوں کیساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹنے کے فیصلے کی تائید کرتے ہیں۔ مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت رمضان المبارک میں خصوصی طور پر نماز تراویح اور جمعہ کے اجتماعات کو فول پروف سکیورٹی فراہم کرے۔ ملک بھر میں علما کی ٹارگٹ کلنگ قابل مذمت ہے، ان کے قاتل گرفتار کئے جائیں اور علما کرام سمیت ہر شہری کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 69

اور ہتھاپائی میں فائرنگ سے پی ایس پی اہلکار راو جمیل حماد علی خان بائیں ٹانگ پر فائر لگنے سے شدید زخمی ہو گیا جس کو ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کر دیا گیا اور ڈرائیورز گاڑیاں چھوڑ کر فرار ہو گئے تلاش جاری ہے۔ میانوالی پولیس وقوعہ پر مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ بقیہ جات 70

پر مکمل درآمد کرنے اور معاہدے کے دوسرا مرحلہ شروع کرنے کا پابند بنایا جائے۔ فائر بندی معاہدہ 19 جنوری سے نافذ العمل ہوا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 71

پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے مسلم لیگ نون کی پالیسی ہی میرٹ اور صرف میرٹ ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال اور میونسپل سٹیڈیم سانگلہ ہل کا دورہ کرنے کے بعد میڈیا کے ساتھ بات چیت کرتے ہوئے کیا دورے کے دوران اسسٹنٹ کمشنر ظہیر الدین بابر، ایم ایس اور ڈی ایم ایس ڈاکٹر طارق کاہلوں، لیگی ورکروں ہسپتال کا سٹاف بھی ہمراہ تھے چوہدری علی طارق چیمہ نے مزید کہا کہ تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں ادویات اور ڈاکٹرز کی کمی کو جلد پورا کر لیا جائے گا کیونکہ مسلم لیگ نون کا ویژن ہی غریب عوام کی خدمت اور ملکی ترقی ہے۔

بعدالت جناب قیصر عباس جسپال
صاحب نائب تحصیلدار / ریونیو آفیسر
حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع چک نمبر 2 جنوبی متوفی محمد اکرم ولد غلام نبی

وارثان غلام نبی والد، فاطمہ والدہ پہلے فوت شدہ زندہ منظوراں بی بی بیوہ محمد اسلم برادر، مصباح عظمیٰ اکرم، تنزیلہ اکرم، نمرہ اکرم، عقیلہ اکرم دختران متوفی ہیں۔ اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا۔ دستخط و مہر عدالت ہذا سے جاری ہوا۔

ٹیکس چور اور کرپٹ لوگ کبھی قومی یکجہتی قائم نہیں کر سکتے، بیرسٹر سیف

برطانیہ میں سخت قوانین کے باوجود بھی یہ ٹیکس چوری سے باز نہیں آئے، شریف خاندان بدنامی کا سبب بن رہا ہے، مشیر اطلاعات

شریف خاندان کا فرزند حسن نواز لندن میں بھی ٹیکس ڈیفالٹر قرار پایا، شریف خاندان اب بین الاقوامی سطح پر بھی ٹیکس چور ثابت ہو رہا ہے

پشاور (این این آئی) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر سیف نے کہا ہے کہ ٹیکس چور اور کرپٹ لوگ کبھی قومی یکجہتی قائم نہیں کر سکتے۔ اپنے بیان میں صوبائی مشیر نے کہا کہ شریف خاندان کا فرزند حسن نواز لندن میں بھی ٹیکس ڈیفالٹر قرار پایا۔ شریف خاندان اب بین الاقوامی سطح پر بھی ٹیکس چور ثابت ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ لوگ بیرون ملک جا کر اپنے ملک کے لیے نیک نامی کماتے ہیں، مگر یہ ملک کا نام بدنام کر رہے ہیں۔ عمران خان نے بین الاقوامی سطح پر ملک کا نام روشن کیا، جب کہ شریف خاندان بدنامی کا سبب بن رہا ہے۔ برطانیہ کے سخت قوانین کے باوجود بھی یہ ٹیکس چوری سے باز نہیں آئے۔ بیرسٹر سیف کا کہنا تھا کہ آدھا خاندان لندن میں اور آدھا پاکستان میں ٹیکس چوری میں مصروف ہے۔ ٹیکس چوری کی وجہ سے پاکستان میں ان کا کاروبار بڑھتا جا رہا ہے، جب کہ دیگر سرمایہ کار (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 64)

عید پر پولیو وائرس کی روک تھام کیلئے قطرے پلانے کا پلان مرتب کر لیا گیا، عدیل تصور

پلان کی منظوری انسداد پولیو پروگرام سربراہ عدیل تصور کی جانب سے دی گئی ہے، پلان کے تحت پنجاب کے 13 اضلاع میں مخصوص مقامات پر پولیو ٹیمیں تعینات کی جائیں گی

پولیو ٹیموں کو لاہور، راولپنڈی، اٹک، میانوالی، ملتان، فیصل آباد، سیالکوٹ، گجرانوالہ، رحیم یار خان، اوکاڑہ، ساہیوال، راجن پور، ڈیرہ غازی خان، سرگودھا میں تعینات کیا جائے

لاہور (خبر نگار) عید پر پولیو وائرس کی روک تھام کے لئے قطرے پلانے کا پلان مرتب کر لیا گیا ہے۔ پلان کے تحت سفر کرنے والے بچوں کو قطرے پلائے جائیں گے۔ پلان کے تحت پنجاب سے باہر جانے والے اور داخل ہونے والے بچوں کو قطرے پلائے جائیں گے۔ پلان کی منظوری انسداد پولیو پروگرام سربراہ عدیل تصور کی جانب سے دی گئی ہے۔ پلان کے تحت پنجاب کے 13 اضلاع میں مخصوص مقامات پر پولیو ٹیمیں تعینات کی جائیں گی۔ پولیو ٹیموں کو بس اڈوں، ریلوے اسٹیشنز، ہسپتالوں اور شاپنگ سنٹروں پر تعینات کیا جائے گا۔ پولیو ٹیموں کو لاہور، راولپنڈی، اٹک، میانوالی، ملتان، فیصل آباد، سیالکوٹ، گجرانوالہ، گجرات، بہاولپور، رحیم یار خان، اوکاڑہ، ساہیوال، راجن پور، ڈیرہ غازی خان، سرگودھا میں تعینات کیا جائے گا۔ ٹیموں کی تعیناتی 22 مارچ سے کی جائے گی اور پولیو ٹیموں کو 20 دن (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 51)

اسلام آباد: یو این کے ریذیڈنٹ کوآرڈینیٹر محمد یحییٰ پینٹنگ کی نمائش کا افتتاح کر رہے ہیں

افغان سٹیزن کارڈ ہولڈرز کی واپسی، تعلیمی اداروں سے طلبہ کا مکمل ڈیٹا طلب

نجی، سرکاری تعلیمی اداروں کو ایک ہفتے کے اندر افغان طلبہ کا مکمل ڈیٹا فراہم کرنے کی ہدایات جاری

لاہور (این این آئی) حکومت نے افغان سٹیزن کارڈ ہولڈرز کو واپس بھیجنے کے معاملے پر تعلیمی اداروں سے افغان طلبہ کا مکمل ڈیٹا طلب کر لیا۔ اس سلسلے میں ایک باقاعدہ فارم بھی جاری کیا گیا ہے جس میں ہر افغان طالبعلم کے ضلع، اسکول اور دیگر بنیادی معلومات درج کرنا لازمی قرار دیا گیا ہے۔ فارم میں زیر تعلیم طالبات اور طلبہ کی دیگر اہم تفصیلات بھی فراہم کرنے کی ہدایت دی گئی ہے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 41)

عظمیٰ بخاری کی چیئرمین استحقاق کمیٹی سمیع اللہ خان کے ہمراہ نصیبو لال کے گھر آمد

نصیبو لال کی خیریت دریافت کی اور ان کو وزیر اعلیٰ کی طرف سے پھولوں کا گلدستہ پیش کیا

لاہور (خبر نگار) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری، چیئرمین استحقاق کمیٹی سمیع اللہ خان کے ہمراہ معروف گلوکارہ نصیبو لال کے گھر پہنچیں۔ انہوں نے نصیبو لال کی خیریت دریافت کی اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی جانب سے نیک تمناؤں کے ساتھ پھولوں کا گلدستہ پیش کیا۔ عظمیٰ بخاری نے نصیبو لال کو یقین دلایا کہ حکومت پنجاب فنکاروں کی فلاح و بہبود کے لیے ہر ممکن تعاون (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 52)

وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری گلوکار نصیبو لال کو وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی طرف سے پھولوں کا گلدستہ پیش کر رہی ہیں، سمیع اللہ خان بھی ہمراہ ہیں

لاہور: الحمراء میں رمضان المبارک کی مناسبت سے نعتیہ مشاعرہ میں نامور شعراء کرام شریک ہیں

نوجوانوں میں کاروباری صلاحیتوں کو فروغ دینا ناگزیر ہے، ڈاکٹر عمران پاشا

ترقی یافتہ ممالک بھی کاروباری صلاحیتوں کو فروغ دیتے ہوئے انٹر پرینیور شپ کی طرف راغب کرتے ہیں

مکوآنہ (این این آئی) بڑھتی ہوئی بے روزگاری اور برین ڈرین کی صورتحال کے پیش نظر نوجوانوں میں کاروباری صلاحیتوں کو فروغ دینا ناگزیر ہے تاکہ تربیت یافتہ نوجوان نسل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 46)

مزید یرغمالیوں کو رہا کر دیا جائے تو مذاکرات ہو سکتے ہیں، اسرائیل

تمام مغویوں کی رہائی تک اسرائیل کی حملوں کی نئی مہم جاری رہے گی، عہدیدار کی گفتگو

تل ابیب (این این آئی) ایک اسرائیلی عہدیدار نے تصدیق کی ہے کہ اگر حماس مزید یرغمالیوں کے حوالے کرنے پر راضی ہوتی ہے تو تل ابیب نے مذاکرات کا دروازہ بند نہیں کیا ہے۔ امریکی نشریاتی ادارے کے مطابق انہوں نے مزید کہا کہ غزہ کی پٹی میں حماس کے خلاف اسرائیلی حملوں کی نئی مہم اس وقت تک جاری رہے گی جب تک باقی تمام مغویوں کو رہا نہیں کر دیا جاتا ہے۔ امریکی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 54)

بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے دفاتر بند کر کے سروے سسٹم کیلئے ایپ جاری کی جائے، شہریوں کا مطالبہ

چوکی (این این آئی) چوکی سمیت پنجاب بھر میں بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے دفاتر بند کر کے سروے سسٹم کیلئے ایپ جاری کی جائے شہریوں کا چیئر پرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد سے مطالبہ۔ چوکی، چونیاں، قصور بھر میں قائم بینظیر انکم سپورٹ پروگرام دفاتروں میں بزرگ خواتین کبھی پیسوں کے سلسلہ میں تو کبھی سروے کروانے کیلئے سلسلہ میں دھکے کھاتی نظر آتی ہیں لیکن اس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 39)

ٹیکنالوجی خدمات کی برآمدات میں جاری مالی سال کے پہلے ماہ میں 25 فیصد کا اضافہ

مکوآنہ (این این آئی) ٹیکنالوجی خدمات کی برآمدات میں جاری مالی سال کے پہلے ماہ میں سالانہ بنیادوں پر 25 فیصد کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ سٹیٹ بنک کی جانب سے جاری کردہ اعداد وشمار کے مطابق جولائی سے فروری 2025 تک کی مدت میں ٹیکنالوجی خدمات کی برآمدات سے ملک کو 2.482 ارب ڈالر کا زرمبادلہ حاصل ہوا جو گزشتہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 66)

سرگودھا ریجن میں نان کسٹم گاڑی کو روکنے پر ڈرائیورز سے تلخ کلامی پر فائرنگ سے پی سی ملازم شدید زخمی

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا ریجن میں نان کسٹم گاڑی کو روکنے پر ڈرائیورز سے تلخ کلامی پر فائرنگ سے پی سی ملازم شدید زخمی ہو گیا جس کو ہسپتال منتقل کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا ریجن کے علاقہ میانوالی میں جناح بیراج پر نان کسٹم گاڑی روکنے پر سرکاری ملازمین اور ڈرائیورز میں تلاخ کلامی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 69)

صبر و تحمل، ثابت قدمی پر قائم کارکنان کو سلام پیش کرتے ہیں، برجیس طاہر

میاں نواز شریف، شہباز شریف اور مریم نواز شریف پارٹی کارکنان کے ساتھ کھڑے ہیں

حکومت عوامی احساس محرومی کو ختم کر کے سہولتیں فراہم کر رہی ہے، سابق وفاقی وزیر کی گفتگو

ننکانہ صاحب (این این آئی) مرکزی نائب صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) (سابق گورنر وفاقی وزیر امور کشمیر گلگت بلتستان چوہدری محمد برجیس طاہر کا کہنا ہے کہ صبر و تحمل ثابت قدمی اور مستقل مزاجی پر قائم رہنے والے کارکنان کو سلام پیش کرتے ہیں۔ میاں محمد نواز شریف کی قیادت میں وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف ہر لمحہ کارکنان کے ساتھ کھڑے ہیں انہوں نے کہا ثابت قدمی اور مستقل مزاجی سے پارٹی کا ساتھ دینے والے ڈسپلن اور لا اینڈ ریگولیشن پر قائم رہتے ہوئے مشکل وقت میں پارٹی کا ساتھ دینے والے ہمارے ماتھے کا جھومر ہیں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 50)

لاہور: ایل ڈبلیو ایم سی کی غفلت کے باعث بادامی باغ کے علاقے میں گندگی پھیلی ہوئی ہے

دکھی انسانیت کے زخموں پر مرہم رکھنے کا ہر منصوبہ شروع کیا گیا ہے: خواجہ سلمان رفیق

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت پنجاب ہیلتھ انشی ایٹو مینجمنٹ کمپنی میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کا 93 واں اجلاس منعقد

اجلاس کے دوران پنجاب ہیلتھ انشی ایٹو مینجمنٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے 92 ویں اجلاس کے منٹس کی منظوری دی گئی

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت پنجاب ہیلتھ انشی ایٹو مینجمنٹ کمپنی میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کا 93 واں اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کے دوران پی ایچ آئی ایم سی کے مختلف ایجنڈے پیش کئے گئے۔ اجلاس کے دوران پنجاب ہیلتھ انشی ایٹو مینجمنٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے 92 ویں اجلاس کے منٹس کی منظوری دی گئی۔ اجلاس کے دوران چیف منسٹرز چلڈرن ہارٹ سرجری پروگرام، چیف منسٹرز ڈائیلسز پروگرام اور چیف منسٹرز سپیشل انشی ایٹو فار ٹرانسپلانٹ پروگرام کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران چیف منسٹرز چلڈرن ہارٹ سرجری پروگرام (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 53)

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق پنجاب ہیلتھ انشی ایٹو مینجمنٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے 93 ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

قصور کے سرحدی علاقے میں ڈرون کے ذریعے منشیات بآسانی اسمگل ہونے لگی

پولیس کارکردگی صرف کاغذی کارروائی تک محدود ہو کر رہ گئی' عوامی حلقوں کا فوری نوٹس کا مطالبہ

لاہور (این این آئی) قصور گنڈا سنگھ منڈی عثمان والا کے گرد ونواح سرحدی دیہات بارڈر ایریا میں منشیات کی اسمگلنگ کا دھندہ عروج پر پہنچ گیا، ڈرون کے ذریعے بارڈر پار ہیروئن اسمگل کی جا رہی ہے۔ پولیس کارکردگی صرف کاغذی کارروائی تک محدود ہو کر رہ گئی، فرضی پریس ریلیز جاری کر کے ڈنگ ٹپاؤ پر کام چلایا جا رہا ہے، بااثر افراد سرحد پار سے ڈرون کے ذریعے بارڈر کراسنگ پوائنٹس پر منشیات اسمگل کر رہے ہیں۔ پولیس صرف روزمرہ کی پریس ریلیز جاری کرنے پر اپنا وقت صرف کرتی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 56)

ملک میں رواں ماہ مہنگائی ایک فیصد تک محدود رہنے کا امکان

مہنگائی کی یہ شرح تین دہائیوں کی کم ترین سطح ہے' ٹاپ لائن ریسرچ

لاہور (این این آئی) ملک میں رواں ماہ مہنگائی ایک فیصد تک محدود رہنے کا امکان ہے ملک میں مہنگائی کی یہ شرح تین دہائیوں کی کم ترین سطح پر ہے۔ گزشتہ ماہ 1.52 فیصد رہنے والی مہنگائی کی شرح مزید کم ہو کر رواں ماہ 0.5 سے ایک فیصد تک محدود رہنے کا امکان ہے۔ ٹاپ لائن ریسرچ کے مطابق پاکستان میں مہنگائی کی یہ شرح گزشتہ 30 سال کی کم ترین سطح ہے البتہ خوراک کی مہنگائی میں 2.5 فیصد اضافے کا خدشہ ظاہر کیا گیا ہے۔ سی ای او ٹاپ ریسرچ محمد سہیل کے مطابق 9 ماہ میں مہنگائی کی اوسط شرح 5.38 فیصد تک رہنے کا امکان ہے۔ گزشتہ مالی سال اسی مدت میں مہنگائی کی شرح (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 48)

عمران، نواز اور زرداری مل بیٹھ کر قومی حکومت بنائیں: فواد چوہدری

قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس میں بانی پی ٹی آئی کو نہیں بلایا گیا اور نواز شریف کا اجلاس میں نہ آنا اچھا نہیں' گفتگو

سانحہ اے پی ایس کے بعد راحیل شریف نے جیسے قوم کو اکٹھا کر لیا تھا آج اسی اتحاد کی ضرورت ہے: سابق وفاقی وزیر

لاہور (این این آئی) سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری نے تجویز دی ہے کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان، نواز شریف اور آصف زرداری مل بیٹھ کر قومی حکومت بنائیں۔ لاہور میں انسداد دہشتگردی عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو میں فواد چوہدری نے کہا کہ قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس میں بانی پی ٹی آئی کو نہیں بلایا گیا، سانحہ اے پی ایس کے بعد راحیل شریف نے جیسے قوم کو اکٹھا کر لیا تھا آج اسی اتحاد کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 47)

لاہور: سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو نبیل ریونیو کولیکشن اہداف بارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پی ٹی آئی کی ٹرمپ انتظامیہ سے لگائی امید مایوسی میں بدل گئی، گورنر سندھ

ٹرمپ کے گھٹنوں پر ہاتھ رکھنے کی بجائے معافی مانگیں، یہ ایک کروڑ لوگوں کی بددعائیں ہیں جو نوکری کے آسرے میں تھے، گفتگو

کامران خان ٹیسوری نے ایک نمائشی پوسٹ کو عوامی عہدہ بنا دیا' ایم کیو ایم کا گورنر آج عوامی گورنر کا ٹائٹل رکھتا ہے' فاروق ستار

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی نے ٹرمپ انتظامیہ سے جو امید لگائی تھی وہ مایوسی میں بدل گئی ہے۔ کراچی میں گورنر سندھ نے ڈاکٹر فاروق ستار اور دیگر منتخب نمائندوں کے ہمراہ سرجانی ٹاؤن میں سحری کی، گورنر سندھ کا استقبال شاندار آتشبازی سے کیا گیا۔ گورنر سندھ نے کہا کہ عمران خان آخری عشرے میں اللہ کے حضور معافی مانگیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی ٹرمپ کے گھٹنوں پر ہاتھ رکھنے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 35)

اسلام آباد: خواتین چائنیز آرٹسٹ پروفیسر ژو کی پینٹنگز میں دلچسپی لے رہی ہیں

مولانا حامد الحق حقانی شہید کے قاتلوں کا گرفتار نہ ہونا لمحہ فکریہ ہے' جے یو آئی

آئے روز علماء کی مسلسل شہادتیں کسی بڑے طوفان کا پیش خیمہ نظر آ رہی ہیں

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (س) پنجاب کے امیر پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظم اعلیٰ مولانا ایوب خان، مرکزی سالار و امیر لاہور مولانا قاری اعظم حسین، ناظم اعلیٰ لاہور مولانا طیب عثمان الحسینی، سیکرٹری اطلاعات لاہور قاری رحمت اللہ لاشاری، پیر اکبر ساقی، مولانا عرفان شاکر، مولانا عبد الجبار، مولانا عبید اللہ بھکروی، مولانا صلاح الدین ایوبی ودیگر نے صاحبزادہ مولانا عبدالحق ثانی کو بلا مقابلہ مرکزی امیر، مولانا مفتی حبیب الرحمن درخواستی کو سرپرست اعلیٰ اور صاحبزادہ مولانا خزیمہ سمیع کو مرکزی سیکرٹری اطلاعات منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں نو منتخب قیادت پر مکمل اعتماد ہے ان شاء اللہ وہ مولانا سمیع الحق شہید اور مولانا حامد الحق حقانی شہید کے مشن پر گامزن (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 34)

منشیات اسمگلنگ کیخلاف کارروائی، غیر ملکی سمیت 9 ملزمان گرفتار

1 کروڑ 48 لاکھ سے زائد مالیت کی 176.315 کلوگرام منشیات برآمد: ترجمان اے این ایف

ملتان' کراچی (این این آئی) اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) نے منشیات اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن میں غیر ملکی سمیت 9 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق مختلف کارروائیوں میں 1 کروڑ 48 لاکھ سے زائد مالیت کی 176.315 کلوگرام منشیات برآمد کی گئی۔ ملتان میں شجاع آباد روڈ کے قریب ملزم کے قبضے سے 715 گرام آئس برآمد ہوئی۔ گرفتار ملزم نے تعلیمی اداروں کے طلباء کو منشیات فروخت کرنے کا اعتراف کیا۔ سپر ہائی وے کراچی میں سبزی منڈی کے قریب ٹرک میں چھپائی گئی 106.8 کلوگرام چرس برآمد کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔ پبی نوشہرہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 36)

لاہور: خواتین انار کلی مارکیٹ سے عید الفطر کی مناسبت سے خرادری کر رہی ہیں

حالات کا تقاضہ ہے ملک میں گریٹر ڈائیلاگ کا آغاز کیا جائے، میاں زاہد ندیم

داخلی تحفظ یقینی بنانے اور بیرونی خطرات سے نمٹنے کیلئے آزاد وخود مختار اور جامع پالیسی بنائی جائے

ننکانہ صاحب (این این آئی) جماعت اسلامی ننکانہ کے ضلعی نائب امیر میاں زاہد ندیم نے کہا کہ خیبر پختونخوا اور بلوچستان کی سنگین صورتحال اور موجود حالات کا تقاضہ ہے کہ ملک میں گریٹر ڈائیلاگ کا آغاز کیا جائے، داخلی تحفظ یقینی بنانے اور بیرونی خطرات سے نمٹنے کیلئے آزاد وخود مختار اور جامع پالیسی بنائی جائے، فوج اور عوام کے درمیان بڑھتے فاصلے کم کیے جائیں، پاکستان اور افغانستان کے درمیان کشیدگی نہ صرف پورے خطے بلکہ افغانستان اور پاکستان دونوں کے لیے نقصان دہ ہے، دونوں ممالک کے درمیان ہر صورت میں بات چیت ناگزیر ہے، افغانستان اور پاکستان دونوں کے حق میں یہ ہی بہتر کہ افغانستان کی سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال نہ ہو، افغان حکومت کی ذمہ داری ہے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 42)

سیاسی اختلافات اپنی جگہ لیکن ہمیں ملک کیلئے متحد ہونا ہوگا، اعجاز چوہدری

ہم اپنی فوج اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی قربانیوں کو سلام پیش کرتے ہیں، رہنما پیپلز پارٹی

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے ضلعی صدر محمد اعجاز چوہدری نے کہا ہے کہ سیاسی اختلافات اپنی جگہ لیکن ہمیں ملک کیلئے متحد ہونا ہوگا، سیاسی باتیں اور اختلافات چلتے رہتے ہیں، فوج کی دہشت گردی کے خلاف قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، ہمیں اس وقت آپس کے اختلاف کو ختم کرتے ہوئے ملکی استحکام کیلئے مل کر آگے بڑھنا ہوگا' سیاسی قیادت اور قوم کو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 44)

حافظ حسین احمد کی وفات سے جماعت مخلص رہنما سے محروم ہوگئی' جے یو آئی

ان کی کمی کو ہمیشہ محسوس کیا جاتا رہے گا، مرحوم تاریخ میں ہمیشہ زندہ رہیں گے

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر ہمنڈ، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ حافظ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 45)

کوئٹہ سے اندرونِ ملک کیلئے ٹرین سروس 9 روز سے معطل

اندرونِ ملک کے لیے ٹرین سروس سکیورٹی کلیئرنس کے بعد بحال کی جائے گی، حکام

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ سے اندرونِ ملک کے لیے ٹرین سروس 9 روز سے معطل ہے۔ ریلوے حکام کے مطابق ضلع کچھی میں 11 مارچ کو دہشت گردی سے متاثرہ ریلوے ٹریک کی مرمت ہو چکی ہے، دہشت گرد حملے میں جعفر ایکسپریس کی متاثرہ بوگیوں کی مرمت کا کام بھی مکمل ہو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 58)

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ننکانہ کے مختلف امتحانی سنٹرز کے اچانک دورے

نقل کی روک تھام، سکیورٹی روشنی سمیت انتظامات کا جائزہ لیا، جعل سازی نہیں ہو سکے گی

ننکانہ صاحب (این این آئی) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ننکانہ صاحب میاں محمد خالد محمود نے مختلف امتحانی سنٹرز کے اچانک دورے کئے، کیو آر کوڈ سکین کر کے امیدواروں کی شناخت چیک کی، ڈی ای او نے نقل کی روک تھام، سکیورٹی روشنی سمیت کے انتظامات کا جائزہ لیا، انہوں نے دوران (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 60)

اسلام آباد: 23 مارچ یوم پاکستان کی مناسبت سے پریذیڈنٹ ہاؤس کو سجایا گیا ہے

امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا یوم شہادت 22 مارچ کو نہایت عقیدت و احترام کے ساتھ منایا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا یوم شہادت 21 رمضان المبارک بمطابق 22 مارچ کو نہایت عقیدت واحترام کے ساتھ منایا جائے گا یوم شہادت کے سلسلے میں فیصل آباد سمیت ملک بھر کے تمام چھوٹے بڑے شہروں کی مساجد میں منعقدہ تقریبات کے دوران علماء وخطیب حضرات حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی دین اسلام کی آبیاری کیلئے پیش کی گئی عظیم قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کریں گے جبکہ امام بارگاہوں میں مجالس عزاء منعقد ہونگی جہاں علماء وذاکرین فلسفہ شہادت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 59)

موبائل فونز کی درآمدات میں جاری مالی سال کے پہلے 8 ماہ میں 13 فیصد تک کی کمی

مکوآنہ (این این آئی) موبائل فونز کی درآمدات میں جاری مالی سال کے پہلے 8 ماہ میں سالانہ بنیادوں پر 13 فیصد کی کمی ہوئی ہے۔ سٹیٹ بینک کی جانب سے جاری اعداد وشمار کے مطابق جولائی سے لیکر فروری 2025 تک کی مدت میں موبائل فونز کی درآمدات پر ایک ارب ڈالرز زرمبادلہ خرچ ہوا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلہ میں 13 فیصد کم ہے، گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 61)

فیصل آباد پولیس نے 2 منشیات فروش گرفتار کر کے لاکھوں روپے مالیت کی ہیروئن برآمد کر لی

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد پولیس نے 2 منشیات فروش گرفتار کر کے لاکھوں روپے مالیت کی ہیروئن برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق فیصل آباد پولیس نے 2 منشیات فروش گرفتار کر کے لاکھوں روپے مالیت کی 3 کلوگرام ہیروئن برآمد کر لی۔ تھانہ ستیانہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے منشیات فروش ملزم سجاد علی کو گرفتار کر لیا۔ ملزم کے قبضہ سے ہیروئن 1850 گرام برآمد کر لی۔ تھانہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 62)

فرانس کی غزہ کی پٹی پر اسرائیلی حملوں کی دوبارہ شروعات کی مذمت

یوکرین کے مذاکرات پر سعودی ولی عہد کے اقدام کا خیر مقدم کرتے ہیں، فرانسیسی صدر

پیرس (این این آئی) فرانسیسی صدر عمانویل میکروں نے کہا ہے کہ انہوں نے سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان سے بات چیت کی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ایکس پلیٹ فارم پر ایک پوسٹ میں صدر میکروں نے جدہ میں یوکرین پر مذاکرات کرنے کے لیے سعودی ولی عہد کے اقدام کا فرانس کی جانب سے خیر مقدم کیا۔ انہوں نے کہا کہ میں نے ابھی سعودی عرب کے ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان سے بات کی۔ میں نے ان کے جدہ اقدام کا خیر مقدم کیا، جس نے یوکرین میں امن مذاکرات کے آغاز کو ممکن بنایا۔ انہوں نے مزید کہا کہ وہ غزہ کی پٹی پر اسرائیلی حملوں کی دوبارہ شروعات کی مذمت کرتے ہیں۔ صدر عمانویل میکروں نے ہم غزہ سے متعلق منصوبے کے حوالے سے سعودی عرب اور عرب ممالک کی کوششوں کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 63)

اسلام آباد: ایک موٹر سائیکل سوار نے شیر کے منہ والا ہیلمٹ پہنا ہوا ہے

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔ آفس نمبر 2 ابا سین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

روزنامہ قوت
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
لاہور
ایڈیٹر امداد اللہ قریشی
23 MARCH
PAKISTAN DAY
یوم پاکستان

یوم جمہوریہ پاکستان 23 مارچ کے عظیم الشان موقع پر روزنامہ "قوت" خصوصی اشاعت کا اہتمام کر رہا ہے۔ تمام نمائندگان اپنے اشتہارات، انٹرویوز 21 مارچ 2025 تک ادارہ ہذا کو میل کر دیں تاکہ اچھی کوریج دی جا سکے۔

انچارج نمائندگان: محمد اکرام اعوان
Dailyquwat786@gmail.com
PH:0302-1228000 / 0322-4181870